سلسلہ
مواعظ حسنہ نمبر ۴

علاج الغضب

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

کتب خانہ مظہری
گلشن اقبال ۲ پوسٹ بکس ۱۱۱۸۲
کراچی فون ۴۶۸۱۱۲ ۴۹۹۲۱۷۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عِلاجُ الغضب

یہ وعظ مسمّٰی بہ علاج الغضب حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم کے تین مواعظ کا مجموعہ ہے۔ پہلا وعظ ۲۹ شوال المکرم سنہ ۱۴۰۷ھ مطابق ۲۶ جون سنہ ۱۹۸۶ء بروز جمعہ صبح ۱۱ بجے، مسجد اشرف خانقاہ امدادیہ اشرفیہ گلشن اقبال نمبر ۲ کراچی میں ہُوا۔

دوسرا وعظ ڈیرہ غازی خان میں غالباً ۹ جمادی الثانی سنہ ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۸۸ء کو ہُوا جب کہ سفر حضرت اقدس مولانا شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم کے ہمراہ لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، ڈیرہ غازی خان، مُلتان، پشاور وغیرہ کا ہوا تھا۔ اور تیسرا وعظ اسی موضوع پر ۳۰ رمضان المبارک سنہ ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷ مئی سنہ ۱۹۸۸ء بروز منگل بعد نماز فجر مسجد اشرف خانقاہ امدادیہ اشرفیہ میں بیان فرمایا۔ ان تینوں مواعظ کو جمع کر دیا گیا ہے جو نہایت عجیب و غریب نافع مضامین کا مجموعہ ہے اور غصہ کی بیماری کی اصلاح کے لئے ایک نسخۂ کیمیاء۔ حق تعالیٰ شرفِ قبول عطا فرمادیں اور امتِ مسلمہ کے لئے نافع فرمادیں۔ احادیث وغیرہ کے حوالے بین القوسین دے گئے ہیں۔ اس رسالہ کے مسودہ کو حضرتِ والا نے ابتداء تا انتہا خود مطالعہ فرمایا ہے۔

جامع و مرتب

یکے از خدام حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (القرآن)

اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں اپنے خاص بندوں کی تین علامتیں بیان کی ہیں۔

۱: جو لوگ کہ غصہ کو پی جاتے ہیں
۲: ہمارے بندوں کی خطاؤں کو معاف کر دیتے ہیں اور
۳: صرف معاف ہی نہیں کرتے بلکہ ان پر کچھ احسان بھی کر دیتے ہیں تو ایسوں کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے۔

اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے انسان کی ایک خطرناک بیماری کا علاج بھی ان آیات میں بیان فرمایا ہے۔ "وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ" اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ بندے جو غصہ کو پی جاتے ہیں۔ الکاظمین کے معنی ہیں الذین یکظمون الغیظ۔ اسم فاعل پر جب الف لام داخل ہوتا ہے تو معنی میں اسم موصول کے ہو جاتا ہے۔ تو معنی یہ ہوئے کہ وہ لوگ جو غصہ کو ضبط کر لیتے ہیں غصہ آنا برا نہیں ہے غصہ کا بے جا استعمال برا ہے۔ اگر غصہ کا مادہ برا ہوتا تو قرآن میں الکاظمین الغیظ کے بجائے العادمین الغیظ نازل ہوتا۔ جس کے معنی ہوتے کہ وہ لوگ جو غصہ کو معدوم و مفقود و فنا کر دیتے ہیں مفسرین

فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے العادمین الغیظ نازل نہیں فرمایا اس لئے کہ غصہ کا عدم مراد نہیں ہے اگر غصہ معدوم ہو جائے تو کفار سے مقابلہ کے وقت جہاد کیسے کرے گا؟ غصہ رہے، وہ تو اللہ نے رکھا ہے لیکن غصہ کے موقع پر اس کا استعمال کرے، مثلاً جہاد ہو رہا ہے اب خدا کے دشمنوں کے خلاف غصہ استعمال کرو، اس وقت اگر کوئی کہے کہ یہ حقیر فقیر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہے تو اس وقت یہ تواضع حرام ہے بلکہ اس وقت تو کہو "ھل من مبارز" ہے کوئی جو میرے مقابلہ میں آئے، لیکن غصہ جب اپنے نفس کے لئے ہو اُس وقت کے لئے ہے والکاظمین الغیظ یہ ہیں مردانِ خدا جو غصہ کو پی جاتے ہیں، ضبط کر لیتے ہیں۔

اسی طرح بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب کوئی ایسا وظیفہ بتا دیجئے کہ بُرے خیالات ہی نہ آئیں، شہوت اور تقاضے ہی ختم ہو جائیں یعنی وہ چاہتے ہیں کہ "نہ رہے بانس نہ بجے بانسری" یہ نادانی ہے، کمال تو یہی ہے کہ بُرے تقاضے پیدا ہوں لیکن اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لئے اپنی آرزوؤں کا خون کر لے، جو شخص آپ کے لئے جتنی زیادہ مشقت اور تکلیف اُٹھاتا ہے آپ اس کو اتنا ہی زیادہ اپنا گہرا دوست سمجھتے ہیں بس تقاضوں سے بھاگنا یا مغلوب ہو جانا اس بات کی دلیل ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں تکلیف نہیں اُٹھانا چاہتے پھر کیا دعویٰ محبت ہے۔ محبت کا ایک حق یہ ہے کہ محبوب کو راضی کرنے کے لئے ہر تکلیف کو برداشت کر لے، بس تقاضے تو رہنے چاہئیں اگر تقاضے زائل ہو جائیں تو حلال موقع پر بیوی کے حقوق کیسے ادا کرے گا؟ مطلب یہ ہے کہ غلط استعمال نہ کیا جائے۔

حضرت حکیم الامت مجدد الملت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

رذائل کا ازالہ مقصود نہیں امالہ مقصود ہے یعنی رذائل کو زائل نہیں کیا جا سکتا ان کا رُخ پھیرا جا سکتا ہے مثلاً کسی کے اندر غصہ کا مادہ زیادہ ہے، اصلاح سے پہلے اپنے نفس کے لئے کیا کرتا تھا کسی نے بُرا کہہ دیا بس آپے سے باہر ہو گیا کسی سے کوئی تکلیف پہنچی اس پر صبر نہ کیا اور غصہ نافذ کر دیا۔ لیکن اصلاح کے بعد اسی غصہ کا رُخ بدل گیا، اب اللہ کی نافرمانی پر غصہ آتا ہے، خدا تعالیٰ کے دشمنوں سے بُغض رکھتا ہے، نفس اگر گناہ کا تقاضا کرتا ہے تو اپنے نفس پر غصہ نافذ کرتا ہے کہ ہرگز تجھے گناہ نہیں کرنے دوں گا۔ غصہ تو ہے لیکن اب امالہ ہو گیا، رُخ بدل گیا جو محمود اور پسندیدہ ہے۔

اور کظم کے کیا معنی ہیں۔ عرب کے لوگ کظم کا استعمال کہاں کرتے تھے؟ قرآن کیونکہ محاورۂ عرب پر نازل ہوا ہے لہٰذا علامہ آلوسی السید محمود بغدادیؒ مفتی بغداد نے تفسیر رُوح المعانی میں عربوں کا محاورہ نقل کیا ہے تاکہ قرآن صحیح سمجھ میں آجائے، فرماتے ہیں کہ کظم عرب کی لغت میں اس وقت بولتے تھے جب مشک بھر کر پانی اُبلنے لگتا تھا تو عرب کے لوگ رسّی سے اس کا منہ باندھ دیتے تھے۔ لہٰذا کظم کے معنی ہیں شَدُّ رَأْسِ الْقِرْبَةِ عِنْدَ اِمْتِلَاءِ هَا مشک کا منہ باندھ دینا جب پانی بھر کر اس کے منہ سے نکلنے لگے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ کہ جب تم کو غصہ آجائے اور تمہارے جسم کی مشک کے منہ سے غصہ میں اول فول گالی گلوچ یا کوئی انتقامی جذباتی اور مضرات نہ نکل جائے، اس وقت جلدی سے کظم کی رسی سے منہ کو باندھ دو اور غصہ کو ضبط کر لو، اسی کا نام ہے "کظمِ غیظ"۔

اچھا غیظ اور غضب میں کیا فرق ہے؟ جیسے دفتر والے کہتے ہیں کہ آج صاحب کا موڈ ٹھیک نہیں ہے بہت غیظ و غضب میں بیٹھے ہوئے ہیں شاید بیوی

سے کچھ ناچاقی ہوگئی ہے۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے غیظ و غضب کا فرق بیان کیا ہے۔ غیظ کے معنی ہیں کہ غصہ آئے اور انسان اس کو ضبط کرلے۔ غیظ میں آدمی اندر اندر گھٹتا رہتا ہے اور غضب کے ساتھ ارادہ انتقام کا ہوتا ہے، اس لئے غیظ کا استعمال مخلوق کے لئے خاص ہے اللہ تعالیٰ کی طرف غیظ کی نسبت کرنا جائز نہیں۔ یعنی ہم یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچو لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ اللہ کے غیظ سے بچو؛ غیظ کا لفظ صرف مخلوق کے لئے خاص ہے اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی نسبت کرنا درست نہیں۔ اور غضب کا استعمال مشترک ہے خالق کے لئے بھی اور مخلوق کے لئے بھی، یعنی غضب کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف بھی کی جاتی ہے اور مخلوق کی طرف بھی کی جاسکتی ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے چار حدیثیں بیان کی ہیں اس لئے کہ آیات کی تفسیر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات ہی سے ہوسکتی ہے جن پر قرآن نازل ہوا ان ہی کی زبان مبارک سے اس کی تفسیر ہوسکتی ہے۔

پہلی حدیث یہ بیان فرمائی کہ:

مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى إِنْفَاذِهِ مَلَاءَ اللهُ تَعَالَى قَلْبَهُ اَمْنًا وَّ اِيْمَانًا (جامع صغیر ص۱۷۹ ج۲)

ترجمہ، جس شخص نے غصہ کو ضبط کر لیا باوجودیکہ وہ غصہ نافذ کرنے پر قدرت رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو ایمان اور سکون سے بھر دے گا۔

یعنی جس شخص کو کسی پر غصہ آگیا اور وہ اس پر پورا غصہ جاری کر سکتا ہے، اس کے لئے کوئی مانع نہیں ہے لیکن اللہ کے خوف سے اپنے غصہ کو پی جاتا ہے اور

معاف کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو امن و ایمان سے بھر دے گا، امن کے معنی ہیں سکون، غصہ ضبط کرنے کا یہ انعام عظیم ہے۔

بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص غصہ کا تلخ گھونٹ پی لیتا ہے یعنی غصہ کو ضبط کر لیتا ہے تو وہ غصہ سب کا سب نُور بن جاتا ہے۔

اور ساتھ ساتھ غصہ کی ایک اور تفسیر بیان کی کہ اپنے دین کی حفاظت کے لئے اور دین کے اجراء کے لئے اور اللہ کے لئے جو غصہ آئے وہ مستثنیٰ ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو منکرات اور اللہ کی نافرمانی پر اتنا غصہ آتا تھا کہ آپ کا چہرۂ مبارک سُرخ ہو جاتا تھا کَاَنَّ الرُّمَّانَ عُصِرَ عَلٰی وَجْہِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جیسے کہ آپ کے چہرۂ مبارک پر انار نچوڑ دیا گیا ہو۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر غصہ آنا ہی چاہئے۔

دوسری حدیث یہ بیان کی کہ:

"جس شخص نے غصہ کو ضبط کر لیا درآنحالیکہ وہ اس کے نافذ کرنے پر قادر تھا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو تمام مخلوق کے سامنے بلائیں گے اور اختیار دیں گے کہ جس حُور کو چاہے اپنی پسند سے انتخاب کر لے" (ابوداؤد ص۳۰۳ ج۲) غصہ ضبط کرنے کا یہ دوسرا انعام بیان فرمایا گیا۔

تیسری حدیث یہ ہے کہ:

"قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ وہ شخص کھڑا ہو جائے جس کا میرے اوپر کوئی حق ہو فَلَا یَقُوْمُ اِلَّا اِنْسَانٌ عَفَا پس کوئی شخص کھڑا نہیں ہوگا مگر وہ جس نے دُنیا میں کسی کی خطاؤں کو معاف کیا ہوگا" (رُوح المعانی ص۵۸ ج۴)

جنہوں نے یہ دولت کمائی ہوگی اور معاف کرنے والا عمل کیا ہوگا وہ اس دن

اللہ تعالیٰ سے اپنا انعام لینے کے لئے کھڑے ہو جائیں گے۔

چوتھی حدیث علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ یہ نقل فرماتے ہیں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

”جو شخص یہ بات پسند کرے کہ جنت میں اس کے لئے اونچے محل بنائے جائیں اور اس کے درجات بھی بلند ہو جائیں اس کو چاہئے کہ جو شخص اس پر ظلم کرے اس کو معاف کر دے اور جو اس کو محروم رکھے اس کو عطا کر دے، اور جو اس سے قطع رحمی کرے اس کے ساتھ صلہ رحمی کرے“ (رُوح المعانی ص۵۸ ج ۴)

بعضے خون کے رشتے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے ساتھ لاکھ نیکیاں کرتے رہو وہ کبھی نیکی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ ان کے لئے حکم ہے کہ:۔

صِلْ مَنْ قَطَعَكَ (جامع صغیر ص۴۳ ج ۲) وہ تو قطع رحمی کریں مگر آپ ان سے جُڑے رہیں اور ان کو معاف کرتے رہیں۔

اس حدیثِ پاک میں ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ نے بزبانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم یہ وعدہ فرمایا کہ جنت میں اس کا شاندار مکان ہوگا اور اس کے درجات بلند ہوں گے۔

البتہ اگر کسی رشتہ دار سے ناقابلِ برداشت مسلسل اذیت پہنچ رہی ہے جس سے دین یا دنیا کا ضرر ہو تو علماء سے مشورہ کریں۔ اس کے لئے دوسرے احکام ہیں۔

تین حدیثیں غصہ کے بارے میں اور سناتا ہوں اس آیت کی تفسیر میں سات حدیثیں بیان کرنے کا احقر کا معمول ہے۔

پانچویں حدیث یہ ہے کہ:

اِنَّ الْغَضَبَ لَیُفْسِدُ الْاِیْمَانَ کَمَا یُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ (مشکوٰۃ ص۴۳۴)

ترجمہ: " غصہ ایمان کو ایسا خراب اور برباد کر دیتا ہے جیسا کہ ایلوا شہد کو خراب کر دیتا ہے۔"

ایلوا ایک نہایت کڑوی دوا ہے اگر کوئی ذرہ بھی کوٹ رہا ہو تو حلق کڑوا ہو جاتا ہے۔ ایک من شہد میں ذرا سا ڈال دیجئے سارا شہد کڑوا ہو جائے گا۔ اسی طرح غصہ ایمان کی مٹھاس اور حلاوت کو کڑوا کر دیتا ہے یعنی غصہ والے کو اللہ تعالیٰ کی محبت کا مزہ، عبادت کا مزہ، تلاوت کا مزہ نہیں آئے گا کیونکہ غصہ نے اس کے ایمان کے کمال اور نور کو خراب کر دیا۔

چھٹی حدیث ہے کہ:

مَنْ كَفَّ غَضَبَهٗ كَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذَابَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (مشکوٰۃ ص۴۳۴)

ترجمہ: " جو شخص اپنے غصہ کو روک لے، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنا عذاب اس سے روک لیں گے۔"

ظاہر بات ہے کہ غصہ روکنے میں تکلیف ہوتی ہے اور اس نے اللہ کے لئے یہ تکلیف اٹھائی لہٰذا اس مجاہدہ پر اتنا بڑا انعام ہے۔

اور یہ مجاہدہ بھی اہل اللہ کی صحبت کی برکت سے آسان ہو جاتا ہے۔ ایک حکایت یاد آئی۔ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک شخص نے لکھا کہ حضرت مجھ میں غصہ کا مرض ہے۔ اس کا علاج عطا فرمائیے۔ حضرت نے ان کو تحریر فرمایا کہ آپ لکھنؤ میں انوار بک ڈپو کے مالک مولوی محمد حسن کاکوروی کی خدمت میں جایا کیجئے۔ کچھ عرصہ بعد اس شخص نے حضرت حکیم الامت کو لکھا کہ حضرت میرا غصہ جاتا رہا۔ میں مولوی صاحب کی خدمت میں جاتا رہتا ہوں لیکن انہوں نے تو کبھی غصہ کے متعلق مجھے کوئی نصیحت بھی نہیں کی۔ یہ کیا بات ہے کہ مجھے اتنا فائدہ ہوا۔ حضرت نے فرمایا کیونکہ مولوی صاحب حلیم الطبع ہیں ان کے دل میں صبر و حلم اور

برداشت کا مادہ بہت ہے۔ ان کے قلب کی صفت حلم آپ کے قلب میں منتقل ہوگئی۔

ساتویں حدیث کے راوی ایک صحابی حضرت ابو مسعودؓ فرماتے ہیں کُنْتُ اَضْرِبُ غُلَامًا لِّیْ میں اپنے ایک مملوک غلام کی پٹائی کر رہا تھا۔ فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِیْ صَوْتًا میں نے اپنی پیٹھ کے پیچھے سے ایک آواز سُنی۔ وہ کیا آواز تھی؟

اِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ لَلّٰهُ اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ (مسلم ص۵۱ ج۲)

یہ کلام نبوت کی بلاغت ہے کہ چند ضمیروں میں دو سطر کا مضمون بیان فرما دیا۔ اگر ہم اُردو میں اس کا ترجمہ کریں تو ڈیڑھ دو سطر ہو جائے گی۔ فرمایا کہ اے ابا مسعود اللہ تعالیٰ کو تجھ پر زیادہ قدرت ہے اس قدرت سے جو تجھ کو اس غلام پر حاصل ہے جس کو تو پیٹ رہا ہے، فرماتے ہیں فَالْتَفَتُّ میں نے متوجہ ہو کر دیکھا کہ کہاں سے یہ آواز آئی۔ فَاِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وہ تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے، یہ آپ کی آواز تھی ؎

جی اُٹھے مُردے تری آواز سے

یہ آوازِ نبوت تھی جس سے صحابہ رضی اللہ عنہ کے دل زندہ ہوتے تھے امراض کی اصلاح ہو جاتی تھی۔ بس اللہ تعالیٰ نے صحبتِ نبوت کے فیضان کی برکت سے فوراً ہدایت عطا فرما دی۔ اللہ والوں کی صحبت سے قلب میں اعمالِ صالحہ کی ایک زبردست قوت و ہمت اور توفیق پیدا ہو جاتی ہے۔ چالیس چالیس سال سے انسان جس گناہ کو چھوڑنے کی طاقت نہ پاتا ہو اللہ والوں کے پاس چند دن رہ کر کے دیکھے کہ کیا ہوتا ہے۔

حضرت شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا اور یہ بات

حضرت ڈاکٹر صاحبؒ نے مجھے بتائی کہ میں تمہیں تمہارے پیر کی ایک بات بتاتا ہوں۔ کسی نے حضرت پھولپوریؒ سے پوچھا کہ پارس میں یہ خاصیت کیوں ہے کہ لوہا اس سے چھوتے ہی سونا بن جاتا ہے؟ ایسا کیوں ہے؟ فرمایا کیوں کیا مت پوچھو۔ لوہے کو پارس سے لگا دو پھر آنکھوں سے دیکھو کہ لوہا سونا بنتا ہے یا نہیں، پوچھنا کیا ہے مشاہدہ کرلو، دیکھو کیسے کیسے شرابی کبابی صحبت کی برکت سے اللہ والے بن گئے۔ جگر مراد آبادیؒ اللہ والے بن گئے اور جون پور کے ایک شاعر جن کا نام عبدالحفیظ تھا، شراب پیتے تھے۔ یہ سن کر تھانہ بھون گئے کہ وہاں انسان، انسان بنتے ہیں شاید یہ شرابی بھی انسان بن جائے۔ حضرت شاہ عبدالغنی صاحب نے فرمایا کہ حضرت سے بیعت ہو گئے اور بیعت بھی کیسے ہوئے کہ خانقاہ تھانہ بھون میں چند دن قیام سے داڑھی جو تھوڑی سی بڑھ گئی تھی وہ بیعت ہونے سے پہلے منڈوالی اور حضرت تھانوی سے درخواست کی کہ حضرت مجھے بیعت کر لیجئے۔ حضرت نے فرمایا کہ جب بیعت ہی ہونا تھا تو اللہ کا نور جو چہرہ پر آگیا تھا اس کو کیوں صاف کیا۔ عرض کیا کہ حضرت آپ حکیم الامت ہیں، میں مریض الامت ہوں۔ مریض کو چاہئے کہ حکیم کے سامنے اپنا سارا مرض پیش کر دے تاکہ نسخہ اسی طاقت سے لکھا جائے۔ یہ عمل تو بظاہر صحیح نہیں تھا لیکن چونکہ نیت اچھی تھی اس لئے حضرت نے اس پر گرفت نہیں فرمائی۔ پھر خود ہی عرض کیا کہ اب کبھی داڑھی پر اُسترا نہیں لگاؤں گا۔ حضرت نے بیعت فرما لیا، یہ جونپور آگئے۔ ایک سال کے بعد حضرت وعظ کے سلسلہ میں جونپور تشریف لے گئے دیکھا کہ ایک بڑے میاں کھڑے ہیں ایک مشت داڑھی رکھے ہوئے، فرمایا کہ یہ بڑے میاں کون ہیں۔ عرض کیا گیا کہ یہ وہی بڑے میاں ہیں جو کس حالت میں تھانہ بھون گئے تھے۔ حضرت ان کی داڑھی دیکھ کر خوش ہو گئے۔

حضرت شاہ عبدالغنی صاحبؒ نے فرمایا کہ ان کا خاتمہ بڑا اچھا ہوا۔ تین دن تک گھر میں روتے رہے۔ اللہ کا خوف طاری ہوگیا۔ کمرے میں ادھر سے ادھر ایک دیوار سے دوسری دیوار تک تڑپ کے جاتے تھے اور روتے تھے اسی طرح رو رو کے جان دے دی اور اس خوف کی حالت میں اللہ کے پاس چلے گئے۔ اور اپنے دیوان میں یہ اشعار بڑھا دئے تھے ؎

مری کھل کر سیہ کاری تو دیکھو
اور ان کی شانِ ستاری تو دیکھو
گڑا جاتا ہوں جیتے جی زمیں میں
گناہوں کی گراں باری تو دیکھو
ہوا بیعت حفیظ اشرف علی سے
بایں غفلت یہ ہشیاری تو دیکھو

واقعی بڑی ہشیاری ہے، مبارک وہ بندہ ہے، بہت ہی مبارک بندہ ہے وہ جو اللہ والوں سے تعلق کرلے، جو اللہ کے دوستوں سے دوستی کرلے۔ اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ یہ ہماروں کا ہمارا ہے، یہ ہمارے دوستوں کا دوست ہے، لہٰذا اس پر بھی فضل فرما دیتے ہیں اور اس کو بھی اپنا بنا لیتے ہیں، اللہ والوں کی صحبت سے تقدیریں بدل جاتی ہیں۔

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ (بخاری ص۹۴۸ ج ۲)

اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کے پاس بیٹھنے والا شقی نہیں رہ سکتا۔ اس کی شقاوت کو سعادت سے اللہ تعالیٰ بدل دیتے ہیں۔ یہ لمبی حدیث ہے جس کا ایک جز یہ ہے کہ اللہ والوں کی مجلس میں ایک شخص غیر مخلص تھا وہ وہاں اللہ

کے لئے نہیں بیٹھا تھا کسی ضرورت سے جارہا تھا کہ وہاں بیٹھ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے پوچھا کہ میرے بندے کیا کر رہے تھے؟ اللہ تعالیٰ کو تو سب معلوم ہے لیکن اپنے بندوں پر فخر و مباہات فرمانے کے لئے پوچھتے ہیں۔ آخری جز اس لمبی حدیث کا یہ ہے کہ اے فرشتو! گواہ رہنا میں نے ان سب کو بخش دیا۔ فرشتوں نے عرض کیا کہ وہاں ایک بندہ ذکر کے لئے نہیں بیٹھا تھا " اِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ " وہ کسی حاجت سے جارہا تھا دیکھا کہ کچھ اللہ والے لوگ بیٹھے ہیں وہ بھی بیٹھ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے اس کو بھی بخش دیا کیونکہ میں اپنے مقبول بندوں کے پاس بیٹھنے والوں کو محروم نہیں کیا کرتا۔ هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقَىٰ جَلِيْسُهُمْ۔ اس کی شرح میں علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (فتح الباری ص۲۱۳ ج ۱۱)

اِنَّ جَلِيْسَهُمْ يَنْدَرِجُ مَعَهُمْ فِيْ جَمِيْعِ مَا يَتَفَضَّلُ اللّٰهُ بِهٖ عَلَيْهِمْ

اللہ والوں کے پاس بیٹھنے والوں کو اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ مندرج کر لیتا ہے ان تمام انعامات میں جو اللہ والوں کو عطا کئے جاتے ہیں۔ وجہ کیا ہے؟ آگے مفعول لہٗ بیان ہو رہا ہے اِکْرَامًا لَّهُمْ اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کا اکرام فرماتے ہیں۔

دیکھئے جیسے یہاں ڈیرہ غازی خان میں آپ لوگ جو کچھ حضرت والا ہردوئی دامت برکاتہم کو کھلاتے ہیں وہی ہم خادموں کو بھی کھلا رہے ہیں کہ نہیں۔ بس جب جنتی نعمتوں کا یہ حال ہے تو ایسے ہی جنت میں بھی انشاء اللہ تعالیٰ معاملہ ہو گا۔

جب اولیاء اللہ کی صحبت کا یہ انعام ہے کہ ان کی صحبت کے فیض سے

شقاوت سعادت سے تبدیل ہو جاتی ہے اور قلب میں اعمالِ صالحہ کی زبردست ہمت و توفیق عطا ہو جاتی ہے تو صحبتِ نبوت کے فیضان کا کیا عالم ہوگا؟ حالتِ ایمان میں جس پر نبوت کی نگاہ پڑ گئی وہ صحابی ہو گیا اور دُنیا کا بڑے سے بڑا ولی بھی ایک ادنیٰ صحابی کے رُتبہ کو نہیں پا سکتا۔ چنانچہ صحبتِ نبوت کے فیضان سے حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کو فوراً تنبیہ ہوگئی اور عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ اس غلام کو میں نے اللہ کے لئے آزاد کر دیا اس خطا کی تلافی میں۔ معلوم ہُوا کہ خطاؤں کی تلافی بھی ضروری ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لَوْلَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ (مسلم ص۵۱ ج۲)

اگر تو ایسا نہ کرتا اور غلام پر یہ رحمت نہ دکھاتا تو جہنم کی آگ تجھے جھلسا دیتی اور جلا کے خاک کر دیتی۔ یہ کون ہیں؟ صحابی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے والے ہیں۔ آج کس ظالم کا منہ ہے جو کہے کہ میں اتنا تہجد پڑھتا ہوں، صُوفی ہوں، اتنا ذکر و فکر کرتا ہوں، میرے غصہ پر کوئی پکڑ نہیں ہو گی۔ ذرا سوچئے، یہ بات سوچنے کی ہے یا نہیں کہ اپنی عبادت پر اتنا ناز کہ ہم نے تہجد پڑھی ہے لہٰذا مسلمانوں کو، اور بھائیوں کو اور بہنوں کو اور بیویوں کو جس طرح چاہو ستاؤ۔ کوئی قانون نہیں۔ دیکھئے صحبت یافتہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کے لئے یہ حکم ہو رہا ہے کہ اگر تم نے رحمت نہ کی تو یاد رکھو قیامت کے دن دوزخ کی آگ تم کو لپیٹ جائے گی۔ اب کس صوفی کا منہ ہے جو یہ کہتا ہے کہ میرا غصہ میرے لئے کچھ مُضر نہیں۔ میری تو اتنی عبادت ہے اتنا وظیفہ پڑھتا ہوں، میرے غصہ پر کوئی پکڑ نہیں ہو گی۔ حضرت ابو مسعودؓ سے زیادہ آپ مقبول ہیں۔ صحابی سے گویا بڑھ گیا یہ صوفی جو ایسی باتیں کرتا ہے،

یہ گویا دعویٰ کر رہا ہے کہ صحابی سے نعوذ باللہ اس کا درجہ بڑھ گیا۔

میرے دوستو! لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں مصلح کی کیا ضرورت ہے؟ دیکھئے صحابی ہیں حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ لیکن مربّی و مصلح کی ضرورت پیش آئی کہ نہیں؟ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مربّی کی ضرورت تھی جو انبیاء علیہم السّلام کے بعد تمام انسانوں میں سب سے زیادہ افضل ہیں تو ہم لوگوں کا کیا منہ ہے کہ ہم اپنے کو تربیت کا محتاج نہ سمجھیں۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ایک عزیز سے ناراض ہو گئے اور فرمایا خدا کی قسم اب میں ان پر کبھی احسان نہ کروں گا اور جن سے ناراض ہوئے وہ جنگِ بدر لڑے ہوئے تھے، اصحابِ بدر جنگِ بدر کی برکت سے اللہ کے یہاں مقبول ہو گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی سفارش فرمائی اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ مفسرین لکھتے ہیں کہ یہ آیت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی جس کے ترجمہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اے صدیق کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ میرا بدری صحابی جس نے جنگِ بدر لڑی ہے تم اس کی خطا معاف کر دو اور میں قیامت کے دن تمہیں معاف کر دوں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صدیق اکبر نے اپنی قسم توڑ دی اور اس کا کفارہ ادا کیا اور دوسری قسم اٹھائی کہ وَاللّٰهِ اِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لِیْ اللہ کی قسم میں محبوب رکھتا ہوں کہ اللہ مجھے معاف کر دے اور میں اپنے عزیز کی خطا کو معاف کرتا ہوں اور فرمایا کہ اب میں پہلے سے بھی زیادہ ان پر احسان کروں گا! یہ ہے وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ اللہ کے خاص بندے وہ ہیں جو لوگوں کی خطاؤں کو معاف کر دیتے ہیں اور اس کے بعد وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ؛ ہے کہ معاف کرنے کے بعد اس پر کچھ احسان بھی کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو محبوب رکھتے ہیں۔

اس تفسیر کی تائید میں علامہ آلوسیؒ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے علی بن حسینؓ کا ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ ان کی باندی ان کو وضو کرا رہی تھی کہ لوٹا ہاتھ سے گر گیا اور ان کا سر زخمی ہو گیا، تیز نظر سے خادمہ کو دیکھا وہ بھی حافظۂ قرآن تھی فوراً یہ آیت پڑھی وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ اللہ کے خاص بندے وہ ہیں جو غصہ کو پی جاتے ہیں، فرمایا قَدْ كَظَمْتُ غَيْظِيْ میں نے اپنا غصہ پی لیا، اللہ کا فرمان سنتے ہی مان لیا۔ یہ نہیں سوچا کہ خادمہ کے منہ سے نکل رہا ہے۔ کسی کے منہ سے بھی نکلے، ہے تو خدا کا فرمان، چھوٹوں کے منہ سے بڑوں کی بات جب نکلتی ہے تو چھوٹوں کو مت دیکھو ان کے منہ سے بڑوں کی جو بات نکل رہی ہے اس کی قدر کرو۔ لہٰذا فرمایا کہ میں نے غصہ پی لیا۔ اس کے بعد باندی نے یہ آیت تلاوت کر دی وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ اور جو لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں فرمایا قَدْ عَفَوْتُ عَنْكِ میں نے تیری خطا معاف کر دی۔ اس کے بعد اس نے کہا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ اور احسان کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتے ہیں۔ فرمایا جا میں نے اللہ کے لئے تجھے آزاد بھی کر دیا۔

اب ایک اور واقعہ عرض کرتا ہوں۔ حضرت مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ تبلیغی جماعت کے بانی اور حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حقیقی چچا ہیں۔ شیخ ایک مرتبہ اپنے ملازم پر ناراض ہو گئے اور فرمایا تم نے کیوں ایسی نالائقی کی۔ اس نے کہا حضرت جی معاف کر دو غلطی ہو گئی انسان ہوں۔ حضرت شیخ نے فرمایا یہ غلطی تو تم نے ایک درجن بار کی ہے دو چار دفعہ ہو تو معاف کر دوں۔ تم تو بار بار یہی غلطی کر رہے ہو۔ میں تمہیں کتنا بخشوں، مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ شیخ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے۔

شیخ کے کان میں فرمایا کہ مولانا! اتنا بھگت لو جتنا قیامت کے دن اپنا بھگتوانا ہے یعنی اتنا معاف کر دو جتنا اپنا معاف کرانا ہے لہٰذا یہ مت کہو کہ کتنا بھگتوں زیادہ سے زیادہ معاف کر دو۔

بعض وقت آدمی غصہ میں کہتا ہے کہ کیا صاحب! یہ شخص تو ہر وقت غلطی ہی کرتا ہے کوئی کام صحیح نہیں کرتا۔ لیکن بھائی بعضوں کی عقل ہی کم ہوتی ہے۔

حضرت حکیم الامتؒ فرماتے ہیں کہ اگر کامل عقل مثلاً ۹۸ ڈگری ہے تو بعض بندوں کو خدا کی طرف سے ساڑھے ستانوے ڈگری ہی ملی ہوتی ہے، بھولے بھالے نادان سے ہوتے ہیں۔ اپنا بچہ اگر ایسا ہو تو کیا کرو گے۔ اس کے ساتھ نرمی و درگذر کا معاملہ کرو گے یا نہیں؟ لہٰذا جس کو اللہ نے جتنی عقل دی ہے اس لحاظ سے اس کا محاسبہ اور مواخذہ کرو، ۹۷ ڈگری عقل والے سے ۹۸ ڈگری عقل والے کا محاسبہ نہ کرو۔ لیکن یہ جانتے ہوئے بھی غصہ میں کہتے ہیں کہ نہیں صاحب یہ خوب سمجھتا ہے ہمیں ستانے کے لئے ایسا کرتا ہے۔ ایسی احمقانہ چیزیں شیطان پیدا کرتا ہے۔

اچھا ایک بات اور ہے غصہ والا اپنے کو بہت بڑا آدمی سمجھتا ہے غصہ کی تہہ میں کبر پوشیدہ ہوتا ہے جس پر غصہ آتا ہے اس کی حقارت ذہن میں ہوتی ہے اور اپنی برتری ثابت ہوتی ہے جس وقت غصہ چڑھتا ہے اس وقت اس کا چہرہ دیکھ لو یا آئینہ سامنے کر دو کہ اپنا چہرہ خود دیکھے اور اگر اس کے لب و لہجہ کو ٹیپ کیا جائے اور پھر اسی کو دکھایا جائے کہ جناب کا چہرہ اور لب و لہجہ ایسا تھا تو اس شعر کا مصداق ہوگا۔ ؎

رات شیطاں کو خواب میں دیکھا
اس کی صورت جناب کی سی تھی

انسان کو اپنی بیماری کا پتہ نہیں چلتا۔ آدمی فوراً کہتا ہے کہ میرا غصہ اللہ کے لئے ہے لیکن اپنا فیصلہ معتبر نہیں ہوتا۔ پہلے کسی پَرکھنے والے کی کسوٹی پر پَرکھئے، شیخ معتبر بتائے گا کہ آپ کا غصہ اللہ کے لئے ہے یا نفس کے لئے ہے۔ ہر شخص خود فیصلہ کرلیتا ہے اور سمجھتا ہے کہ بس ہم ٹھیک ہیں۔ جو کہتا ہے کہ ہم ٹھیک ہیں وہی " نا ٹھیک " ہے۔ یعنی ٹھیک نہیں ہے اور جو شخص مصلح سے یہ کہہ دے کہ حضرت آپ کو تجربہ نہیں ہے آپ تو بھولے بھالے ہیں یہ آدمی جس پر میں غصہ کررہا ہوں ایسا ویسا ہے تو سمجھ لو کہ یہ شیخ پر اعتراض کررہا ہے کہ شیخ گویا بدھو ہے۔ ایسے مُرید کو کان پکڑ کر خانقاہ سے باہر نکال دینا چاہئے۔

غصہ میں اگر کسی پر زیادتی ہوجائے فوراً ہاتھ جوڑ کر معافی مانگنے میں شرمانا نہیں چاہئے۔ اس کو راضی کرلو ورنہ قیامت کے دن پچھتانا پڑے گا۔ اور جو غصہ کا علاج اور تلافی کرے ان کا درجہ بھی سُن لیجئے۔ میرے مُرشدِ اول حضرت شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ کو ایک شخص پر غصہ آگیا اور غصہ میں کچھ زیادتی ہوگئی۔ انسان ہی تو ہے چاہے کتنا بڑا ولی اللہ ہو اس سے بھی خطا ہوسکتی ہے۔ وہ آدمی بالکل اَن پڑھ تھے نہل جوتنے والے جیسے دیہاتوں میں ہوتے ہیں، پھولپور کے قریب ایک گاؤں تھا جس کا نام شُدنی پور تھا، وہ شخص چلا گیا شدنی پور کا رہنے والا تھا۔ بعد میں حضرت کو خیال ہُوا کہ مجھ سے زیادتی ہوگئی ہے اتنا غصہ مجھے نہیں کرنا چاہئے تھا۔ عصر کے بعد حضرت اس سے معافی مانگنے تشریف لے گئے وہ گاؤں صرف ڈیڑھ میل دُور تھا لیکن حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ میں اتنا پریشان ہُوا کہ راستہ بھول گیا کھیتوں میں ہوتا ہُوا بہت دیر سے اس کے پاس پہنچ گیا اس سے کہا کہ آج مجھ سے

تم پر کچھ زیادتی ہوگئی، میں نے تمہیں کچھ زیادہ کہہ دیا لہٰذا تم مجھ کو اللہ کے لئے معاف کر دو، اس نے کہا کہ آپ اتنے بڑے مولانا ہیں اور میں جاہل آدمی ہوں، آپ تو میرے باپ کے برابر ہیں، باپ کو تو بیٹے پر حق ہوتا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ قیامت کے دن نہ معلوم کیا حال ہوگا؟ اس دن معلوم ہوگا کہ کون چھوٹا ہے کون بڑا ہے۔ تم جب تک یہ نہ کہو گے کہ میں نے معاف کر دیا میں یہاں سے نہیں ہٹوں گا۔ اس نے دیکھا کہ مولانا بغیر کہلوائے نہیں جائیں گے تو کہا کہ اچھا حضرت آپ کا حکم ہے آپ کا دل خوش کرنے کے لئے کہدیتا ہوں کہ معاف کر دیا ورنہ آپ کا مجھ پر حق ہے۔ حضرت لوٹ آئے اسی رات کو خواب میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی دیکھا کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک کشتی میں تشریف فرما ہیں اور فرمایا کہ کچھ فاصلہ پر میری کشتی ہے اس پر میں اکیلا بیٹھا ہوا ہوں، سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بآوازِ بلند حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ اے علیؓ! عبدالغنی کی کشتی کو میری کشتی سے جوڑ دو، حضرت نے فرمایا کہ جب میری کشتی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کشتی سے جوڑی ہے تو اس کی کھٹ سے جو آواز آئی آج تک اس کا مزہ آرہا ہے کانوں میں اس کی لطف و لذت سما گئی۔ حضرت شاعر نہیں تھے مگر اس مزہ کو شعر میں بیان فرما دیا ؎

مضطرب دل کی تسلّی کے لئے
حکم ہوتا ہے ملا دو ناؤ کو

دیکھئے غصہ کی تلافی و ندامت و معذرت پر کتنا بڑا انعام ملا۔

حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہٗ اپنے وعظ میں فرماتے ہیں کہ ایک شخص تھا، بیوی نے سالن میں نمک تیز کر

دیا۔ ہاتھ ہی تو ہے اندازہ نہیں ہوا نمک تیز ہوگیا، ہماری بیٹیوں سے اگر غلطی ہوجائے تو ہم کیا چاہتے ہیں؟ کہ داماد معاف کردے۔ ہماری بیٹیوں کو جب داماد ستاتے ہیں تو ہم بزرگوں سے تعویذ لیتے ہیں وظیفے پوچھتے پھرتے ہیں لیکن ہمارے تحت جو بیویاں ہیں وہ بھی تو کسی کی بیٹیاں ہیں ان پر رحم نہیں آتا۔ اپنی بیٹی پر جب پڑتی ہے تو ہمیں تعویذ یاد آتے ہیں۔ اللہ والوں کے پاس جاتے ہیں اور روتے ہیں کہ داماد بہت ظلم کررہا ہے لیکن ہم اپنی بیویوں کو جو ستاتے ہیں ذرا ذرا سی بات پر ڈانٹ ڈپٹ، بے چاری گھٹ گھٹ کے روتی رہتی ہیں۔ سسرال میں کوئی ان کا ہوتا نہیں باپ بھائی دُور ہوتے ہیں، لیکن سمجھ لیجئے ان کی آہ لگتی ہے۔ جب بے زبان مُرغیوں کو ایذا پہنچ جانے سے ایک مجدد وقت کے قلب پر علوم کی بارش رُک سکتی ہے تو جو لوگ انسانوں کو ستاتے ہیں ان کا کیا حال ہوگا۔

ایک بار پیرانی صاحبہ کہیں باہر تشریف لے گئیں تھیں۔ حضرت تھانویؒ سے کہہ گئیں تھی کہ مُرغیوں کو کھول کر دانہ پانی ڈال دیجئے گا۔ حضرت بھول گئے، اب جو لکھنے بیٹھے تو سارے مضامین اور معرفت کے سارے دریا بند۔ ایک خط کا جواب بھی نہ لکھ سکے۔ تفسیر بیان القرآن رُک گئی، کسی کتاب کی تصنیف نہ ہوسکی۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا کی کہ اے خدا یہ مضمون کی آمد کیوں بند ہوگئی؟ شاید مجھ سے کوئی خطا ہوگئی ہے، آپ دل میں ڈال دیجئے تاکہ میں تلافی کرسکوں۔ اللہ تعالیٰ نے دل میں الہام فرمایا کہ ہماری ایک مخلوق گھٹ رہی ہے، مُرغیاں بغیر دانہ پانی کے بند ہیں۔ ہماری مخلوق کو گھٹا کر مضامین کیسے ملیں گے؟ حضرت فوراً دوڑے ہوئے گئے، مرغیاں کھول دیں اور ان کو دانہ پانی دیا۔ بس دل شگفتہ ہوگیا اور علوم پھر آنے لگے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جانوروں کی پیٹھ کو منبر مت بناؤ۔ (ابوداؤد صفحہ ۳۴۶ ج ۱)
یعنی گفتگو کرنی ہو تو جانور کی پیٹھ سے اُتر کر بات کرو، یہ نہیں کہ جانور کی پیٹھ پر بیٹھے بیٹھے باتیں کر رہے ہیں گھوڑے وغیرہ سفر طے کرنے کے لئے ہیں، اسلام جانوروں تک پر رحمت فرماتا ہے جب جانوروں کے ستانے کی بھی ممانعت ہے تو میرے دوستو! جو بیویوں کو ستاتے ہیں وہ کس قدر عذاب مول لے رہے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَاءِهِمْ
(مشکوٰۃ صفحہ ۲۸۲) کامل الایمان وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں اور تم میں سب سے بہتر لوگ وہ ہیں جن کے برتاؤ اپنی بیویوں کے ساتھ اچھے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اخلاق کا معیار یہ ہے کہ جس کا سلوک اپنی بیوی کے ساتھ اچھا ہو۔

علامہ آلوسیؒ نے تفسیر رُوح المعانی (صفحہ ۱۳ ج ۵) میں ایک روایت نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شوہر کریم ہوتے ہیں ان پر عورتیں غالب آجاتی ہیں۔ غالب ہونے کے معنی یہ ہیں کہ تیز باتیں کر لیتی ہیں، ناز نخرے دکھا دیتی ہیں کیونکہ ان کو ناز دکھانے کا بھی حق حاصل ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے عائشہ! جب تُو مجھ سے خوش ہوتی ہے اور جب رُوٹھی ہوتی ہے تو مجھے پتہ چل جاتا ہے۔ عرض کیا کہ آپ کیسے جان لیتے ہیں؟ فرمایا کہ جب تُو مجھ سے خوش رہتی ہے تو کہتی ہے وَرَبِّ مُحَمَّدٍ۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رب کی قسم اور جب رُوٹھی ہوتی ہے تو کہتی ہے وَرَبِّ اِبْرَاهِيْمَ۔ ابراہیم کے رب کی قسم۔

(صحیح بخاری صفحہ ۷۸۹ ج ۲)

معلوم ہوا کہ عورتوں کو تھوڑا سا رُوٹھنے کا حق ہے، یہ ان کا ناز ہے لہٰذا اس کی بھی شریعت نے رعایت رکھی ہے۔ دیکھئے حدیث میں فرمایا یَغْلِبْنَ کَرِیْمًا یہ عورتیں غالب آجاتی ہیں کریم شوہر پر وَیَغْلِبُهُنَّ لَئِیْمٌ اور جو لوگ بداخلاق ہیں وہ ان پر ڈانٹ ڈپٹ مار پیٹ کر کے غالب آجاتے ہیں۔

بعضے علاقوں کے بارے میں معلوم ہوا کہ پہلی رات عورت کو رُعب میں لانے کے لئے بڑی پٹائی کرتے ہیں۔ استغفر اللہ۔ کیا جہالت اور ظلم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہدایت دے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

فَاُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ كَرِيْمًا مَغْلُوْبًا

میں محبوب رکھتا ہوں کہ میں کریم رہوں چاہے مغلوب رہوں۔

وَلَا اُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ لَئِيْمًا غَالِبًا

اور میں بداخلاق ہوکر ان پر غلبہ نہیں حاصل کرنا چاہتا۔

اور بخاری کی روایت ہے (ص۷۷۹ ج ۲) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

عورت مثل ٹیڑھی پسلی کے ہے۔ دیکھئے ٹیڑھی پسلیاں کام دے رہی ہیں یا نہیں، ان کو سیدھی کروگے تو ٹوٹ جائیں گی۔ لہٰذا ان کے ساتھ شفقت محبت اور رحمت سے معاملہ کیا جائے تو زندگی جنت کی ہوجاتی ہے۔

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ جس عورت نے سالن میں نمک تیز کردیا تھا اس کے شوہر نے اللہ تعالیٰ سے معاملہ کرلیا کہ اے خدا ہاتھ ہی تو ہے نمک تیز ہو گیا۔ اگر میری بیٹی نمک تیز کردیتی تو میں یہی چاہتا کہ داماد اس کو معاف کردے۔ لہٰذا اے خدا میں آپ کی رضا کے لئے اس کو جو میری بیوی ہے لیکن آپ کی بندی بھی ہے، اس کی نسبت آپ کے ساتھ بھی ہے، اس کو معاف کرتا ہوں۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بے غیرت ہیں وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی سفارش وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ کو رَد کرتے ہیں۔ ابھی ایک ڈی آئی جی یا کمشنر سفارش لکھ دے کہ اپنی بیوی کا خیال رکھنا۔ تو بتائیے کہ ہم لوگ کتنا خیال کریں گے اور اللہ تعالیٰ سفارش نازل فرمارہے ہیں کہ ان سے بھلائی کے ساتھ پیش آؤ۔ یہاں ہمارا کیا معاملہ ہے اور کیا ہونا چاہئے ہر شخص اپنی حالت پر غور کرلے۔

لہٰذا اس شخص نے دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے معاملہ کرلیا اور بیوی کو معاف کردیا اور اس کو کچھ نہیں کہا۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ جب اس کا انتقال ہوگیا تو ایک بزرگ نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ تمہارے ساتھ اللہ نے کیا معاملہ کیا؟ اس نے کہا کہ میاں معاملہ تو بڑا خطرناک تھا۔ بڑے گناہوں کا معاملہ پیش ہوگیا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میری ایک بندی نے جس دن سالن میں نمک تیز کردیا تھا اور تم نے میری اس بندی کی خطا معاف کردی تھی جاؤ اس کے صلہ میں آج تم کو معاف کرتا ہوں۔

بس غصہ کو پی جانا ایک بہت بڑا مجاہدہ ہے کیونکہ غصہ آگ ہے اس کو روکنے میں سخت تکلیف ہوتی ہے اس لئے اس پر اَجر بھی عظیم ہے اور مجاہدہ کے بقدر مشاہدہ ہوتا ہے۔ بعض لوگوں کو اس مجاہدہ کی بدولت بڑی کرامت حاصل ہوگئی اور اولیاء کی کرامت برحق ہے۔ کَرَامَاتُ الْاَوْلِیَاءِ حَقٌّ اسلامی عقائد میں سے ہے اس لئے کرامتِ اولیاء کا انکار بڑی گمراہی کی بات ہے البتہ کرامت کسی ولی کے اختیار میں نہیں ہوتی کہ جب وہ چاہے خود صادر کردے بلکہ جب اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں اپنے کسی مقبول بندے کو عطا فرما دیتے ہیں کرامت فعلِ عبد نہیں ہے فعلِ معبود ہے۔

امام بخاریؒ باب کفالت کے اندر اولیاء اللہ کی کرامت کی حدیث لائے ہیں اور اولیاء اللہ کی کرامت کو بیان کرنے والے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ولی کی کرامت کو بیان فرمارہے ہیں، پیغمبر ایک امتی کی کرامت کو بیان فرمارہے ہیں کہ بنی اسرائیل کے ایک شخص کو جو اللہ تعالیٰ کے مقبول اور ولی تھے ایک ضرورت پیش آئی انہوں نے ایک شخص سے ایک ہزار دینار قرضہ مانگا، قرض دینے والے نے کہا کہ کیا تمہارے پاس کوئی گواہ ہے؟ انہوں نے کہا کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًا، اللہ تعالیٰ باعتبار شاہد کے کافی ہیں یعنی شاہد کی ضرورت نہیں اللہ تعالیٰ کی ذات کافی ہے پھر اس نے کہا کہ کوئی کفیل اور ذمہ دار لاؤ کہ اگر تم نہ دو تو ہم کس سے وصول کریں؟ تب انہوں نے جواب دیا کَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا اللہ تعالیٰ ہی ہمارا وکیل اور کارساز ہے وہی ہمارا کفیل ہے۔ یہ دو مضمون سن کر اس نے کہا صَدَقۡتَ تم نے سچ کہا تم اپنے قول میں صادق ہو اور فوراً ایک ہزار دینار قرض دے دیا اور وہ دریا پار چلے گئے اور اپنی ضرورت کو پورا کیا۔

جس دن قرض ادا کرنے کا وعدہ تھا اس دن وہ دینار لے کر پھر آئے لیکن کوئی سواری نہ ملی، بےچارے بےچین تھے کہ کوئی کشتی ملے تو دریا پار جا کر اس کا قرض دے دیں۔ جب کوئی سواری نہ ملی تو انہوں نے لکڑی کا ایک موٹا سا کندا لیا، اس میں سوراخ کیا اور ایک ہزار دینار اس میں رکھ دئے اوپر سے کیل لگا کر مضبوطی سے بند کردیا اور اللہ کے بھروسہ پر دریا میں ڈال دیا اور کہا یا اللہ آپ کو معلوم ہے کہ میں نے فلاں شخص سے قرضہ لیا تھا اور میں نے بہت کوشش کی کہ مجھے کوئی سواری مل جائے لیکن نہ ملی بس آپ اس کو حفاظت سے اس تک پہنچا دیجئے جس سے میں نے قرض لیا تھا، اب

ہواؤں کے تھپیڑوں میں لکڑی کا وہ بڑا سا ٹکڑا چل رہا ہے کہیں اور بھی جا سکتا تھا۔ یہ کرامت تھی کہ ہواؤں کے تھپیڑوں سے اس بستی میں پہنچ گیا' اُدھر وہ صاحب انتظار کر رہے تھے کہ شاید کسی کشتی سے وہ شخص میرا مال لے کر آجائے کہ اچانک دیکھا کہ ایک لکڑی کا ٹکڑا بہتا ہوا آرہا ہے وہ انہوں نے اپنی بیوی کے لئے لے لیا کہ چلو چولہا گرم کرنے کا سامان اللہ نے بھیج دیا۔ بس اس پر کلہاڑی جو ماری تو ایک ہزار دینار اس میں سے نکل آئے۔ اور ایک پرچہ بھی اس میں رکھا ہُوا تھا کہ اے شخص مجھ کو سواری نہیں ملی لہٰذا مجبوراً میں اللہ کے بھروسہ پر یہ بھیج رہا ہوں۔ اس کے بعد ان کو کشتی بھی مل گئی۔ کشتی پر بیٹھ کر وہ پھر ایک ہزار دینار لائے کہ ممکن ہے کہ پہلے دینار نہ ملے ہوں۔ لہٰذا جب انھوں نے پیش کئے تو اس نے کہا کہ آپ نے تو پہلے ہی بھیج دئے تھے اور سارا واقعہ بیان کیا کہ لکڑی کے اندر سے اس طرح سارا روپیہ مل گیا۔ فَانْصَرَفَ بِالْفِ دِيْنَارٍ رَاشِدًا پس نہایت ہی خوش اور اللہ تعالیٰ کے اس فضل اور کرامت پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہُوئے واپس ہو گئے۔ (بخاری شریف کتاب الکفالۃ ص۳۰۶ ج ۱)

اس لئے اولیاء اللہ کی کرامت برحق ہے لیکن لوازم ولایت میں سے نہیں ہے۔ بعضے بے وقوف سمجھتے ہیں کہ ہر ولی کے لئے کرامت لازم ہے ولی کے لئے اہتمام تقویٰ، اتباعِ سنّت، اتباعِ شریعت یہ چیزیں تو لازم ہیں لیکن عصمت بھی لازم نہیں ہے کہ کبھی ان سے خطا ہی نہ ہو۔ نبوت کے لئے تو عصمت لازم ہے لیکن ولایت کے لئے کبھی خطا کا صدور منافی ولایت نہیں بشرطیکہ وہ اس کی تلافی کرے معافی مانگ لے۔ اللہ سے توبہ کرلے استغفار کرلے۔

حضرت جُنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس دس سال تک ایک شخص رہا تھا۔ اس نے حضرت سے کوئی کرامت نہیں دیکھی۔ ہوا پر اُڑتے ہوئے، پانی پر بغیر کشتی کے چلتے ہُوئے نہیں دیکھا تو مایوس ہو کر واپس ہونے لگا اور کہا کہ حضرت دس سال تک میں نے آپ کے اندر کوئی کرامت نہیں پائی۔ لہٰذا واپس جارہا ہوں۔

حضرت جُنیدؒ نے فرمایا کہ اے شخص تُو نے دس سال کے اندر مجھ سے کوئی کام خلافِ شریعت اور خلافِ سنّت ہوتے ہُوئے دیکھا۔ اس نے کہا کہ حضرت دس سال تک میں نے آپ کا کوئی کام خلافِ شریعت اور خلافِ سنّت نہیں پایا۔ اس پر حضرت جنید بغدادیؒ نے ایک آہ کھینچی اور فرمایا آہ جس غلام نے دس سال تک اپنے مالک کو ایک لمحہ کے لئے بھی ناراض نہیں کیا اس سے بڑھ کر تُو کیا کرامت چاہتا ہے؟

حضرت ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں الاستقامۃ فوق الف کرامۃ سنّت و شریعت پر استقامت ایک ہزار کرامت سے افضل ہے۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ غصّہ کو ضبط کرنے سے اور مخلوق کی ایذاؤں کو برداشت کرنے سے بعض بزرگوں کو بڑی کرامت عطا ہوگئی۔ حضرت شاہ ابُوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ شیر پر چلتے تھے اور جنگل کی لکڑی کاٹ کر شیر پر رکھتے تھے۔ اور اگر کبھی شیر شرارت کرتا تھا تو زندہ سانپ کا کوڑا تھا اس سے شیر کی پٹائی کرتے تھے۔ خراسان سے ایک شخص ان سے بیعت ہونے خرقان گیا۔ لیکن ان کی بیوی بڑی تیز مزاج تھیں۔ پُوچھا کیسے آئے۔۔۔۔ کہا کہ حضرت سے مُرید ہونے آیا ہوں۔ کہنے لگیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ مجھ سے زیادہ اس پیر کا حال دُنیا کیا جان سکتی ہے؟ رات دن میں اس کے ساتھ ہوں بالکل بنا ہوا

مکار ہے تم کہاں چکر میں آ گئے ؟ تمہارے دماغ میں عقل بھی ہے یا نہیں ؟ ایسی باتیں سنائیں کہ وہ تو رونے لگا کہ میرا ہزار میل کا سفر بے کار ہو گیا ۔ محلّہ والوں نے کہا کہ ان کی بیوی مزاج کی تیز ہے خبردار بدگمانی مت کرو ، جاؤ شیخ جنگل سے لکڑیاں لے کر آرہے ہوں گے ۔ وہاں دیکھا کہ شیر پر بیٹھے ہوئے حضرت شاہ ابوالحسن خرقانی تشریف لا رہے ہیں ۔

مولانا جلال الدین رومیؒ فرماتے ہیں کہ شیخ کو کشف ہو گیا کہ یہ بیگم کی باتیں سن کر با غم آرہا ہے یعنی غمگین ہے ، شیخ ہنسے اور فرمایا کہ بھائی کچھ پریشان نظر آرہے ہو کیا بات ہے ۔ کہنے لگا کہ حضرت آپ کے گھر میں تو بڑی تلخ مزاج ہے ایسی بیوی سے آپ نے کیوں شادی کی ، تو شیخ نے فرمایا کہ یہ جو مجھے شیر کی سواری ملی ہے اور زندہ سانپ کا کوڑا ملا ہے یہ کرامت اسی خاتون کی تکلیفوں پر صبر کا انعام ہے ۔

اور اب مولانا رومیؒ کی زبانی سنئے کہ شاہ ابوالحسن خرقانیؒ نے فرمایا :

گر نہ صبرم می کشیدے بارِ زن
کے کشیدے شیرِ نر بے گار من

اگر میرا صبر اس عورت کی تکلیفوں کے بوجھ کو نہ اٹھاتا تو بھلا یہ شیرِ نر کب میری بے گاری کرتا اور میرا غلام بنتا ؟

عادت اللہ یہی ہے کہ جس کو کوئی نعمت دیتے ہیں مجاہدہ کرا کے دیتے ہیں ۔ حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں کتنے نازک مزاج تھے ۔ دشمن نے جب ان کو گولی ماری کسی نے پوچھا حضرت مزاج کیسے ہیں ؟ فرمایا کہ گولی سے تو کوئی تکلیف نہیں ، لیکن گندھک کی بدبو سے سخت تکلیف ہو رہی ہے ۔ دہلی کی جامع مسجد سے نماز پڑھ کر واپس ہوتے تھے اگر راستہ میں کوئی

پلنگ ٹیڑھا پڑا ہُوا دیکھ لیا تو سَر میں درد ہوگیا۔ رضائی میں اگر دھاگے ٹیڑھے ڈال دیئے تو ساری رات نیند نہیں آئی۔ دہلی کا بادشاہ حاضرِ خدمت ہُوا اور پانی پی کر کٹورا صراحی پر ترچھا رکھ دیا۔ حضرت کے سر میں درد ہوگیا۔ پھر اس نے عرض کیا کہ حضرت آپ کی خدمت کے لئے میں ایک خادم دینا چاہتا ہوں تو فرمایا کہ اب تک تو میں خاموش تھا تم نے پانی پی کر کٹورا صراحی پر ترچھا رکھ دیا جس سے میرے سر میں درد ہوگیا تمہارا خادم میں کیا قبول کروں جیسے تم ہو ایسا ہی تمہارا خادم ہوگا۔

ان مرزا مظہر جانِ جاناں کو الہام ہُوا کہ دلی میں ایک نہایت بدمزاج، غصہ والی اور بداخلاق عورت ہے اگر تم اس سے نکاح کر لو تو سارے عالم میں ہم تمہارا ڈنکا پٹوا دیں گے۔ اہل اللہ کو الہام ہوجاتا ہے۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ بس حرف آواز نہیں آتی ورنہ ہر وقت دل میں باتیں ہوتی رہتی ہیں کہ یہ کرلو، یہ نہ کرو۔ ؎

قولِ اوراللحن سنے آواتنے

اسی کو خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ؎

تم سا کوئی ہمدم کوئی دمساز نہیں ہے
باتیں تو ہیں ہر دم مگر آواز نہیں ہے
ہم تم ہی بس آگاہ ہیں اس ربطِ خفی سے
معلوم کسی اور کو یہ راز نہیں ہے

حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں نے اللہ تعالیٰ سے سودا کر لیا۔ اہل اللہ تو ہر وقت اللہ تعالیٰ کی مرضی پر اپنے دل و جان قربان کرنے کی راہیں تلاش کرتے رہتے ہیں۔ ؎

ان کی مرضی پر مری قربان جاں
اللہ اللہ میں تھا اِس قابل کہاں
جو تُو مشتری ہے تو اے جان عالم
بہ نوک سنانت جگر می فروشم
بہ تیغ ادائے تو سر می فروشم

ایک کابلی آیا۔ حضرت نے فرمایا کہ جاؤ گھر سے کھانا لے آؤ۔ آواز دے کر کہا کہ حضرت نے کھانا منگایا ہے کھانا دے دو، بس پھر کیا تھا حضرت کو خوب بُرا بھلا کہنا شروع کر دیا کہ پہلے سے کیوں نہیں منگایا۔ ایک گھنٹہ سے کھانا لئے بیٹھی ہوں اور وہاں مجلس ملفوظات و ارشادات ہو رہی ہے بڑے پیر بنے بیٹھے ہیں اور ہمیں اذیت پہنچا رہے ہیں بندوں کے حقوق کا خیال نہیں۔ پیر کیا ہے مکّار ہے وغیرہ وغیرہ، کابلی نے تو چھُرا نکال لیا مگر پھر خیال آیا کہ یہ تو میرے شیخ کی بیوی ہے اس لئے فوراً رکھ لیا اور اپنی زبان میں کہا تم ہمارے شیخ کا بی بی ہے اس لئے چھوڑ دیا ورنہ ابھی کام تمام کر دیتا اور آکر عرض کیا حضرت ایسی کڑوی عورت سے آپ نے کیوں شادی کی۔ فرمایا کہ بیوقوف یہ سارے عالم میں مظہر جانِ جاناں کا جو ڈنکا پٹ رہا ہے یہ اسی عورت کی برکت سے ہے، اس کی ایذاؤں پر صبر کرتا ہوں اور اس صبر پر اللہ تعالیٰ نے مجھے استقامت عطا فرمائی ہے یہ اسی کا انعام ہے۔

دوستو! ایمان لانے کے بعد اللہ کے راستہ پر جمے رہنا اسی کا نام استقامت ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا

گھڑی میں اولیاء اور گھڑی میں بھوت بننے والے تو بہت سے ہیں

کچھ دن تو بالکل فرشتے بن گئے اور جب نفس کا غلبہ ہوا تو سب چھوڑ چھاڑ کر بالکل شیطان بن گئے۔ جب غصہ چڑھا تو پھر یہ بھی نہیں دیکھتے کہ میں کون ہوں اور میرا اللہ کون ہے۔ پھر ان کو پتہ ہی نہیں رہتا کہ میں ابھی تلاوت کر رہا تھا اور رات کو تہجد بھی پڑھی ہے اور اشراق بھی پڑھی ہے غصہ میں بس ایک دم شیطان ہو گئے اور پٹائی شروع کر دی جو منہ میں آیا بکنا شروع کر دیا۔

اس وقت آدمی بالکل شیطان ہو جاتا ہے کیونکہ شیطان آگ سے پیدا ہے اور حدیث میں ہے کہ غصہ بھی آگ سے پیدا ہوتا ہے۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر روح المعانی (ص۹۵ ج ۱) میں حدیث نقل کرتے ہیں:

اِتَّقُوا الْغَضَبَ فَاِنَّهٗ جَمْرَةٌ تَتَوَقَّدُ فِيْ قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ

غصہ سے بچو کیونکہ یہ آگ کا شعلہ ہے جو ابنِ آدم کے دل میں سلگتا ہے۔

اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دلیل بیان فرمائی کہ غصہ کا مادہ اور اس کے اجزاء آگ سے بنتے ہیں۔

اَلَمْ تَرَوْا اِلَى انْتِفَاخِ اَوْدَاجِهٖ وَ حُمْرَةِ عَيْنَيْهِ

کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ جس پر غصہ چڑھتا ہے اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں اور اس کی آنکھیں لال ہو جاتی ہیں۔ آنکھیں بتاتی ہیں کہ اندر آگ ہے آگ جل جائے تو شیشہ کے باہر سے لال لال آگ نظر آتی ہے۔ آنکھیں شیشہ ہیں یہ بتاتی ہیں کہ دل میں آگ لگی ہوئی ہے اور دوسری دلیل اِنْتِفَاخِ اَوْدَاجِهٖ بیان فرمائی یعنی اس کی گردن کی رگیں بھی پھول جاتی ہیں۔

تو غصہ میں گویا آدمی شیطان ہو جاتا ہے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا اور غصہ میں دل میں آگ لگ جاتی ہے جیسا کہ میں نے ابھی آپ کو حدیثِ پاک سنائی۔ لہٰذا غصہ میں جو شیطانی کام بھی پیدا ہو جائے وہ بعید نہیں ہے۔

غصہ میں ایسے خطرناک اعمال لوگوں سے ہوتے ہیں کہ جس کا آپ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ غصہ میں لوگوں نے اللہ کو گالی دے دی۔ شریعت کو گالی دے دی، مسلمان سے کافر ہو گئے۔ العیاذ باللہ۔ غصہ میں انسان اپنے ماں باپ سے لڑ جاتا ہے۔ اپنی بیوی پر حد سے زیادہ سختی کر دیتا ہے ظلم کر دیتا ہے اور اس کی وجہ سے اس کی آہ لیتا ہے۔ غصہ میں بیوی شوہر کے ساتھ گستاخی کر جاتی ہے، اور بیٹا باپ سے، شاگرد اُستاد سے، مُرید شیخ سے، اُمتی نبی سے اور بندہ اللہ تعالیٰ سے لڑ جاتا ہے یہ ایسی خطرناک بیماری ہے، اس خطرناک بیماری سے انسان اپنے بڑوں کی شفقتوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ اگر شاگرد اُستاد سے لڑ جائے گا تو کیا استاد اس پر شفقت کرے گا؟ جو بھی اپنے بڑوں کا ادب کرے گا اپنے بڑوں کی عنایات سے مالا مال ہو جائے گا۔ اسی لئے کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ ہم اپنے بڑوں کے معاملہ میں ایک دم پانی ہو جائیں جیسے چاہیں وہ ہم پر ناز دکھائیں ہم اس کو برداشت کریں۔ اختر بھی آپ سے دُعا چاہتا ہے۔

ہزاروں واقعات ہیں کہ غصہ کی بیماری کی وجہ سے ہزاروں گھر برباد ہو گئے۔ ابھی کچھ دن پہلے میرا سفر ٹنڈو جام کا ہوا۔ اسی سال کے ایک بڑے میاں آئے، کہنے لگے کہ میرے داماد نے میری بیٹی کو تین طلاق دیدی اور اس کے آٹھ لڑکے ہیں اور نواں بچہ پیٹ میں ہے۔ سُنئے ذرا۔ ایک تو جوانی میں کوئی غلطی کر دے تو کہہ دیتے ہیں کہ نا سمجھی سے کم عقلی سے ایسا ہو گیا لیکن یہ تو بڑھاپے کی عمر کو پہنچ گئے اور تبلیغ میں بھی جاتے رہتے ہیں۔ اب ان کو بھی دورے پڑ رہے ہیں کیونکہ چھوٹے چھوٹے بچے چھوٹ گئے۔ غصہ میں تو انسان کو اپنی نالائقی کا پتہ ہی نہیں رہتا۔ اب بعد میں ہوش آیا کہ میں

نے کیا بے وقوفی کی کہ بیوی کو ہمیشہ کے لئے جُدا کر دیا۔ اور بچے بھی تمام عمر کوسیں گے کہ کیسا ظالم باپ تھا کہ جس نے ہماری ماں کو اس عمر میں آکر طلاق دی۔ سارے گھر میں آگ لگ گئی، اب اس شوہر کو خود اتنا غم ہے کہ دورے پڑ رہے ہیں، دل کی بیماری ہو گئی۔ لیکن اب کیا ہوتا ہے۔ اب پچھتائے کیا ہو جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت۔

دوستو! غصہ بہت خطرناک چیز ہے اس کے علاج میں دیر نہ کرنی چاہیئے ورنہ دیکھ لیجئے۔ ایسی عمر میں بڑھاپے میں نو بچوں کا باپ اور بچے بھی بڑے بڑے ایک بچہ تو اتنا بڑا ہے کہ نوکری کرتا ہے۔ غصہ میں پورے گھر کو تباہ کر دیا اور غصہ بھی کس بات پر آیا۔ یہ بھی سُن لیجئے آپ کہیں گے کہ کوئی بڑی اہم بات ہوگی۔ بچہ نوکری پر نہیں گیا، طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ باپ نے پُوچھا کہ نوکری پر کیوں نہیں گئے اس نے کہا کہ آج میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ بس جُوتے سے پٹائی شروع کر دی کہ تُو بہانہ بازی کرتا ہے یہ بدگمانی بھی کی، کسی کو بدگمانی کرنے کا حق نہیں۔ بیٹے کے منہ سے بھی کچھ نکل گیا۔ ماں نے سفارش کر دی کہ کیوں میری اولاد کو پیٹتے ہو؟

ماں کو محبت زیادہ ہوتی ہے جب باپ پٹائی کرتا ہے تو ماں سفارش کرتی ہے۔ وجہ کیا ہے؟ کہ نو مہینے پیٹ میں رکھتی ہے اباجان پیٹ میں نہیں رکھتے اور اپنا خون پلاتی ہے دو سال دُودھ پلاتی ہے اور دُودھ خون سے بنتا ہے۔ جو نو مہینے پیٹ میں رکھے اور اپنا خون پلائے اسے ترس نہ آئے گا؟ اس نے کہا کہ مہربانی کر کے میرے بچے کو معاف کر دو، حالانکہ بچہ تو باپ کا بھی ہوتا ہے لیکن ماں اپنی طرف نسبت زیادہ کرتی ہے کہ تم میرے بیٹے کو قصائی کی طرح کیوں مار رہے ہو۔ بس اس پر اس نے کہا کہ اچھا میں تو اس کو ٹھیک کر

رہا ہوں تو میرے کام میں دخل دے رہی ہے لہٰذا تجھ کو طلاق۔ طلاق، طلاق۔ گویا پستول کی تین گولیاں لگادیں، دونوں گھر برباد ہو گئے۔ لڑکی والے کا گھر اور لڑکے والے کا گھر دونوں میں آگ لگ گئی۔ اب دونوں کو دل کے دورے پڑ رہے ہیں بس عبرت کا مقام ہے۔ جو اپنے نفس کی اصلاح نہیں کراتا خود بھی برباد ہوتا ہے اور اپنے متعلقین کو بھی برباد کرتا ہے۔ اصلاح کے بغیر کام نہیں بنتا۔

حضرت ڈاکٹر عبدالحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آرام باغ کے پاس مسجد باب الاسلام میں ایک نوجوان دُعا مانگ رہا تھا اور ایسا گڑگڑا کے دُعا مانگ رہا تھا کہ میں اس کا معتقد ہوگیا اور اس کے چہرہ کی زیارت کو میں نے اپنے لئے نعمت سمجھا کہ یہ نوجوانی میں ہی ولی اللہ معلوم ہوتا ہے۔ اتنے میں ایک بڑے میاں جن کو کم نظر آتا تھا مسجد سے جارہے تھے ان سے اس نوجوان کو ذرا سا دھکا لگ گیا پیر لڑکھڑا گئے۔ بڑھاپے میں پیر بھی کانپنے لگتے ہیں تو وہ صاحب جو ابدال لگ رہے تھے، قطب الاولیاء معلوم ہو رہے تھے بولے کہ ابے او نالائق اُلّو سوجھائی نہیں دیتا اندھا کہیں کا۔ بڈھا ہوگیا اور ابھی تک اتنی تمیز نہیں تجھ کو مجھے دھکا لگا دیا۔ ہاتھ بھی اللہ کے سامنے پھیلے ہوئے ہیں اور ایک بے چارے بوڑھے کو گالیاں بھی بک رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بس اتنی عبرت ہوئی کہ ہائے میں تو اس کو ولی اللہ سمجھ رہا تھا مگر یہ تو شیطان کا بھی دادا نکلا کہ ایک بوڑھے شخص کے ساتھ ایسی بدتمیزی کر رہا ہے۔

اس لئے اصلاح ضروری ہے لوگ کہتے ہیں کہ بس بخاری شریف پڑھنے سے اصلاح ہو جائے گی۔ ارے میاں اگر صرف تلاوتِ قرآن سے اصلاح ہو

جاتی تو نبیوں کو اللہ تعالیٰ نے کیوں پیدا کیا اور تزکیہ کی نسبت نبی کی طرف کیوں کی گئی ۔ وَیُزَکِّیْهِمْ کہ ہمارے نبی تمہاری اصلاح کریں گے ۔ اصلاح کی نسبت نبی کی طرف ہے اور پھر نائبینِ انبیاء کی طرف ہے ۔ آدمی آدمی بناتا ہے کتاب خود سمجھ میں نہیں آسکتی کتاب اللہ کے لئے رجال اللہ پیدا کئے جاتے ہیں ۔ دیکھئے سُورۃ فاتحہ کی تفسیر معارف القرآن میں مفتی محمد شفیع صاحب نے لکھا ہے کہ :۔ کتاب اللہ کو سمجھنے کے لئے رجال اللہ کی ضرورت ہے ۔ اور کتاب پر عمل کرنے کے لئے ہمت کا پیٹرول بھی انہی مردانِ خدا کے سینوں سے عطا ہوتا ہے ۔ اگر نبی وقت زندہ ہے تو نبی کے سینہ سے اور اگر نبی زندہ نہیں ہے دُنیا سے تشریف لے گیا تو اس کے نائبین کے سینوں سے ۔ اور جنہوں نے رجال اللہ کو چھوڑ کر کتاب اللہ کو سمجھنا چاہا وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دُوسروں کو بھی گمراہ کیا ۔ صراط منعم علیہم کو چھوڑ کر دین نہیں مل سکتا ۔

مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے یہی فرمایا تھا کہ ہم حاجی امداد اللہ صاحبؒ سے جو مُرید ہوئے ہیں تو ہم نے ان سے مسئلہ پُوچھنے کے لئے مُریدی نہیں کی مسئلہ تو حاجی صاحب ہم سے پوچھیں گے لیکن ہم نے جو کچھ پڑھا ہے اس پر عمل کرنے کے لئے توفیق اور ہمت کا پیٹرول حاجی صاحب سے ہم لینے گئے تھے دیکھئے اتنے بڑے بڑے عُلماء بھی اہل اللہ سے بے نیاز اور مستغنی نہیں ہُوئے ۔ بس سبق لینے کی بات ہے ۔

تو میرے دوستو! اصلاح کے لئے کسی مصلح سے تعلق ضروری ہے لیکن اللہ والوں کی دوستی ان کے پاس اُٹھنا بیٹھنا اور ان کی صُحبت میں رہنا ہی کافی نہیں ان کو اپنے حالات بتانا پھر ان کے مشوروں کی اتباع بھی ضروری ہے ۔ صُحبت کے حقوق بھی تو ہوتے ہیں ، یہ نہیں کہ ان کی مُرغ کی دعوت کر دی یا چائے

پلادی اور اصلی مکھن کھلا دیا اور سمجھے کہ ان کی صحبت کا حق ادا ہو گیا۔

صحبتِ اہل اللہ کے حقوق میں سے ہے کہ اپنے حالات ان سے بیان کئے جائیں پھر ان کے مشوروں پر عمل کیا جائے۔ اطلاع اور اتباع ہو اخلاص کے ساتھ۔

اب غصہ کا ایک علاج بتاتا ہوں۔ غصہ کے علاج کا ایک پرچہ چھپا ہوا ہے خانقاہ سے آپ وہ بلا پیسہ مفت حاصل کریں۔ بلا پیسہ کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اس میں پیسہ ہی نہیں لگا۔ پیسہ لگا ہے جس کا لگا ہے جس نے اللہ کے لئے خرچ کیا ہے لیکن آپ کو مفت مل جائے گا۔ اس میں چھ سات نمبر ہیں وہ آپ بعد تقریر خانقاہ سے حاصل کر لیں۔

مختصر سا علاج عرض کرتا ہوں کہ جب غصہ آجائے تو فوراً اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ط پڑھیں لیکن ذرا دائیں بائیں بھی دیکھ لیں کیونکہ آج کل عجیب معاملہ ہے کہ اگر کسی شخص پر غصہ چڑھا اور آپ نے کہا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط تو بعض آدمی لڑنے مرنے کو تیار ہو جاتا ہے کہتا ہے کہ اچھا آپ نے مجھے شیطان بنا دیا۔ حالانکہ اعوذ باللہ میں تو اللہ تعالیٰ سے پناہ اور حفاظت طلب کی جارہی ہے شیطان کے شر سے۔ لیکن جہالت کا کیا علاج۔

اسی طرح لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط کے اندر خاصیت ہے کہ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق دے دیتے ہیں۔ لَا حَوْلَ کے معنی ہیں نہیں طاقت ہے گناہ سے بچنے کی اور وَلَا قُوَّۃَ کے معنی ہیں نہیں طاقت ہے نیک عمل کرنے کی اِلَّا بِاللّٰہِ مگر اللہ کی مدد سے۔ حدیث پاک میں بشارت ہے کہ اس کو پڑھنے سے توفیق کا خزانہ مل جاتا

ہے۔ اس کو کَنْزٌ مِنْ کُنُوْزِ الْجَنَّۃِ فرمایا گیا کہ یہ جنت کا خزانہ ہے۔ (بخاری شریف ص۱۰۹۹ ج ۲)

محدثین نے اس کی شرح میں لکھا ہے کہ کیونکہ اس سے گناہ سے بچنے کی اور نیک عمل کرنے کی توفیق ملتی ہے لہٰذا جنت تو پھر مل ہی جائے گی۔ جنت کے دو ہی خزانے ہیں، نیک عمل اور گناہ سے بچنا۔ اور دونوں اس سے حاصل ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ارشاد فرمایا گیا کہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے لیکن آپ راستے میں کہیں جا رہے ہوں اور آپ کے اندر کسی گناہ کا تقاضا ہو رہا ہو اور آپ پڑھ دیں " لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ " تو اس کو سُن کر بعض آدمی آپ سے لڑنے لگے گا کہ آپ نے مجھے دیکھ کر لاحول پڑھا، مجھے شیطان بنا دیا۔ اب یہ غلط چیز مشہور ہو گئی کہ لاحول شیطان پر پڑھی جاتی ہے۔ اس لئے آدمی لڑنے اور مرنے مارنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے یہ نادانی ہے کیونکہ اس کے معنی اس کو معلوم نہیں فوراً کہتا ہے کہ آپ نے مجھ پر لاحول پڑھ دیا۔ اُوہ! معلوم ہوتا ہے کہ بڑی خطرناک گالی دے دی لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ لہٰذا اس کو سُن کر بُرا نہیں ماننا چاہئے یہ اللہ سے مدد لینے کا وظیفہ ہے۔

تو غصہ کے وقت اعوذ باللہ پڑھ لے اور جس پر غصہ آ رہا ہے وہاں سے ہٹ جائے یا اس کو ہٹا دے۔ اس سے کہہ دے کہ آپ اس وقت میرے سامنے سے چلے جائیں لیکن بعض وقت اتنی ہمت نہیں ہوتی کہ ہم اس کو ہٹا سکیں ایسے وقت میں خود ہی وہاں سے بھاگ جائے، مسجد چلا جائے وضو کرلے اور دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر دُعا کرلے، پانی غصہ کا علاج ہے وضو کر لو اور پانی بھی پی لو۔ کیونکہ آگ جب لگتی ہے تو پانی ہی سے تو بجھتی ہے یہ

حدیثوں کے علاج میں کہ جس پر غصہ چڑھے وضو کرلے ، اور اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور بیٹھا ہو تو لیٹ جائے اس طرح وہ انتقام لینے سے دُور ہوتا جا رہا ہے کیونکہ مارنے کے لئے کھڑے ہو کر دوڑنا آسان تھا اور اب جب بیٹھ گیا تو انتقام سے ایک درجہ دُور ہو گیا ، اب بیٹھ کر دوبارہ اُٹھنے سے تھوڑی سی تو کاہلی لگے گی اور اگر لیٹ گیا تو انتقام سے تین درجہ نیچے آ گیا ۔ کہے گا کہ لیٹ کر بیٹھوں اور بیٹھ کر کھڑا ہوں اور پھر دوڑوں مارنے کے لئے ۔ چلو جانے دو ۔ (۱؎ مشکوٰۃ ص۴۳۴) (۲؎ کنز الاعمال ص۸۲۸ ج۳)

حدیث کی ترتیب دیکھئے کہ کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ ، بیٹھے ہو تو لیٹ جاؤ اس میں حکمتیں پوشیدہ ہیں اور وضو کا بھی حکم فرمادیا تاکہ مزاج ٹھنڈا ہو جائے اور اللہ کے عذاب کو سوچے کہ جتنا غصہ مجھے اس پر آرہا ہے اگر اللہ تعالیٰ مجھ سے ناراض ہو جاویں تو میرا کہاں ٹھکانہ ہے اور جتنی طاقت مجھے اس پر ہے اس سے زیادہ طاقت و قدرت خدا کو مجھ پر ہے ، اس وقت خدا کو یاد کرے اگر اس وقت خدا یاد نہیں آتا اور غصہ کی حالت میں خدا کا عذاب ، خدا کی پکڑ کسی کو یاد نہیں رہتی اور غصہ والا کہتا بھی یہی ہے کہ صاحب ہمیں تو کچھ یاد نہیں رہتا یہی دلیل ہے کہ اس وقت وہ شیطان کے قبضہ میں چلا گیا چاہے سید صاحب ہوں ، مولوی صاحب ہوں ، صُوفی صاحب ہوں ، واعظ صاحب ہوں یا کوئی صاحب ہوں ۔ کیا وجہ ہے کہ مومن ہو کر ہم نے اس وقت خدا کو بھلا دیا اور بنتے ہیں صُوفی ۔ تسبیحات بھی ہیں گریہ وزاری بھی ہے ۔

ارے ان آنسوؤں کی کوئی قیمت نہیں ہے اگر یہ اللہ تعالیٰ کے غضب سے نہیں ڈرتا ۔ چاہے اس کو کتنا ہی رونا آئے ۔ لیکن اگر اللہ تعالیٰ کے بندوں کے حقوق میں وہ خدا کو یاد نہیں رکھتا تو کیا اس کے آنسو ہیں ۔ حالتِ غضب

میں سوچے کہ ہم کس کے بندے ہیں اللہ تعالیٰ آسمان سے دیکھ رہا ہے۔ اللہ کی رحمت سے اُمیدوار تو بنے ہوئے ہیں کہ قیامت کے دن خدا ہمیں اپنی رحمت سے بخش دے لیکن اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر رحم کرنا نہیں آرہا ہے یہاں ہم بالکل بے ہوش ہو جاتے ہیں کہ کوئی ذرا سا ستا دے تو بغیر انتقام لئے چین نہیں آتا۔

علامہ ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

اِنَّ الْوَلِیَّ لَا یَکُوْنُ مُنْتَقِمًا وَالْمُنْتَقِمُ لَا یَکُوْنُ وَلِیًّا

اللہ کا ولی انتقام لینے والا نہیں ہوتا اور انتقام لینے والا اللہ کا ولی نہیں ہو سکتا۔

جو اللہ کے بندوں پر رحم کرنا نہیں جانتا وہ کس منہ سے اللہ کی رحمت کا امیدوار بنتا ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ایک آیت نازل فرما دی کہ اگر تم اپنی مغفرت چاہتے ہو، اگر تم مجھ سے میری رحمت چاہتے ہو تو میرے بندوں کی خطاؤں کو معاف کر دو۔

لیکن اگر کسی سے بار بار غلطی ہو جاتی ہے تو مایوس ہرگز نہ ہو۔ اس کا علاج یہ ہے کہ غصہ اُترنے کے بعد فوراً اس کی تلافی کرے۔

حضرت حکیم الامت مجددالملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک صاحب کو جو غصہ سے بار بار مغلوب ہو جاتے تھے یہ علاج تحریر فرمایا کہ جب غصہ اُتر جائے تو جس پر غصہ کیا ہے مجمع عام میں اس کے سامنے ہاتھ جوڑیئے اس کے پاؤں پکڑیئے بلکہ اس کے جوتے اپنے سر پر رکھئے۔ ایک دو بار ایسا کرنے سے ہی نفس کو عقل آجائے گی اور پھر یہ غلطی نہیں کرے گا کہے گا کہ غصہ کے بعد تو بہت ذلت اٹھانی پڑتی ہے لہٰذا ایسے غصہ سے میں باز آیا۔

یہ چند علاج ہیں کہ جس پر غصہ آرہا ہے اس سے الگ ہو جائے دُور چلا جائے، ٹھنڈا پانی پی لے، وضو کرلے، اور اللہ کے غضب اور اس کی پکڑ کو یاد کرے۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کو یہی سکھایا تھا جیسا کہ ابھی حدیث پاک سنائی گئی۔

اور غصہ کے وقت یہ سوچے کہ اگر میری خطاؤں پر اللہ تعالیٰ گرفت فرمانے لگیں تو میں کیا چاہوں گا؟ یہی کہ میری معافی ہو جائے، اللہ مجھے معاف کر دے۔ بس جب میں اپنے لئے معافی کو پسند کرتا ہوں تو مجھ کو بھی اس شخص کو معاف کر دینا چاہئے۔ اور یہ شخص میرا اتنا خطاوار نہیں جتنا میں حق تعالیٰ کا مجرم اور خطاکار ہوں اور حق تعالیٰ کا میرے ساتھ کیا معاملہ ہے؟ ان کے حلم نے مجھے بچا رکھا ہے ورنہ اگر وہ چاہیں تو ابھی زمین کو پھاڑ دیں اور زمین کے اندر مجھے دھنسا دیں۔ جب اللہ تعالیٰ کا میرے ساتھ عفو و کرم کا یہ معاملہ ہے اور میں ان کی معافی کا ہر وقت محتاج ہوں تو کیوں نہ اس شخص کو معاف کر دوں۔

حضرت حکیم الامت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ کوئی وقت مقرر کر کے روزانہ کچھ دیر اپنے عیوب کو یاد کیا کرے اور سوچا کرے کہ کائنات میں سب سے زیادہ حقیر اور بُرا میں ہوں۔ اس سے تکبّر کی جڑ کٹ جائے گی اور جب تکبّر ختم ہو جائے گا تو غصہ بھی نہ آئے گا۔ کیونکہ غصہ کا سبب کبر ہی ہے اور غصہ کے وقت یہ سوچے کہ میں تو سب سے بُرا ہوں اس لئے اپنے سے بہتر پر غصہ کرنے کا مجھے کیا حق ہے۔

ایک وظیفہ بھی ہے جس سے غصہ میں کمی آجاتی ہے۔ ۲۱ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر لے اور کھانا کھانے کے وقت تین تین بار پڑھ کر کھانے پر بھی دم کرلے اور

پانی پر بھی دم کرلے۔ اللہ کی شانِ رحمت کا اس پر ظہور ہو جائے گا کیونکہ مٹی سورج کی شعاعوں سے سفید اور روشن معلوم ہوتی ہے اور جہاں سورج کی شعاع نہیں ہے وہاں تاریک اور بے نور ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا آفتاب اس پر اپنی کرن ڈال دے گا، رحمت کی کوئی شعاع آ جائے گی انشاء اللہ اور غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔ یہ وظیفہ بزرگوں کا بتایا ہوا ہے۔ جیسا مرض ہو اس کے مناسب اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام انتخاب کرلو حق تعالیٰ کی اسی صفت کا ظہور پڑھنے والے پر ہو جائے گا۔ مثلاً بیمار ہے تو یَاسَلَامُ پڑھے، اس پر سلامتی کا ظہور ہوگا۔ مفلس ہے تو یَامُغْنِیْ پڑھے، حق تعالیٰ کی صفت غناء کا ظہور ہوگا۔ اسی طرح اللہ کا نام رحمٰن ورحیم ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے سے شانِ رحمت کا ظہور ہو گا اور اس کا غیظ و غضب کم ہو جائے گا۔ بے جا غصہ نہیں آئے گا۔

اسی لئے حضرت مولانا شاہ محمد احمد صاحب دامت برکاتہم بتاتے ہیں کہ چلتے پھرتے کثرت سے یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ پڑھتا رہے لیکن اتنا زیادہ نہ پڑھے کہ دماغ گرم ہو جائے بلکہ اپنی طاقت وتحمل کے مناسب پڑھے بس چلتے پھرتے کبھی کبھی کہہ لیا کرے یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ۔ یہ نہیں کہ مشین کی طرح زبان چلے جارہی ہے آج کل قویٰ کمزور ہو گئے ہیں زیادتی وظائف سے دماغوں میں خشکی پیدا ہو رہی ہے یہاں تک کہ بعض لوگ پاگل ہو گئے اس لئے اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کوئی وظیفہ بھی ہو طاقت سے زیادہ نہ پڑھیں بلکہ کسی مصلح سے مشورہ بھی کرلیں۔

اچھا ۲۱ مرتبہ بسم اللہ الخ پڑھنا اگر کسی کو مشکل ہوتا ہے تو چلو سات مرتبہ پڑھ لو، سات مرتبہ بھی مشکل لگے تو تین مرتبہ پڑھ لو، کیونکہ آج کل کراچی میں بڑی

معروفیت ہے۔ دیہاتوں میں تو یہ وظیفہ زیادہ بھی بتادو تو وہ کہیں گے کہ صاحب یہ تو بہت کم ہے کیونکہ ان کے قویٰ بھی مضبوط ہوتے ہیں اور وقت بھی زیادہ ہوتا ہے لیکن کراچی والے کہتے ہیں کہ ۲۱ مرتبہ بھی بہت زیادہ ہے۔ ایک تاجر سے بات ہو رہی تھی، کہنے لگے کہ صاحب مجھے تو کراچی میں مرنے کی فرصت بھی نہیں ہے۔ میں نے کہا جی ہاں آپ کو مرنے کی بھی فرصت نہیں ہے موت کا فرشتہ جب آئے گا تو سیٹھ صاحب سے مشورہ کرے گا کہ حضور آپ کو مرنے کی فرصت ہے یا نہیں؟ جان نکالوں یا نہ نکالوں، ابھی آپ "بزی" تو نہیں ہیں کہیں گے کہ "بزی" ہوں۔ وہ کہے گا اچھا "بزی" ہو مگر میں "بز" ہی بنا کے رہوں گا۔ بُز کے معنی بکری یعنی ابھی رُوح نکالتا ہوں۔ عزرائیل علیہ السلام شیروں کو بکری بنا دیتے ہیں۔ رُوح ایسے نکالتے ہیں کہ پہلوان بھی دھڑام سے گر پڑتا ہے، کوئی کتنا ہی بڑا پہلوان ہو موت کے سامنے اس کا کیا داؤ چلے گا؟

اور یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بھی چلتے پھرتے پڑھتا رہے جس کو غصہ کی بیماری ہو۔ یہاں تک کہ ڈاکٹر عبدالحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے فرمایا کہ کتنی ہی زبردست مصیبت کسی کو ہو، کتنی ہی پریشانی ہو، قرضہ کی ہو یا بیٹی کا رشتہ نہ مل رہا ہو، کوئی دشمن ستا رہا ہو یا کوئی بھی مصیبت ہو تو پانچسو مرتبہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پڑھے اوّل آخر درود شریف۔ انشاء اللہ چالیس دن بھی نہیں گذریں گے کہ اس کی مصیبت دُور ہو جائے گی اور حدیث سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب بندہ کہتا ہے یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ اس کے پاس بھیجتے ہیں جو کہتا ہے کہ اے شخص! ارحم الراحمین اپنی شانِ رحمت سے تیری

طرف متوجہ ہیں بول کیا مانگتا ہے؟ اس وظیفہ سے غصہ بھی ٹھنڈا ہوگا اور دُنیاوی کام بھی بنیں گے، مشکلات دُور ہوں گی۔

اچھا ۵۰۰ بار نہ بن سکے تو ۱۱۱ دفعہ پڑھ لیں ۱۱۱ دفعہ پڑھنا مشکل ہو تو ۷۰ دفعہ پڑھ لیں، ۷۰ دفعہ مشکل ہو تو ۷ دفعہ پڑھ لیں۔ سات دفعہ پڑھنا مشکل ہو تو تین دفعہ پڑھ لیں اور تین دفعہ بھی مشکل ہو تو ایک ہی دفعہ پڑھ لیں بہت بڑا نام ہے ان کا۔ ان کو محبت و اخلاص سے ایک دفعہ پکارنا بھی خالی نہیں جائے گا۔ اب بتاؤ اس سے زیادہ اور کیا آسانی ہوگی بہت ہی ظالم ہوگا وہ شخص جو ایک دفعہ کہنے سے بھی کاہلی کرے۔ کتنا نزول ہے۔

اگر اللہ والوں کی جوتیاں اختر نے نہ اُٹھائی ہوتیں تو اتنا نزول کرنا مشکل تھا پانچ سو سے کم نہ کرتا۔ لیکن چونکہ اللہ کے فضل سے بزرگوں کی صحبتیں اٹھائیں کان میں ان کی باتیں پڑی ہوئی ہیں۔

میرے شیخ نے سُنایا تھا کہ حکیم الامت مجدد الملت تھانویؒ نے مجھے (یعنی حضرت شیخ پھولپوریؒ کو) لکھا کہ ستر مرتبہ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا پڑھ لیا کرو۔ اس وقت حضرت شیخ پھولپوریؒ جون پور میں پڑھاتے تھے۔ تو حضرت نے حضرت حکیم الامت کو لکھا کہ میں تو سولہ سبق پڑھاتا ہوں، بالکل ہی تھک جاتا ہوں۔

حضرت حکیم الامتؒ نے تحریر فرمایا کہ اچھا اگر ستر مرتبہ نہیں پڑھ سکتے تو آپ سات مرتبہ پڑھ لیا کریں اور ایک پر دس کا وعدہ ہے فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا سات کو دس سے ضرب دو، آپ کو ستر کا ثواب مل جائے گا۔ بزرگوں کے ارشادات کی روشنی ہی میں یہ پیش کیا ہے کہ پانچ سو مرتبہ نہ سہی تو ۱۱۱ بار سہی۔ ایک سو گیارہ کَافِیْ کا ابجد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں میں سے ایک کَافِیْ ہے۔ ایک سو گیارہ مرتبہ اگر پڑھ لیا تو اللہ تعالیٰ کے نام

کافی کا عدد پورا ہوگیا۔ اس کے لئے اللہ انشاء اللہ کافی ہو جائے گا۔ اور یہ نہ ہو تو ستر مرتبہ بھی بعض اوراد کا پڑھنا حدیثوں میں آتا ہے اور سات مرتبہ بھی آتا ہے اور کم سے کم تین دفعہ پڑھنا سنّت ہے اس لئے کم سے کم تین دفعہ تو پڑھ ہی لے سنت کی نیت سے۔

اور بعض نے وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ الخ سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیا اس آیت کی برکت سے ان کا غصّہ ٹھیک ہوگیا۔ اور درُود شریف پڑھنا بھی بہت مفید ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی شان رحمت کو سوچا کرے کہ ہمیں بھی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے رحمت لینا ہے اس لئے اللہ کے بندوں کی خطاؤں کو معاف کر دے۔ خود تکلیف اٹھالے اپنی ذات سے کسی کو تکلیف نہ دے اور یہ نیک بندوں کی علامات میں سے ہے۔

علامہ بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح بخاری میں خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کیا کہ نیک بندے کون ہیں؟ قرآن پاک کی ایک آیت ہے:

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ۔ اَبْرَارٌ جمع ہے بَرٌّ کی۔ بَرٌّ معنی نیک۔ حضرت خواجہ حسن بصریؒ ابرار کی تفسیر فرماتے ہیں اَلَّذِيْنَ لَا يُؤْذُوْنَ الذَّرَّ نیک بندے وہ ہیں جو چیونٹیوں کو بھی اذیت نہ دیں اور وَلَا يَرْضَوْنَ الشَّرَّ۔ اور اللہ کی نافرمانی سے ناراض رہیں خوش نہیں ہوتے۔ اگر دوسرے کو بھی اللہ کی نافرمانی کرتے ہوئے دیکھ لیں تو دل میں دُکھ پیدا ہو جاتا ہے کہ ہائے یہ میرے اللہ کی نافرمانی کر رہا ہے۔ نیک بندوں کی دو علامات ہوئیں:

۱: وہ چیونٹیوں کو بھی اذیت نہیں دیتے۔ اور
۲: اللہ کی نافرمانی سے راضی نہیں ہوتے۔

اس لئے اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ ہم سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے خصوصاً غصہ کی حالت میں۔ کیونکہ غصہ میں عقل مغلوب ہوجاتی ہے اس لئے غصہ میں آدمی دوسرے کو زیادہ اذیت پہنچادیتا ہے۔

اچھا جس کو طاقت زیادہ ہوتی ہے اسی کو غصہ بھی زیادہ آتا ہے لیکن اگر اس کی طاقت سے زیادہ طاقت والا آجائے تب اس کا سارا غصہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ حضرت ڈاکٹر عبدالحی صاحبؒ کے صاحبزادے ڈاکٹر احسن صاحب ایک دن مجھ سے کہنے لگے کہ لوگ کہتے ہیں کہ صاحب میں غصہ میں پاگل ہو جاتا ہوں۔ تو ہنس کر کہنے لگے کہ غصہ بہت چالاک ہے پاگل نہیں ہوتا کیونکہ جس کو غصہ چڑھا ہے اگر اس سے دوگنا طاقت والا آجائے چھرا یا پستول لئے ہوئے تو جن کو غصہ چڑھا ہوا تھا اور جو ابھی کہہ رہے تھے کہ میں غصہ میں پاگل ہو گیا ہوں ان کو ایسی عقل آجائے گی کہ ایسا تیز بھاگیں گے کہ پوچھو مت، تو یہ غصہ پاگل نہیں ہے بڑا چالاک ہے۔ غصہ اپنے سے کمزوروں پر پاگل ہوتا ہے جب اس سے زیادہ طاقت والا کوئی پہلوان آجائے جس کو دیکھتے ہی یہ سمجھ لے کہ یہ ہمیں گرادے گا وہاں اس کو ایک دم عقل آجائے گی۔ ہاتھ جوڑے گا، پاؤں پکڑے گا اور رونے بھی لگے گا اور کہے گا کہ معاف کردو، سارا غصہ غائب، ایسا غائب جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔

لیکن جو اللہ تعالیٰ کے خاص بندے ہیں وہ حالتِ غضب میں بھی اپنے نفس پر غالب رہتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کتنے طاقت ور تھے قرآن میں اعلان ہورہا ہے کہ آپ نے ایک قبطی کو ایک گھونسہ مارا فَقَضٰى عَلَيْهِ ایک ہی گھونسہ میں اس کا کام تمام ہوگیا۔ جس کے گھونسہ میں اتنی طاقت ہو اس سے ان کی قوت کا اندازہ لگالیں۔ اور ایک بار اللہ کے حکم سے پتھر کی

چٹان پر ڈنڈا مارا تو چٹان اُڑ گئی، دُوسری بار مارا تو دوسری تہہ اُڑ گئی، تیسری بار ان کی لاٹھی کی ضرب سے چٹان جب اُڑی ہے تو دیکھا کہ اس کے اندر ایک کیڑا تھا جس کے منہ میں ایک ہرا پتّہ تھا، وہ اپنا رزق کھا رہا تھا اور تین چٹانوں کے اندر کہیں کوئی سوراخ بھی نہیں تھا اللہ تعالیٰ کو حضرت موسٰی علیہ السّلام کو یہ دکھانا تھا کہ ہم رزق ایسے پہنچاتے ہیں۔

رُوح المعانی میں وَمَا مِنْ دَابَّةٍ الخ کی تفسیر کے ذیل میں علامہ آلوسیؒ نے یہ واقعہ بیان کیا ہے۔ حضرت موسٰی علیہ السّلام کے دل میں یہ خیال آیا تھا کہ اللہ ساری دنیا کو رزق کس طرح دیتا ہے؟ یہ شک و شبہ نہیں تھا، انبیاء کو شک و شبہ نہیں آتا ان کا ایمان کامل ہوتا ہے بس ایک خیال آیا تھا تفصیل جاننے کے لئے کہ اللہ تعالیٰ کیسے رزق دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسٰی علیہ السّلام کو اس وقت حکم دیا کہ اس چٹان پر لاٹھی مارو۔ جب تین چٹانیں اُڑ گئیں تو دیکھا کہ اس کے اندر ایک کیڑا ہرا پتّہ کھا رہا ہے اور وہ کیڑا ایک وظیفہ بھی پڑھ رہا ہے۔ ذرا اس کا وظیفہ بھی سُن لیجئے وہ اللہ میاں کو یاد کر رہا تھا تیسرے پتھر کی چٹان کے نیچے چُھپا ہوا کیا کہہ رہا تھا؟ سُبْحَانَ مَنْ يَرَانِيْ پاک ہے وہ اللہ جو مجھے دیکھ رہا ہے، پاک ہے وہ جو تین چٹانوں کے نیچے چھپے ہوئے ایک کیڑے کو دیکھ رہا ہے وَيَسْمَعُ كَلَامِيْ اور جو میری بات کو سُنتا ہے وَيَعْرِفُ مَكَانِيْ اور جو میرے رہنے کی جگہ کو بھی جانتا ہے وَيَذْكُرُنِيْ وَلَا يَنْسَانِيْ اور جو ہمیشہ مجھ کو یاد رکھتا ہے اور کبھی مجھ کو نہیں بھولتا کہ کسی وقت روزی نہ ملے۔ (ص۳ ج ۱۲)

تو جن حضرت موسٰی علیہ السّلام کی اتنی طاقت تھی انہیں کے ریوڑ سے نبوت ملنے سے پہلے ایک بکری بھاگ گئی۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے جو بہت بڑے مفسر ہیں اپنی تفسیر کبیر میں یہ واقعہ لکھا ہے کہ ایک بکری ان

کے ریوڑ سے بھاگ گئی اس کو پکڑنے کے لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام دوڑے۔ وہ بھاگتے بھاگتے میلوں دوڑ گئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام لاٹھی لئے پیچھے پیچھے دوڑ رہے ہیں کانٹوں سے آپ کے پاؤں مبارک لہولہان ہو گئے اور بکری کا بھی یہی حال ہو گیا۔ تمام کانٹے چبھ گئے، اس کے پاؤں سے بھی خون بہہ رہا تھا۔ آخر میں وہ تھک گئی اور کھڑی ہو کر ہانپنے لگی تب آپ نے اس بکری کو پکڑ لیا۔ بتائیے اگر ہم آپ پکڑتے تو کیا کرتے نہ معلوم اس کی کتنی پٹائی کرتے بلکہ چھری سے ذبح ہی کر ڈالتے لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کیا کیا؟ اپنے کانٹوں سے پہلے اس کے کانٹے نکالے اور اس کے پیر دبانے لگے۔ اس کے بعد اس کو اپنے کندھوں پر اٹھالیا۔ اور جہاں سے وہ بکری بھاگی تھی اس جگہ تک پہنچا دیا۔ اس وقت آپ کو غصہ نہیں آیا بلکہ آپ کے آنسو بہہ رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے کہ اے بکری اگر تجھ کو موسیٰ پر رحم نہیں آیا تو اپنے اُوپر تو رحم کرتی، تُو نے اپنے کو اتنی مصیبت میں کیوں ڈالا؟

امام فخر الدین رازیؒ لکھتے ہیں کہ فرشتوں نے اس وقت اللہ تعالیٰ سے گذارش کی یا اللہ یہ شخص نبوت کے قابل معلوم ہوتا ہے اتنا صبر، اتنی برداشت، اتنا حلم۔ اے اللہ اپنی رحمت سے آپ اس کو نبی بنا دیجئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے ان کو نبوت کے لئے منتخب کیا ہوا ہے یہ ہمارے علم میں نبی ہیں، جن کے درجے بلند ہوتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ قوتِ برداشت عطا کرتا ہے۔ یہ کیا کہ ذرا سا غصہ آیا اور پاگل ہو گئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ

نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ (بخاری ص۹۰۳ ج ۲)

پہلوان وہ نہیں ہے جو کسی کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس کو قابو میں رکھے۔

ایک دیہاتی صحابی جو ابھی نیا نیا اسلام لائے تھے ان کو معلوم ہی نہیں تھا کہ مسجد کے آداب کیا ہیں وہ آئے اور مسجد نبوی میں پیشاب کرنا شروع کر دیا۔ صحابہ دوڑے کہ ہیں ہیں کیا کر رہے ہو اور اس کو ڈانٹنے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَا تُزْرِمُوْهُ اس کا پیشاب منقطع نہ کرو یعنی اس کو پیشاب کرنے سے منع مت کرو اسے اس کے حال پر چھوڑ دو جب اطمینان سے وہ فارغ ہوگیا تو آپ نے اس کو اپنے پاس بلایا اور نرمی سے سمجھایا کہ مساجد اللہ کے ذکر اور نماز اور تلاوتِ قرآن کے لئے ہوتی ہیں۔ مساجد میں پیشاب کرنا اور گندگی پھیلانا بُری بات ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ ایک بالٹی پانی لاؤ اور پیشاب پر بہا دیا۔ (صحیح مسلم ص۱۳۸ ج ۱ کتاب الطہارۃ)

مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ خطباتِ مدراس میں لکھتے ہیں کہ ایک انگریز مؤرخ لکھتا ہے کہ میں نے مسلمانوں کے پیغمبر جیسی برداشت، صبر اور عقل کامل کہیں نہیں پائی۔ کیونکہ ایسے وقت میں جب کسی کی مقدس جگہ کوئی پیشاب کرنے لگے تو انسان کی عقل ٹھیک نہیں رہتی لیکن مسلمانوں کے پیغمبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمال عقل سے میں کافر ہو کر حیران ہوں کہ آپ نے کس طرح اپنے جذبات پر قابو رکھتے ہوئے اپنی حسنِ تدبیر سے پوری مسجد کو ناپاک ہونے سے بچا لیا۔ اس وقت عقل کا تقاضا بھی یہی تھا کیونکہ اگر اس حالت میں اس کو دوڑا لیا جاتا تو ساری مسجد ناپاک ہو جاتی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحمل سے کام لیا جس سے تھوڑی سی جگہ ہی ناپاک ہوئی جو آسانی سے

پاک ہوگئی۔

اس سے منشاء یہ بتلانا ہے کہ تحمل بہت بڑی چیز ہے۔ اُونٹ چرانے والی قوم کو اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کے صدقہ میں کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ اکبر الٰہ آبادی نے کیا خوب کہا ہے ؂

دُر فشانی نے تری قطروں کو دریا کر دیا
دل کو روشن کر دیا آنکھوں کو بینا کر دیا
جو نہ تھے خُود راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے
کیا نظر تھی جس نے مُردوں کو مسیحا کر دیا

حضرت عُمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ امیر المؤمنین ہیں۔ ساڑھے دس سال خلافت کی جن کے نام سے عیسائی ملکوں کے بادشاہ کانپتے تھے، قیصرو کسریٰ کے جھنڈے سرنگوں ہو جاتے تھے۔ ایک دن فرمانے لگے کہ اے عمر! تُو اُونٹ چرایا کرتا تھا، یہ سیّد الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جُوتیوں کا صدقہ ہے کہ آج اے عمر تو سلطنت کر رہا ہے، امیر المؤمنین اور مسلمانوں کا خلیفہ بنا ہُوا ہے۔

ایک دن ان سے کسی نے پُوچھا کہ آپ کے غصہ کا کیا حال ہے ؟ آپ تو بہت ہی غصہ والے آدمی تھے۔ فرمایا کہ پہلے ہمارا غصہ اسلام کے خلاف تھا اب کافروں کے خلاف ہے۔ اب تو میں ادنیٰ مسلمان کا بھی اکرام کرتا ہوں۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کالے تھے افریقہ کے غلام تھے ان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے تھے "یا سیّدی بلال" اے میرے سردار بلال! بھلا بتلائیے سرداران قریش میں سے معزز خاندان کا فرد نبی کا پیارا وزیر ایک حبشی غلام کو سیدی کہہ رہا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو وزیر تھے، ایک

حضرت ابوبکر صدیق اور دُوسرے حضرت عمر فاروق۔ یہ دو ایسے وزیر تھے جن سے بارہ بارہ بجے رات تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم مشورے لیتے تھے کوئی اور صحابی وہاں نہیں ہوتا تھا۔ لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منہ سے ایک دن نکل گیا کہ اے بلال تم کالے ہو فوراً خیال آیا کہ میرے منہ سے یہ کیا نکل گیا۔ ایک بات بتادوں کہ جو اللہ کے مقبول ہوتے ہیں۔ اللہ کے پیارے ہوتے ہیں، ان کی خطاؤں پر اللہ تعالیٰ ان کو تنبیہہ فرما دیتے ہیں۔ ان کو اپنی خطاؤں کا احساس ہو جاتا ہے یہ احساس ہونا علامت ہے کہ یہ شخص اللہ کے یہاں مقبول ہے۔ لہٰذا فوراً احساس ہُوا اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ زمین پر لیٹ گئے اور فرمایا کہ اے بلال! عمر زمین پر لیٹ گیا ہے تم اپنے پاؤں سے عمر کے جسم پر چلو تاکہ قیامت کے دن عمر کی خطا معاف ہو جائے لیکن حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہیں چلے۔ فرمایا کہ آپ اللہ کے نبی کے پیارے اور خُسر ہیں آپؓ کی بیٹی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی اُمّت کی ماں ہے بھلا ایسے معزز کے جسم پر میں پاؤں رکھ سکتا ہوں؟ بس میں نے اللہ کے لئے معاف کر دیا لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو اپنا کام بنا گئے۔

خلافت کے زمانے میں ایک دن خیال آیا کہ اے عمرؓ تو مسلمانوں کا خلیفہ ہے۔ یہ محض وسوسہ تھا تکبر نہیں تھا صرف خیال آگیا تھا۔ فوراً ایک مشک اُٹھائی پانی بھر کر کندھے پر لادا اور ایک غریب مسلمان کا دروازہ کھٹکھٹایا کہ دروازہ کھول دو پردہ کرا لو عمرؓ پانی بھرنے آیا ہے۔ یہ کون ہیں؟ خلیفۂ راشد ہیں۔ امیرالمؤمنین ہیں سلطنت ہاتھ میں ہے۔ انہوں نے یہ کام کیوں کیا نفس کو مٹانے کے لئے۔ بزرگوں نے اپنے نفس کو اس طرح سے مٹایا ہے۔ غصہ کے بارے میں یہ واقعات اس لئے سُنا رہا ہوں تاکہ معلوم ہو

جائے کہ اللہ کے مقبول بندوں کی نشانی یہی ہے کہ اگر خطا ہو جاتی ہے تو فوراً معافی مانگتے ہیں استغفار و توبہ میں دیر نہیں کرتے کیونکہ جب کافروں کو بھی استغفار مفید ہے تو مسلمانوں کو کیوں نہ ہو گا۔ کافر لوگ طواف کی حالت میں کہتے تھے غُفْرَانَكَ اے خدا ہم کو بخش دے تو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں یہ آیت کافروں کے لئے نازل فرمائی:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ

اے نبی جب تک آپ ان کافروں میں زندہ ہیں اس وقت تک میں ان پر عذاب نازل نہیں کروں گا۔ اور دُوسری آیت ہے:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۔

اور اللہ تعالیٰ ان کو عذاب نہیں دے گا جب تک یہ استغفار کرتے رہیں گے۔ حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان القرآن میں اس کی تفسیر میں فرمایا کہ اللہ نے کافروں کو جو بشارت دی ہے وہ دُنیا کے لئے ہے کہ اگر کافر بھی استغفار کرتا رہے تو دنیا میں اس پر عذاب نہیں ہو گا لیکن آخرت کے عذاب سے نہیں بچ سکے گا بوجہ ایمان نہ لانے کے۔

محدثِ عظیم ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اِذَا كَانَ الْاِسْتِغْفَارُ يَنْفَعُ الْكُفَّارَ فَكَيْفَ لَا يُفِيْدُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْاَبْرَارَ یعنی جب استغفار کافروں کو بھی نفع دے رہا ہے اور ان کو دنیا کے عذاب سے بچا رہا ہے تو مسلمان کو کیوں نفع نہ دے گا۔ (مرقاۃ ص۱۲۳ ج ۵)

ملا علی قاریؒ نے اس آیت کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول مشکوٰۃ کی شرح مرقاۃ جلد نمبر ۵ کتاب الاستغفار میں نقل فرمایا۔ حضرت علیؓ

فرماتے ہیں کہ اے مُسلمانو، اے اصحاب رسُول صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور تابعین سُن لو اور قیامت تک کے لئے سُن لو کہ اس آیت میں اللہ تعالی نے اپنے عذاب سے بچانے کے لئے دو امان نازل فرمائے تھے۔ فَرُفِعَ اَحَدُھُمَا تو عذاب سے نجات کا ایک ذریعہ تو ہم سے اُٹھ گیا یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم تو دنیا سے اٹھا لئے گئے وَبَقِیَ ثَانِیْھُمَا اور دوسرا باقی ہے یعنی استغفار اگر تم اللہ تعالی سے مغفرت طلب کرتے رہو، گریہ وزاری کرتے رہو تو انشاءاللہ تعالی عذاب سے بچ جاؤ گے جس سے بھی کوئی خطا ہو جائے دو رکعات توبہ پڑھ کر اللہ سے رو لو استغفار کر لو۔ جہاں جہاں آنسو لگ جائیں گے دوزخ کی آگ وہاں حرام ہو جائے گی۔ اللہ تعالی کریم ہیں جب ایک جُز کو جنت میں داخل کریں گے تو پُورا جسم ہی جنت میں داخل کر دیں گے۔ ان کے کرم سے یہ بعید ہے کہ چہرہ تو جنت میں داخل کر دیں اور باقی جسم دوزخ میں ڈال دیں بس اگر گناہ ہو جائے تو فوراً اللہ سے معافی مانگیں اور بندوں کے حقوق میں کوتاہی ہو جائے تو بندوں سے معاف کرائیں یہ نہیں کہ کسی کا مال مار لیا اور زبان سے کہہ رہے ہیں توبہ یا اللہ توبہ یا اللہ توبہ، اس وقت محض زبانی توبہ سے معافی نہیں ہوگی جب تک کہ اس کا مال واپس نہیں کریں گے۔ جب اس کا مال اس کو دے دیں گے تب معافی ہوگی۔ اسی طرح غصہ میں کسی پر زبان یا ہاتھ سے زیادتی ہو گئی تو ہاتھ جوڑ کر اس سے معافی مانگیں، جس طرح ہو اس کو راضی کر لیں ورنہ قیامت کے دن پچھتانا پڑے گا اور ہر وقت ہوشیار رہیں کہ کہیں غصہ مجھ پر نہ چڑھ جائے اور غصہ کو استعمال کرنا ہے تو اپنے نفس پر کیجئے۔ جب دل کسی عورت کو دیکھنے کو چاہے اس وقت اس غصہ کو اپنی آنکھوں پر استعمال کیجئے، نفس سے کہئے کہ ہرگز نہیں دیکھوں گا چاہے تو مر

جائے اللہ کی محبت میں اتنا ارادہ تو کر لو کہ نہ دیکھنے سے چاہے میری جان چلی جائے نہیں دیکھوں گا۔ گناہ نہیں کروں گا چاہے جان رہے یا نہ رہے اس غصہ کو اللہ کی نافرمانی سے بچنے میں اپنے نفس پر استعمال کیجئے اور کبھی جہاد کا موقع ہو تو کافروں کے مقابلہ میں استعمال کیجئے، بزرگانِ دین سے مشورہ کر لیجئے کہ غصہ کہاں استعمال کرنا چاہئے۔

اور آخر میں بس یہی عرض کرتا ہوں کہ نفس کی اصلاح کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ کسی اللہ والے سے اصلاح کا تعلق قائم کر لیجئے اس کو اپنے حالات کی اطلاع اور اس کے مشوروں کی اتباع شروع کر دیجئے پھر دیکھئے کتنی جلدی اصلاح ہوتی ہے پھر آپ بزبانِ حال کہیں گے ؎

تُو نے مجھ کو کیا سے کیا شوقِ فراواں کر دیا
پہلے جاں پھر جانِ جاں پھر جانِ جاناں کر دیا

بس اب دُعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ جو کچھ عرض کیا گیا اس کو اپنی رحمت سے قبول فرما لیجئے۔ میری زبان کو جس نے آپ کی دی ہوئی توفیق سے آپ کی باتیں سُنائی ہیں اور میرے دوستوں کے کان کو جنہوں نے محبت سے آپ کی باتوں کو سُنا ہے اور میری ماں بہنوں بیٹیوں کو جو گھر کے اندر وعظ کو سنتی ہیں سب کو اپنا پیارا بنا لیجئے اپنا محبوب بنا لیجئے اور قبول فرما لیجئے اور آپ کریم ہیں جب زبان اور کان قبول کر لیں گے تو سارا ہی جسم قبول فرما لیں گے اور ہمارے دلوں کو بھی قبول فرمائیے اور ہماری رُوحوں کو بھی قبول فرمائیے ہم سب کو یا اللہ اولیاء صدیقین میں شامل

فرمائیے۔ ہم سب کو ولی اللہ بنا دیجئے، ہمارے اخلاق کی اصلاح فرمائیے
ہم سب کو تزکیہ نصیب فرما دیجئے۔ اللہ والی زندگی نصیب فرما دیجئے، اللہ ہر قسم
کی بلا اور پریشانی سے اور ہر قسم کی بُری بُری بیماریوں سے ہر قسم کے فکر اور
غم کی باتوں سے اور دُکھ سے اللہ ہم سب کو امن اور عافیت نصیب فرمائیے
اور ہر وقت اپنی رضا کی حیات نصیب فرمائیے اور اپنی رحمت سے ہر غم اور
پریشانی سے بچائیے، یا اللہ اطمینان کی زندگی حیاتِ طیبہ ہم سب کو نصیب
فرمائیے۔ جو لوگ حج کے لئے جانا چاہتے ہیں یا اللہ جس کے لئے آپ
نے اس طرح سے اعلان فرمایا کہ اللہ کا حق ہے لوگوں پر کہ وہ اللہ کے گھر کی زیارت
کریں اور جو استغناء کرے گا اور انکار کرے گا تو اللہ تعالیٰ لوگوں سے بے نیاز
اور مستغنی ہے دُعا کیجئے کہ جن لوگوں نے حج کی درخواستیں دی ہیں اللہ تعالیٰ سب
کو آسانی سے حج نصیب فرمائے حج مقبول نصیب فرمائے مشکلات رفع ہو جائیں
جنہوں نے حکومت سے اجازت مانگی ہے ان کو اجازت مل جائے آرام اور
عافیت کے ساتھ حج مبرور نصیب فرمائے اور جنہوں نے سستی یا مشغولی سے
حج فرض ادا نہیں کیا ہے اور جن کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یا اللہ اتنی
سخت وعید فرمائی کہ جو سستی کی وجہ سے حج نہ کرے وہ چاہے یہودی ہو کر مرے
چاہے نصرانی ہو کر مرے اتنی سخت وعید ہے، اے اللہ جن پر حج فرض ہے
ان کو اپنی رحمت سے جلد حج کرنے کی توفیق عطا فرمائیے اور آسانی فرمائیے
اور قبول فرمائیے۔

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ
تَعَالٰى عَلٰى خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ؀

غضب سے متعلق دو احادیث مُبارکہ

معالجۂ غضب

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ غصہ شیطان سے ہے (یعنی اس کے وسوسہ اور اثر سے ہے) اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو صرف پانی ہی بجھا سکتا ہے۔ پس جب تم میں سے کسی کو غصہ آجاوے تو وضو کر لے۔

(مرقاۃ ج ۹ صـ ۳۱۲ بحوالہ ابو داؤد شریف)

حضرت ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ ایک روایت میں ہے کہ جب غصہ آجاوے تو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ لے۔ اور مرقاۃ میں ہے کہ اگر غصہ پھر بھی دُور نہ ہو تو وضو کر لے اور پھر بھی نہ دُور ہو تو دو رکعت نماز پڑھ لے۔ پس یہ صبر کی دوا ہے جو شیطان پر بہت ناگوار ہے۔ (بحوالہ بالا)

اہلِ غضب کی چار قسمیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تم میں سے جو جلد غصہ ہوتا ہے اور جلد رجوع کرتا ہے یہ شخص نہ مدح کا مستحق ہے نہ ذم کا۔ اور وہ شخص جس کو دیر سے غصہ آتا ہے اور دیر سے زائل ہوتا ہے یہ شخص بھی مدح و ذم کا مستحق نہیں اور وہ شخص جس کو دیر سے غصہ آتا ہے اور جلد زائل ہو جاتا ہے تو ایسے لوگ تم میں سب سے بہتر ہیں اور تم میں سب سے بُرے وہ لوگ ہیں جن کو غصہ جلد آتا ہے لیکن دیر سے زائل ہوتا ہے۔

(مرقاۃ۔ ج ۹۔ صـ ۳۳۶)

غصہ کا علاج

از افادات حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہ

ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ جس وقت غصہ آئے اس وقت یہ سوچو کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر بھی اس طرح غصہ کرنے لگے تو آخر میں بھی چاہوں گا کہ معافی ہو جاوے۔ تو مجھ کو چاہئے کہ اس شخص کو بھی معافی دے دوں اور یہ سوچو کہ یہ شخص میرا اتنا خطاوار تو ہوگا نہیں جتنا میں اللہ تعالیٰ کا گنہگار ہوں۔ پھر جب میں معافی کا آرزو مند ہوں تو اس کو کیوں نہ معاف کر دوں۔ دُوسرا کام یہ کرے کہ فوراً وہاں سے جُدا ہو جاوے یعنی اس جگہ نہ رہے جب تک کہ غصہ بالکل فرو (زائل) نہ ہو جاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس تدبیر سے اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

تیسرا کام یہ کرے کہ کوئی وقت مُتعیّن کر کے اپنے عیوب کا دھیان کیا کرے اور سوچا کرے کہ میں سب سے بدتر ہوں۔ اس سے کبر کی جڑ کٹ جائے گی۔ اور غصہ کا منشاء (سبب) کبر ہی ہے۔ (کبر کے معنی ہیں اپنے کو بڑا سمجھنا اور دُوسرے کو حقیر سمجھنا۔)

اور غصہ کے وقت یہ خیال کر لیا کرے کہ تُو تو سب سے بدتر ہے۔ پس اپنے سے بہتر پر غصہ نہ آنا چاہئے۔ (تربیت السالک ج ۱۔ صـ۲۳۹)

ایک سوال کے جواب میں تحریر فرمایا کہ غصہ کے وقت تھوڑی سی ہمت کرنے کی ضرورت ہے کہ جس پر غصہ ہے اس کو اپنے سامنے سے ہٹا دے یا خود علیٰحدہ ہو جاوے۔ اور اگر پھر بھی غلطی ہو جاوے تو اس کا یہی تدارک جو آپ کا معمول ہے کافی ہے۔ (یعنی معافی مانگنا) اور اس کا شبہ نہ کیا جاوے کہ شاید دل سے معاف نہ کیا ہو کیونکہ انسان اس سے زیادہ کا مکلف نہیں کہ

اپنی طرف سے دل سے (صاحب حق کو) راضی کرنے کی کوشش کرے۔ اس سے آگے اختیار نہیں تو اس کا مکلف بھی نہیں۔ (تربیت السالک ج ۱۔ ص ۲۴۸)

فرمایا کہ اگر اس کا التزام کریں کہ جب کسی پر غصہ آجاوے تو اس کو کچھ ہدیہ دیا کریں چاہے قلیل ہی مقدار ہو تو زیادہ نفع ہو۔

فرمایا کہ غصہ کا ایک مجرب علاج یہ ہے کہ جس پر غصہ آیا ہے اس کو اپنے پاس سے جُدا کر دیا جاوے یا اس کے پاس سے خود جُدا ہو جاوے اور فوراً کسی شغل میں لگ جاوے۔ (کمالاتِ اشرفیہ ص ۲۳ و ص ۲۴)

ایک صاحب نے غصہ کے علاج کا مجرب نسخہ دریافت کیا۔ جواب میں تحریر فرمایا کہ جس پر غصہ کیا جاوے تو غصہ زائل ہو جانے کے بعد مجمع میں اس کے سامنے ہاتھ جوڑیئے پاؤں پکڑیئے بلکہ اس کے جُوتے اپنے سر پر رکھئے۔ ایک دو بار ایسا کرنے سے نفس کو عقل آجائے گی۔ (تربیت السالک ج ۱۔ ص ۳۴۲)

غصہ کے متعلق ایک صاحب کے سوال کے جواب میں تحریر فرمایا کہ:

سرعتِ غضب (جلدی غصہ آجانا) امرِ طبعی ہے۔ اختیار سے خارج ہے نہ اس پر ملامت ہے (یعنی اس میں کوئی مضایقہ نہیں) البتہ اس کے مقتضاء پر عمل جبکہ حدُود سے تجاوز ہو جاوے مذموم ہے (یعنی غصہ کے تقاضے پر عمل اس وقت بُرا ہے جبکہ حد سے تجاوز ہو جاوے۔) اور اس کا علاج بجز ہمت کے کچھ نہیں۔ اس ہمت میں مغضوب علیہ (یعنی جس پر غصہ آیا ہے) سے فوراً دُور چلا جانا اور اعوذ باللہ پڑھنا اور اپنی خطاؤں اور حق تعالیٰ کے غضب کے احتمال کو یاد کرنا یہ بہت مُعین ہے اور نرمی وغیرہ مدت تک تکلف سے سوچ کر اختیار کرنا چاہئے مدت کے بعد ملکہ (حاصل) ہو گا۔ ہمت نہ ہاریئے۔

(تربیت السالک ج ۱۔ ص ۲۴۶)

نسخہ اکسیرِ غضب

از حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم

حسبِ ذیل اُمور کو دن میں متعدد بار اتنا پڑھے کہ غصہ کے وقت یاد رہیں۔

۱: پُوری اعوذ باللہ پڑھنا۔
۲: وضو کر لینا۔
۳: کھڑے ہوں تو بیٹھ جانا، بیٹھے ہوں تو لیٹ جانا۔
۴: جس پر غصہ آرہا ہے اس کے سامنے سے ہٹ جانا یا اس کو ہٹا دینا۔
۵: کسی صالح (نیک بندہ) کی صحبت میں بیٹھ جانا۔
۶: ذکر اللہ میں مشغول ہو جانا نیز درُود شریف پڑھنا۔
۷: حتی الوسع بات نہ کرنا۔ اور نہ کوئی معاملہ کرنا اس کے ساتھ جس پر غصہ آرہا ہو۔
۸: یہ سوچنا کہ غصہ ایمان کو اس طرح خراب کر دیتا ہے جس طرح ایلوا شہد کو۔
۹: یہ سوچنا کہ میں بھی اللہ کا خطاوار ہوں اگر میری خطاؤں پر مواخذہ فرمایا جاوے تو نجات پانا مشکل ہے۔ نیز دُوسروں کی خطاؤں کو درگذر کرنے پر اُمید ہے کہ میری خطائیں معاف ہو جائیں گی۔ لہٰذا جس پر غصہ آرہا ہے اس سے درگذر کرنا ہی بہتر ہے۔
۱۰: اگر ہدایتِ مجوّزہ کے خلاف عمل ہو جاوے تو ۵۰ پیسے تا دس روپے تک خیرات کرے اور چار رکعت نفل نماز پڑھے۔

سلسلہ
مواعظ حسنہ
نمبر ۱۲۱

عِلاجُ الغیبت

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ گلشن اقبال کراچی

سلسلہ مواعظ حسنہ نمبر ۱۲۱

علاجُ الغیبت

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ
حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

حسبِ ہدایت وارشاد

حلیم الامت حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد مظہر صاحب دامت برکاتہم

بہ فیضِ صحبتِ ابرار جو دردِ محبت ہے
بہ امیدِ نصیحت دوستو اسکی اشاعت ہے

محبت تیرا صدقہ ہے ثمر ہیں تیرے نازوں کے
جو میں نشر کرتا ہوں خزانے تیرے رازوں کے

انتساب

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

کے ارشاد کے مطابق حضرت والا دامت برکاتہم کی جملہ تصانیف و تالیفات

محی السنہ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اور

حضرت اقدس مولانا شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ

اور

حضرت مولانا شاہ محمد احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی

صحبتوں کے فیوض و برکات کا مجموعہ ہیں

ضروری تفصیل

وعظ : علاج الغیبت

واعظ : عارف باللہ مجدِ دِ زمانہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ وعظ : ۱۴۱۹ھ مطابق ۱۹۹۹ء

ترتیب و تصحیح : جناب سید عمران فیصل صاحب (خلیفہ مُجازِ بیعت حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ)

تاریخ اشاعت : ۲۱ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۱ فروری ۲۰۱۵ء

زیرِ اہتمام : شعبہ نشر و اشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، بلاک ۲، کراچی

پوسٹ بکس:11182رابطہ:+92.21.34972080اور+92.316.7771051

ای میل:khanqah.ashrafia@gmail.com

ناشر : کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، بلاک ۲، کراچی، پاکستان

قارئین و محبین سے گزارش

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کراچی اپنی زیرِ نگرانی شیخ العرب والعجم عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی شائع کردہ تمام کتابوں کو ان کی طرف منسوب ہونے کی ضمانت دیتا ہے۔ خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع ہونے والی کسی بھی تحریر کی حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہونے کی ذمہ داری خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کی نہیں۔

اس بات کی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدِ دِ زمانہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی کتابوں کی طباعت اور پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ اس کام کی نگرانی کے لیے خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کے شعبۂ نشر و اشاعت میں مختلف علماء اور ماہرین دینی جذبے اور لگن کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے باوجود کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو کر آپ کے لیے صدقۂ جاریہ ہو سکے۔

ناظم شعبۂ نشر و اشاعت

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ

عنوانات

علاج الغیبت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی اَمَّا بَعْدُ
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا[1]

غیبت کسے کہتے ہیں؟

آج چند مختصر گزارشات پیش کروں گا کیوں کہ میری طبیعت کچھ ناساز ہے۔ آج کل ایک مرض بہت عام ہے حالاں کہ اس مرض کے بارے میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا غیبت زِنا سے بھی زیادہ شدید گناہ ہے۔ اور دوسری حدیث میں ہے: مَنِ اغْتِیْبَ عِنْدَہٗ أَخُوْہُ الْمُسْلِمُ وَإِنْ لَّمْ یَنْصُرْہُ أَدْرَکَہُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ[2] اگر کسی کے سامنے کسی مسلمان کی غیبت کی جائے اور وہ یہ کہے کہ آپ نے بہت اچھا کیا کہ ایک راز آؤٹ کردیا، مجھ کو بھی کچھ ڈاؤٹ یعنی شبہ ہورہا تھا۔ اگر غیبت کرنے والا قسم کھالے کہ یقیناً فلاں کے اندر یہ مرض یا یہ گناہ ہے تو بھی غیبت حرام ہے، اور اگر اس میں وہ مرض اور عیب نہیں ہے تو یہ بہتان ہے۔ اگر کسی پر جھوٹا الزام لگا کر اس کی رُسوائی اور بُرائی بیان کی جائے تو یہ جھوٹا الزام لگانا بہتان ہے۔ غیبت کہتے ہیں سچے عیب بیان کرنے کو اور بہتان کہتے ہیں کسی پر جھوٹا الزام لگانے کو۔

---

[1] شعب الایمان للبیهقی: ۹/۹۸ (۶۳۱۵)، فصل فیما ورد من الاخبار فی التشدید، مکتبۃ الرشد، ریاض

[2] مصنف عبد الرزاق: ۱۱/۱۷۸ (۲۰۲۵۸)، باب الاغتیاب الشتم، المکتب الاسلامی، بیروت، ذکرہ بلفظ فنصرہ نصرہ اللہ فی الدنیا والاٰخرۃ وإن لم ینصرہ أدرکہ اللہ فی الدنیا والاٰخرۃ

غیبت اور بہتان میں فرق

بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ بات میں ان کے منہ پر کہہ دوں، بالکل سچ کہہ رہا ہوں، میں قسم کھا سکتا ہوں کہ ان میں یہ عیب ہے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر سچ ہے جب ہی تو غیبت ہے، اگر اس میں یہ عیب نہ ہوتا تب تو بہتان ہوتا۔ غیبت اسی کا نام ہے کہ کسی میں سچا عیب ہو۔ اپنے مسلمان بھائی کے سچے عیب کا تذکرہ بھی مت کرو، خود اس مسلمان بھائی سے کہہ دو کہ آپ ایسا کام نہ کیا کریں۔

اللہ کے بندوں کو رُسوا کرنا حرام ہے

غیبت کے حرام ہونے کا حکم اللہ تعالیٰ کی شفقت، رحمت اور محبتِ عظمیٰ کا عکاس ہے۔ جیسے کسی کا بیٹا نمازی نہیں ہے اور ابا اس کے کان کھینچتا ہے، گوشمالی کرتا ہے اور سزا بھی دیتا ہے لیکن اگر لوگ جگہ جگہ بیٹھ کر آپس میں اس کے بیٹے کا تذکرہ کریں کہ فلاں کا بیٹا بے نمازی ہے تو یہ بات باپ کو ناگوار گزرے گی۔ ہمارے گناہوں پر اللہ تعالیٰ کو تو حق حاصل ہے کہ چاہیں تو سزا دیں اور چاہیں تو معاف کردیں، ہم ان کے غلام ہیں، یہ مالک و غلام کا معاملہ ہے لیکن غلاموں اور بندوں کو اللہ نے یہ حق نہیں دیا کہ وہ آپس میں میرے بندے کی رُسوائی کا تذکرہ کریں۔

اپنے بندے کی بُرائی کا دوسرے بندوں سے تذکرہ کرنے کو پسند نہ کرنا دلیل ہے کہ ہمارے ربا کو ہم سے ابا سے بھی زیادہ محبت ہے۔ جیسے ابا نہیں چاہتا کہ کوئی میرے بچوں کی غیبت کرے، خود چاہے ڈانٹ دے چاہے کان اینٹھ دے، مگر ابا کو پسند نہیں ہے کہ میرے بیٹے کے جگہ جگہ ریلوے اسٹیشنوں پر یا ہوٹلوں میں تذکرے ہو رہے ہوں۔ تو ربا کو بھی یہ پسند نہیں ہے کہ میرے بندوں کی غیبت ہو۔

ماں باپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا تمہاری شفقت اور رحمت متقاضی نہیں ہے کہ تمہارے بچوں کی ادھر ادھر بُرائی نہ ہو تو اللہ تعالیٰ کی رحمت و شفقت بھی پسند نہیں کرتی کہ میرے بندوں کے ادھر ادھر تذکرے ہوں۔ یہ غیبت کے حرام ہونے کی عظیم عظیم عظیم

دلیل ہے کہ حق تعالیٰ کو اپنے غلاموں کی آبرو کا کتنا خیال ہے۔ حق تعالیٰ کو اپنے بندوں کی آبرو کا بے حد خیال ہے کہ ہمارے بندوں کو کوئی بے عزت نہ کرے۔

آپ نے کبھی کسی انسان کے دُم دیکھی ہے؟ لیکن جتنے جانور ہیں، ہر جانور کے دُم ہے کیوں کہ وہ پاجامہ نہیں پہن سکتے، لنگی نہیں باندھ سکتے، ان میں عقل نہیں ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ نے جانوروں کی شرم گاہوں پر دم لٹکادی تاکہ جانوروں کی ذلت و رسوائی نہ ہو۔ جس اللہ کو جانوروں کی پردہ پوشی کا خیال ہے وہ انسانوں پر کتنی رحمت فرماتا ہوگا، ایسے مالک پر اگر کروڑوں جانیں فدا کر دو تو بھی اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔

کن لوگوں کی بُرائی بیان کی جاسکتی ہے؟

البتہ جس کا نقصان متعدی ہو اس کی بُرائی کے بارے میں دوسروں کو بتاسکتے ہیں مثلاً کوئی دین سے گمراہ انسان ہے، گمراہی کا لٹریچر لکھتا ہے، امت کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے تو علماء پر فرض ہے کہ اس کے خلاف لکھیں کہ یہ شخص گمراہ ہے، اس کی کتابیں مت پڑھیں، اس کی باتیں مت سنیں۔ مگر جس کا ضرر متعدی نہیں ہے، اس کا اپنا ذاتی فعل ہے تو اس کو تنہائی میں سمجھا دو۔ مثلاً کوئی شراب پیتا ہے تو تنہائی میں اس کو سمجھا دو کہ ایسا کرنا ٹھیک نہیں ہے، لیکن جگہ جگہ اس کا تذکرہ مت کرو۔

بزبانِ رسالت غیبت کے زنا سے اشد ہونے کی وجہ

صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ غیبت زنا سے اشد کیوں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ غیبت مخلوق کا حق ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ سے بھی معافی مانگے اور مخلوق سے بھی معافی مانگے اور زِنا صرف اللہ تعالیٰ کا حق ہے مخلوق کا حق نہیں ہے۔

جس کی غیبت کی ہو اس سے معافی مانگنا کب واجب ہے؟

جس کی غیبت کی گئی ہے اگر اس کو اطلاع ہوگئی تو اس سے معافی مانگنی پڑے گی اور اگر اطلاع نہیں ہے تو جس مجلس میں غیبت کی ہے اس مجلس میں یہ کہے کہ مجھ سے نالائقی

ہو گئی، وہ صاحب ایسے نہیں ہیں، اور اسے کچھ پڑھ کر بخش دیں، تین مرتبہ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ یا کچھ اور پڑھ کر ایصالِ ثواب کردیں۔

غیبت پر معافی مانگنا اس وقت واجب ہے جب اس شخص کو غیبت کی اطلاع ہو جائے، مثلاً کراچی والا لاہور والے کی غیبت کررہا ہے مگر اس کو خبر نہیں ہے تو لاہور والے سے معافی مانگنا واجب نہیں ہے کیوں کہ ابھی اس کو اطلاع نہیں ہوئی لہٰذا اذیت نہیں پہنچی۔ یہ تحقیق حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب کی ہے، اس کو کم لوگ جانتے ہیں۔ ورنہ بعض لوگ نادانی سے خط لکھتے ہیں کہ میں نے آپ کی غیبت کی اس لیے معافی چاہتا ہوں۔ بلاوجہ اس کا دل خراب کیا اور اس کو اور غصہ آتا ہے کہ عجیب دوست ہے، تعلقات میں بھی بدمزگی پیدا ہو جاتی ہے۔ لہٰذا جب تک جس کی غیبت کی ہے اس کو خبر نہ ہو اس سے معافی مانگنا واجب نہیں۔

غیبت کا کفارہ کیا ہے؟

جن لوگوں سے غیبت کی ہے ان لوگوں سے یہ کہہ دینا چاہیے کہ میں بہت نالائق ہوں، مجھ سے کمینہ پن ہو گیا ہے، ان صاحب میں تو بہت سی خوبیاں ہیں، لہٰذا آپ لوگ بھی اس سے اپنا دل صاف کرلیں اور اس کو کچھ پڑھ کر بخش بھی دیں۔ میرا مشورہ ہے کہ روزانہ تین مرتبہ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ شریف پڑھ کر تمام امت کو بخش دو اور خدا سے یہ عرض کرو کہ اے اللہ! اگر ہم نے کسی کا حق مارا ہو، کسی کی غیبت کی ہو، کسی کو بُرا بھلا کہا ہو تو اس قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ شریف پڑھنے کا ثواب قیامت کے دن اسے دے کر ہمارا راضی نامہ کرادیں۔

تو یہ اسلام کے برحق ہونے کی بہت بڑی دلیل ہے کہ غیبت کی معافی مانگنا اس وقت واجب ہے کہ جس کی غیبت کی اس کو اطلاع ہو جائے لیکن اگر اسے خبر نہیں ہے تو جس مجلس میں غیبت کی وہیں کہہ دو کہ بھائی مجھ سے نالائقی ہو گئی اور میں توبہ کرتا ہوں، ان سے زیادہ تو ہم عیب دار ہیں، ایسا کون بندہ ہے جو بے عیب ہو۔ اور تین مرتبہ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ شریف پڑھ کر اسے بخش دو۔ اور اللہ سے دعا کرلو کہ اے اللہ! قیامت کے دن راضی نامہ کرادینا۔ لیکن اگر اسے پتا چل گیا مثلاً کوئی آدمی یہاں سے لاہور گیا اور اسے بتادیا کہ کراچی میں فلاں شخص

تمہاری غیبت کر رہا تھا تو پھر اب معافی مانگنا واجب ہو جائے گا کیوں کہ اسے اطلاع ہو گئی ہے۔ بتائیے! یہ مضمون ضروری ہے یا نہیں؟ یہ بہت عظیم مضمون پیش کر رہا ہوں، یہ ہم سب کی بگڑی بنانے کا مضمون ہے۔

حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جس کی غیبت کی گئی جب تک اس کو اطلاع نہ ہو تو اس سے معافی مت مانگو۔ لیکن جس مجلس میں غیبت کی ہے اسی مجلس میں کہہ دو کہ بھائی ہم سے غلطی ہو گئی اور ہم نے اپنی نیکیاں ضایع کر دیں۔ کون ہے جو عیب دار نہ ہو؟ ہمارے اندر ہزاروں عیب ہیں مگر پھر بھی ہم نے بلاوجہ ایک مسلمان بھائی کی آبرو کو نقصان پہنچا دیا، ہم اس سے توبہ کرتے ہیں اور آپ سب بھی کچھ پڑھ کر بخش دیں کیوں کہ آپ بھی گناہ گار ہو گئے ہیں کیوں کہ آپ نے بھی غیبت سنی ہے لہٰذا آپ سب بھی تین تین مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف پڑھ کر بخشیں۔

مالی حق محض استغفار کرنے سے معاف نہیں ہو گا

اگر کسی کا مالی حق مارا ہے تو وہ حق دینا پڑے گا، مثلاً کسی کی گھڑی چرا لی تو وہ گھڑی واپس کرنی پڑے گی، صرف پڑھ کر ایصالِ ثواب کرنے سے مالی حق معاف نہیں ہو گا۔ جس کی گھڑی چرائی تھی اگر وہ مر گیا تو اس کی اولاد کو پیسے دینے پڑیں گے، اس کے وارثین کو دینے پڑیں گے۔ لیکن اگر چرانے والا غربت کی مجبوری سے نہیں دے سکا تو ثواب بخشنے سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن راضی نامہ کرا دیں گے، لیکن اگر وہ مال دار ہے پھر بھی کنجوسی کی وجہ سے ادا نہیں کر رہا ہے تو پھر مال ہر صورت میں دینا پڑے گا محض پڑھ کر بخشنے سے یہ گناہ معاف نہیں ہو گا۔

شہوت کے گناہوں کی بندوں سے معافی مانگنا ضروری نہیں

بعض افعال ایسے ہوتے ہیں جن میں صاحبِ حق سے معافی مانگنا واجب نہیں ہے بلکہ معافی نہ مانگنا واجب ہے۔ جیسے فرسٹ ایئر میں لڑکے کا کسی لڑکی سے غلط معاملہ، نامناسب، غیر شریفانہ، بے حیائی کا کوئی کام ہو گیا، یوں سمجھیے کہ زنا ہو گیا، اس کے بعد وہ اللہ والا بن گیا،

توبہ کرلی، کسی شیخ سے مرید ہوگیا، تواب لڑکی سے معافی مانگنا واجب نہیں ہے بلکہ معافی نہ مانگنا واجب ہے کیوں کہ اس سے اس کو اذیت پہنچے گی، تکلیف ہوگی، شرم وحیا آئے گی اور مسلمان کو اذیت پہنچانا حرام ہے۔ اگر یقین نہ آتا ہو اور اس بات کا تجربہ کرنا ہو تو ذرا مفعول سے معافی مانگ کر دیکھیے، ڈنڈا لے کر نہ دوڑادے تو کہنا۔ اور یہ عقل کے بھی خلاف ہے کہ وہی لڑکی جس سے نامناسب حرکت صادر ہوگئی، اس کے بچے بھی وہاں بیٹھے ہوئے ہیں، اب اس سے جاکر معافی مانگنے میں سخت فتنہ ہے۔ یہ اسلام کے حقانی ہونے کی دلیل ہے ورنہ کوئی معمر خاتون سے کہے کہ جب ہم تم کلاس فیلو تھے تو آپ کے ساتھ مجھ سے کچھ گستاخی، کچھ نالائقی، کچھ گناہ ہوگیا تھا، تو اس کو کتنی تکلیف ہوگی۔ لہٰذا یہ اسلام کے حقانی ہونے کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زنا کو اپنا حق رکھا ہے، بس اللہ سے معافی مانگ لو۔

ایسے ہی کسی لڑکے کے ساتھ بد فعلی ہوگئی ہو، وہ لڑکا بعد میں ڈاکٹر بن گیا، اب جاکر اس کے مریضوں کے سامنے کہہ رہا کہ آپ کے ساتھ میں نے جو گناہ کیا تھا میں اس کی معافی مانگنے آیا ہوں، تو اسے کتنی شرمندگی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ پر قربان جائیے کہ اللہ تعالیٰ نے بندوں سے آپس میں شہوت کی بیماری جیسے افعال کی معافی مانگنا جائز ہی نہیں رکھا، بس اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لو۔

شہوت کے گناہ کی معافی کا الہامی مضمون

مگر اس معافی میں یہ مضمون ہو کہ اے اللہ! میری شہوت سے جتنے گناہ ہوئے ہیں وہ سب معاف فرمادیجیے اور ان سے ہم کو جو نقصان پہنچا ہے اس کی تلافی بھی کردیجیے، کیوں کہ عادت خراب ہونے سے بار بار گناہ کا تقاضا شدید ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ جس نے گناہ کیا ہے، ساری زندگی اس کو مجاہدہ کرنا پڑے گا۔ اور دوسری دعا یہ مانگو کہ جس کے ساتھ میں نے گناہ کیا ہے، اس کی جو عادت میں نے خراب کی ہے اس کا وبال بھی میرے سر نہ آئے ورنہ سیئہ جاریہ کا وبال بھی ہوگا۔ اگر کسی کے ساتھ گناہ کرلیا تو اس کا سکھایا ہوا یہ گناہ جب دوسرا کرے گا تو گناہ سکھانے والے کو بھی اس کا گناہ ملے گا۔

اس لیے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرو کہ ہمارے گناہوں کے نقصاناتِ لازمہ جو ہماری

ذات کو پہنچے ان کو معاف فرمادیجیے، معافی بھی دے دیجیے اور تلافی بھی کر دیجیے کہ ہم دوبارہ اس گناہ کو نہ کریں، ہمارے ملکۂ بے حیائی کو ملکۂ حیا سے تبدیل فرمادیجیے۔ کیوں کہ ہر گناہ سے انسان بے شرم ہو جاتا ہے، ہر گناہ سے انسان بے حیا ہو جاتا ہے، لباس تک اتر جاتا ہے، حیا نہیں رہتی، اگر حیا ہوتی تو گناہ نہیں ہو سکتا۔ اور جس کے ساتھ گناہ کرتا ہے اس کی بھی حیا ختم کرتا ہے، یہ بے حیا بھی ہے اور دوسروں کے لیے حیا سوز بھی ہے۔ لہٰذا یہ دعا بھی کرو کہ اے اللہ! میرے گناہوں سے جس جس مخلوق کو نقصان پہنچا اور ان کی عادتیں خراب ہوئیں آپ ان سب کو ولی اللہ بنا دیجیے، اور نقصاناتِ متعدیہ یعنی گناہوں کے جو جراثیم دوسروں تک پہنچ گئے اے اللہ! آپ اپنی شانِ کرم کے شایانِ شان اس کی تلافی فرمادیجیے، میرے گناہ معاف کر دیجیے اور مجھ کو اللہ والا بنا دیجیے لیکن میں نے گناہ کر کے جس مخلوق کی عادت خراب کی ان کو بھی اللہ والا بنا دیجیے، نقصاناتِ لازمہ بھی معاف فرمائیے اور میری بے حیائی، بے غیرتی اور بے شرمی کی جو خبیث عادت ہے اس کو حیا سے تبدیل فرمادیجیے اور میری غیر شریفانہ حرکت کو شرافت سے بدل دیجیے۔ جن لوگوں کے ساتھ ہم سے گناہ ہوا اور ان کی عادتیں خراب ہوئی ہیں وہ گناہ میرے اوپر وبال نہ بنیں لہٰذا ان لوگوں کو بھی اللہ والا بنا دیجیے، متقی کر دیجیے تاکہ ان کا بُرا عمل میرے لیے سیئہ جاریہ نہ بنے۔ جیسے نیک اعمال کا صدقۂ جاریہ ہوتا ہے ایسے ہی برائی سیئہ جاریہ ہو جاتی ہے۔

غیبت زنا سے اشد اس وجہ سے ہے کہ غیبت کا معاملہ حقوق العباد میں سے ہے، جب تک مخلوق معاف نہیں کرے گی معاف نہیں ہو گا۔ اور زنا کا مسئلہ یہ ہے کہ اگر اللہ سے رو رو کر معافی مانگ لے اور اپنی اصلاح کے ساتھ ساتھ جس کے ساتھ غلطی ہوئی اس کی اصلاح کی بھی دعا کرے کہ یا اللہ! میری بے حیائی کی وجہ سے اس کی جو حیا ختم ہوئی ہے، ہماری بے حیائی سے آپ کی جس جس مخلوق کی حیا ختم ہوئی ہے تو ہمیں بھی معاف کر دیجیے اور ان کو بھی معاف کر دیجیے، ہمیں بھی ولی اللہ بنا دیجیے اور ان کو بھی ولی اللہ بنا دیجیے، ہمیں بھی تقویٰ دے دیجیے اور اس کو بھی تقویٰ دے دیجیے تاکہ وہ آیندہ جو گناہ کرے اس کا وبال میری گردن پر نہ آئے۔

زنا میں صرف اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو مگر اس تفصیل کے ساتھ معافی مانگو کہ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائیے اور گناہوں کے نقصاناتِ لازمہ اور نقصاناتِ متعدیہ دونوں

کی اپنی شانِ کرم کے شایانِ شان تلافی فرما دیجیے یعنی ہر گناہ سے میری حیا جو بے حیائی سے تبدیل ہوئی اور میری شرافت غیر شرافت سے تبدیل ہوئی اور میرے تقویٰ کی بریک میں جو لوزنگ پیدا ہوگئی اب دوبارہ ہمیں پھر ہمت اور مضبوط بریک عطا فرمائیے اور میرے ذریعے جن لوگوں کو گناہ کی عادتیں پڑگئی ہیں ان کے گناہ کا وبال میرے سر پر نہ آنے دیجیے، اپنی رحمت سے نقصاناتِ متعدیہ کی بھی تلافی فرمادیجیے اور میرے گناہوں کے متعلقین اور متعلقات کو بھی تقویٰ دے دیجیے تاکہ ہمارا گناہ آگے نہ بڑھے۔

اس دعا کو یاد کرلیجیے کہ یااللہ! ہمارے گناہوں سے جو نقصاناتِ لازمہ ہماری ذات کو پہنچے اس کی بھی تلافی کردیجیے یعنی ہمارے اندر غیر شرافت اور بے حیائی کا جو مادہ پیدا ہوا اس کو شرافت اور حیا سے بدل دیجیے۔ اور آیندہ کے لیے ہمیں عزم اور تقویٰ نصیب فرمائیے کیوں کہ بار بار گناہ کرنے سے تقویٰ کے بریک میں لوزنگ آجاتی ہے جس کی وجہ سے بریک فیل ہو جاتی ہے لہٰذا ہمارے تقویٰ کے بریک کو پھر سے ٹائٹ اور رائٹ کردیجیے تاکہ دوبارہ ہماری موٹر کسی پر سائیڈ نہ کرے۔ آج آپ کو کیسا سائیڈ بزنس بتا رہا ہوں؟

گناہوں کی دو اقسام

گناہ کی دو قسمیں ہیں: لازمہ اور متعدیہ۔ لازمہ یعنی اپنی عادت خراب کی اور متعدیہ یعنی دوسرے کی عادت بھی خراب کی۔ تو اس کو گناہوں سے بچنے کے لیے ساری زندگی شدید مجاہدہ کرنے پڑے گا کیوں کہ ایک گناہ کرنے کے بعد اس کی عادت اس گلی سے گزرنے والے کی سی ہوگئی لہٰذا ساری زندگی مجاہدہ اٹھائے اور اللہ سے یہ بھی دعا کرے کہ میں نے جن لوگوں کے ساتھ گناہ کیا ہے یا اللہ! ان کو بھی ولی اللہ بنادے، ایسا نہ ہو کہ میری ڈالی ہوئی گناہ کی عادت وہ آگے بڑھائے اور تمام وبال میرے سر آئے۔

میرے مرشد مولانا شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ اگر کوئی پان کی دُکان یا جنرل اسٹور پر ٹیلی ویژن لگاتا ہے تاکہ زیادہ لوگ آئیں، اب اس ٹیلی ویژن کو جتنے آدمیوں نے دیکھا تو ان سب کو الگ الگ جتنا گناہ ملے گا وہ سب ملا کر ٹیلی ویژن رکھنے والے کے سر پر بھی لادا جائے گا۔ اس لیے یاد رکھو، اگر کسی نے ایک دفعہ بھی گناہ کرکے کسی انسان کی

عادت خراب کی پھر وہ اس عادت کی بنا پر آگے گناہ کرتا ہے تو ان سب کے گناہ کا وبال اس ظالم پر بھی آئے گا جس نے اس کی عادت خراب کی۔

ایک شخص نے کسی کو بچپن میں نقصان پہنچادیا، بچپن میں اس کے ساتھ منہ کالا کرلیا، اب زندگی بھر اس کی جو عادت خراب ہوئی، اگر اس نے سو دفعہ بدفعلی کی تو اس سو بدفعلی کا عذاب اس ظالم اوّل اور خبیث اوّل کو بھی ملے گا، پھر قیامت کے دن پتا چلے گا۔ اس لیے یہ دعا سکھارہاہوں کہ یااللہ! میرے گناہوں کے نقصانات جو میری ذات کو پہنچے اس کی بھی تلافی فرمادیجیے کہ دو نقصان پہنچے، ایک تو حیا ختم ہوگئی، بے حیائی کا مادہ آگیا، نمبر دو غیر شریفانہ مزاج بن گیا، مزاجِ صالحین نہ رہا۔ گناہ سے مزاجِ صالحین نہیں رہتا بلکہ مزاجِ فاسقین بن جاتا ہے، اور جن لوگوں کے ساتھ ہم سے گناہ ہوئے ان کا مزاج بھی ہم نے بگاڑ دیا، لہٰذا مجھ کو بھی اور ان کو بھی صالح بنادے اور ہمیں حیا، اور تقویٰ والی حیات دے دے، اور جن لوگوں سے گناہوں کی وجہ سے میرا تعلق قائم ہوا عورت ہو یا مرد ہو ان سب کو بھی یااللہ! تقویٰ دے دے اور میرے گناہ کو جاریہ نہ ہونے دے۔

غیبت سے بچنے کے طریقے

اب وہ دوسری حدیث سن لیں، مشکوٰۃ شریف کی روایت ہے: مَنِ اغْتِیْبَ عِنْدَہٗ أَخُوْہُ الْمُسْلِمُ وَإِنْ لَّمْ یَنْصُرْہُ أَدْرَکَہُ اللہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ کسی کے سامنے کسی مسلمان بھائی کی غیبت ہورہی ہے اور اس کو طاقت ہے کہ اس کو روک دے کہ خاموش ہوجاؤ، میں مسلمانوں کی بُرائی سننا نہیں چاہتا، لیکن اس نے اپنی طاقت کو استعمال نہیں کیا، اسے روکا نہیں غیبت سنتا رہا تو اللہ دنیا اور آخرت دونوں جہاں میں اس کی پکڑ فرمائے گا۔ محدثین نے أَدْرَکَ کی یہ شرح کی ہے: اَیْ اَخَذَہُ اللہُ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ اللہ دونوں جہاں میں اس کو رُسوا کرے گا۔ اس حدیث کو پھر سن لیں کہ جس کے سامنے کسی مسلمان کی غیبت کی جائے اور وہ طاقت رکھتا ہے کہ اس کو رد کردے، کہہ دے کہ بھائی ہمارے سامنے غیبت نہ کیجیے کیوں کہ غیبت کرنا بھی حرام ہے اور سننا بھی حرام ہے، آپ مجھے کیوں حرام کام میں مبتلا کررہے ہیں؟ آپ کسی ولی اللہ کا تذکرہ کریں، کسی بزرگ کی بات سنائیں، اللہ کی

محبت کی کوئی بات سنائیں۔ اگر یہ اس کو غیبت کرنے سے روک دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ دونوں جہاں میں اس کو جزا دے گا، لیکن اگر وہ طاقت ہونے کے باوجود مداہنت یعنی بے جا نرمی کی وجہ سے منع نہیں کرتا، غیبت سنتا رہتا ہے تو اس کا کان مجرم ہو گیا اور اس پر اللہ تعالیٰ کی وعید ہے أَدْرَكَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اللہ دونوں جہاں میں اس کو پکڑے گا۔ محدثین نے اس کی شرح یہ کی ہے: اَیْ اَخذَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ دونوں جہاں میں اس کی رُسوائی ہوگی۔ اسی لیے بعض بزرگوں نے یہ شرط لگائی کہ مجھ سے دوستی کی بنیاد کی پہلی شرط یہ ہے کہ جب میری مجلس میں آنا کسی کی بُرائی مت کرنا۔

تو اگر کسی میں غیبت کرنے والے کو روکنے کی طاقت نہ ہو تو اس مجلس سے اٹھ جائے۔ اور اگر کوئی تلوار اور خنجر لیے ہوئے ہو کہ نہیں سنوگے تو مار دوں گا تو مجبوراً بیٹھ جاؤ مگر دل سے بُرا سمجھو، لیکن ایسے حالات بہت شاذ و نادر ہیں کہ غیبت سنانے میں کوئی تلوار بھی استعمال کرتا ہو، ورنہ عام حالات میں یہی حکم ہے کہ اس مجلس سے اٹھ جاؤ ورنہ اتنا ہی کہہ دو کہ ان میں بہت سے خوبیاں بھی ہیں، نرمی سے سمجھا کر کہہ دو کہ بھائی مسلمان ہیں، ان میں کچھ خوبیاں بھی ہیں لہٰذا ان کی بُرائیاں مت بیان کیجیے، ہو سکتا ہے کہ ان کا کوئی عمل اللہ کے یہاں قبول ہو گیا ہو اور وہ بخش دیا جائے اور اللہ کی نظر میں ہمارا آپ کا کوئی عمل قابلِ گرفت ہو اور وہ قابلِ عذاب ہو جائے تب کیا ہو گا؟

حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حالات میں لکھا ہے کہ جب کوئی ان کے سامنے غیبت کرتا تھا تو سر جھکائے بیٹھے رہتے تھے اور جب وہ اپنی بات ختم کرلیتا تھا تو فرماتے تھے کہ تم غلط کہتے ہو، تمہاری سب باتیں غلط ہیں۔ بس اس کا منہ چھوٹا سا ہو جاتا تھا اور زندگی بھر کے لیے توبہ کرلیتا تھا کہ اب حاجی صاحب سے کسی کی غیبت نہیں کروں گا۔ اور حضرت حاجی صاحب بھی ایسے سنتے تھے کہ وہ دل میں سوچتا تھا کہ بس آج تو میں نے کامیابی حاصل کرلی، حاجی صاحب سے خوب بُرائی کر کے ان کا دل اس سے بُرا کر دیا، لیکن حاجی صاحب کا آخری جملہ دیکھیے، جب وہ دیکھتے تھے کہ اب یہ تھک گیا ہے، اس نے اپنا کام پورا کرلیا ہے تب فرماتے تھے کہ جتنی باتیں آپ نے کی ہیں سب غلط ہیں۔ لیکن اس پر عمل کرنا ہمارے اور آپ کے لیے جائز نہیں ہے کیوں کہ کسی کی غیبت سننے کے بعد ہو سکتا ہے کہ ہم یہ نہ کہہ سکیں کہ یہ

غلط ہے، ہمارا ایمان اس درجہ کا نہ ہو، اگر مارے ڈر کے یہ نہ کہہ سکے تب کیا ہو گا؟

اسی لیے حکیم الامت فرماتے ہیں کہ احتمالِ معصیت سے بھی بچو۔ جیسے کوئی حسین آرہا ہے یا آرہی ہے تو احتیاطاً اپنا روٹ بدل لو ورنہ شیطان اس کے حسن کا اخروٹ تمہارے منہ میں ڈال دے گا۔ راستہ چلتے ہوئے کوئی حسین صورت سامنے آجائے تو فوراً راستہ بدل لو، فٹ پاتھ بدل لو، اگر ڈرائیونگ نہیں کر رہے ہو تو آنکھوں پر ہاتھ رکھ لو۔ اگر ڈرائیونگ کرتے ہوئے اِدھر اُدھر سے حرام مزہ دل میں آجائے تو اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لو کہ اے اللہ! کوشش تو کی تھی مگر پھر بھی نفس چور نے جو حرام مزہ حاصل کر لیا ہم اس پر نادم اور شرم سار ہیں اور استغفار کرتے ہیں، لہٰذا قبول فرمالیجیے ہمارا استغفار کیوں کہ آپ ہیں ہمارے پروردگار۔ نظر بچانے کی کوشش میں نفس چور نے جو حرام مزہ حاصل کر لیا یا اللہ! ہم اس پر نادم اور شرم سار ہیں اور ہم استغفار کرتے ہیں، ہمارا استغفار آپ قبول فرمالیجیے کیوں کہ آپ ہمارے پروردگار بھی ہیں اور پالنے والا جلد معاف کر دیتا ہے۔

قیامت کے دن اصلی مفلس کون ہو گا؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جانتے ہو مفلس کون ہے؟ جو خوب دنیا میں عبادت کرتا ہے، مگر غیبت کر کے اپنی نیکیاں دوسروں کو دے کر قیامت کے دن خالی ہاتھ کھڑا ہو گا۔ محنت کی کمائی مفت میں گنوائی۔ میرے مرشدِ ثانی شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے کراچی میں کسی آدمی کی غیبت کی جو کلکتہ میں رہتا ہے تو اس نے اپنی ساری نیکیاں کراچی سے کلکتہ بھیج دیں۔ اگر بہت شوق ہے تو کلکتہ چلے جاؤ اور وہاں جا کر اس کو سمجھاؤ یا خط لکھ دو۔ جس میں کوئی عیب سمجھتے ہو اس کو خط لکھ کر سمجھا دو، اگر وہ مخلص ہے تو امید ہے کہ اپنی غلطی قبول کر لے گا، اگر قبولیت کی امید نہیں ہے تو خط لکھنا بھی واجب نہیں ہے۔

اکابر کی گناہوں سے احتیاط

اب حکیم الامت حضرت تھانوی کا ایک جملہ سن لیں کہ میری ریل کے پاس جب

کوئی دوسری ریل آجاتی ہے تو میں دوسری ریل کی طرف نہیں دیکھتا، منہ دوسری طرف کرلیتا ہوں کیوں کہ ممکن ہے کہ اس ریل میں کوئی زنانہ ڈبہ ہو، ممکن ہے کہ میری نظر ادھر پڑ جائے، ممکن ہے کہ ادھر کوئی زبردست ڈیزائن والی حسین ہو اور ممکن ہے کہ نظر ڈالنے کے بعد نفس کی وجہ سے میں نظر ہٹا نہ سکوں۔ اللہ والے نظر کی حفاظت کا اتنا خیال رکھتے ہیں کہ اِدھر اُدھر دیکھتے ہی نہیں۔ لٰہذا ریل کے سفر میں اگر کھڑکی کے سامنے خواتین ہوں تو کھڑکی سے دوسری طرف منہ کرلو، اپنی پیٹھ خواتین کی طرف کرلو۔

حقانیتِ اسلام کی دلیل

آج دل میں تقاضا تھا کہ غیبت کے بارے میں اسلام کی حقانیت بیان کروں۔ اسلام کے سچا مذہب ہونے کی یہی دلیل ہے کہ انسانی نفسیات اور آبرو کی جتنی رعایت اسلام نے رکھی ہے اتنی رعایت کسی دوسرے مذہب میں نہیں پاؤ گے، اگر اسلام سچا اور آسمانی مذہب نہ ہوتا تو انسان کی بین الاقوامی عقل یہی طے کرتی کہ جس لڑکے کے ساتھ بد فعلی کی تھی اور اب وہ ڈپٹی کمشنر ہے تو جاکر ڈی سی صاحب سے کہو کہ جناب فرسٹ ایئر میں جو غلطی ہوئی تھی اسے معاف کردیں، اگر لڑکیوں کے ساتھ کالج میں گڑبڑ کی تھی تو معافی مانگتے اور کہتے کہ ضرور معافی مانگنا چاہیے کیوں کہ ہم نے ایک مسلمان خاتون کو یا مسلمان لڑکے کو بے عزت کیا ہے۔ دنیاوی قانون ہوتا تو وہ قانون معافی مانگنے کے لیے کہتا، مگر یہ اللہ کا مذہب ہے، اللہ کا قانون ہے کہ اللہ نے اپنے غلاموں کی، اپنی بندیوں اور بندوں کی آبرو کا کتنا خیال کیا ہے، کوئی سوچ بھی نہیں سکتا کہ اللہ تعالیٰ کے کرم کی کیا شان ہے۔

تصویر کی حرمت پر ایک عظیم الشان مضمون

رنگون میں مجھ سے پوچھا گیا کہ اسلام میں تصویر کیوں حرام ہے؟ اگر آج اولیاء اللہ کی تصویریں ہوتیں تو ہم ان سے برکت لیتے، اسی طرح تصویریں ہمارے باپ دادوں کی نشانی ہوتیں۔ میں نے عرض کیا کہ اسلام میں دفعِ مضرت مقدم ہے جلبِ منفعت پر یعنی نفع کھینچنے سے مقدم ہے کہ نقصان کو دفع کیا جائے۔ چناں چہ قرآنِ پاک میں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے فرمایا:

حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ اے کافرو! میرا نبی تم پر حریص ہے، لالچی ہے۔ مگر تمہاری جیب کا لالچی نہیں ہے، تفسیر روح المعانی میں اس کی تفسیر یہ لکھی ہے: حَرِیْصٌ عَلٰی اِیْمَانِکُمْ وَ صَلَاحِ شَأْنِکُمْ میرا نبی تم پر حریص ہے، مگر تمہارے مال و دولت کا حریص نہیں ہے حَرِیْصٌ عَلٰی اِیْمَانِکُمْ وَ صَلَاحِ شَأْنِکُمْ[۳] تمہارے ایمان پر اور تمہاری حالت کی درستگی پر حریص ہے کہ تم اللہ والے بن جاؤ۔ میرے نبی کی یہ رحمت تو کافروں کے لیے ہے لیکن مومنین کے لیے تو ان کی کچھ اور ہی شان ہے بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ مومنین پر رءوف بھی ہیں اور رحیم بھی ہیں، رؤف کے معنٰی ہیں کہ امت کو نقصان دینے والے اعمال کو حرام فرمانا۔

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِذَا رَأَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَ الْمَفْعُوْلَ کِلَیْھِمَا[۴] جب تم دیکھو کہ مرد مرد کے ساتھ بد فعلی کر رہے ہوں، حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کے زمانے کی بد فعلیاں ہو رہی ہوں تو فاعل کو بھی قتل کر دو اور مفعول کو بھی قتل کر دو۔ لیکن اسلامی حکومت اس کام کو کرے گی، عام لوگوں کو یہ اختیار نہیں دیا جائے گا ورنہ فتنہ اور فساد پیدا ہو جائے گا۔ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں، اس لیے اگر فائدہ نہیں ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم قتل کا حکم کیوں دیتے؟

دو اسمائے حسنہ رءوف ورحیم کی عالمانہ تشریح

آیت بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ میں رءوف رحیم سے مقدم ہے یا نہیں؟ پہلے رءوف ہے پھر رحیم ہے۔ تو علامہ آلوسی السید محمود بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رءوف رافت سے ہے، رافت کے معنٰی ہیں دفعِ مضرت۔ یعنی میرا نبی امت کو نقصان پہنچانے والے اعمال سے دور رکھتا ہے، چاہے جسمانی تکلیف ہو یا روحانی، یہاں تک جب حضرت علی

۳؎ روح المعانی:۵۲/۱۱، التوبۃ (۱۲۸)، دار احیاء التراث، بیروت

۴؎ سنن الترمذی:۲۷۰/۱، باب ماجاء فی حد اللوطی، ایچ ایم سعید

رضی اللہ عنہ کی آنکھ دُکھنے آئیں تو آپ نے فرمایا کہ اے علی! آج کل کھجور مت کھاؤ کیوں کہ کھجور گرم ہوتی ہے، تمہاری آنکھیں سرخ ہورہی ہیں۔ تو یہ پرہیز بتانا دفعِ ضرر ہے یا نہیں؟

اور رحیم رحمت سے ہے، رحمت سے مراد جلبِ منفعت ہے، تو دفعِ مضرت مقدم ہے، نقصان کو دور کرنا پہلے ہے اور نفع حاصل کرنا بعد میں ہے۔ جیسے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں غیر اللہ سے جان بچانا دفعِ ضرر ہے کیوں کہ باطل خدا پر ایمان لانے سے تمہارے ایمان کو نقصان پہنچ جائے گا تو کلمہ میں لا الٰہ مقدم ہے کہ غیر اللہ سے دل مت لگاؤ کیوں کہ یہ تمہارے لیے مضر ہے، پہلے غیر اللہ کو نکالو

نکالو یاد حسینوں کی دل سے اے مجذوبؔ
خدا کا گھر پئے عشقِ بتاں نہیں ہوتا

غیر اللہ سے جان بچاتے رہو، اللہ سے چپکاتے رہو، یہ حاصلِ کلمہ ہے۔ لا الٰہ الا اللہ کا یہ عاشقانہ ترجمہ شاید ہی کہیں پاؤ گے، لفظ شاید یاد رکھنا ورنہ شیطان دل میں بدگمانی ڈال دے گا۔ غیر اللہ سے جان کو چھڑاتے رہو، اللہ سے دل کو چپکاتے رہو، کلمہ میں دفعِ ضرر کو مقدم کیا گیا ہے، معلوم ہوا کہ اسلام کا قانون یہی ہے کہ دفعِ ضرر کو مقدم کیا جاتا ہے۔ ہمارے ایمان کی بنیاد، کلمہ کی بنیاد دفعِ ضرر سے شروع ہوتی ہے۔ اسلام کی بنیاد اور کلمہ کا ابتدائیہ، نقطۂ آغاز دفعِ ضرر سے شروع ہوا یعنی پہلے دل سے غیر اللہ کو نکالو۔

تصویر کشی کے مفاسد

تو میں نے رنگون میں تصویر سے متعلق اس سائل کو جو جواب دیا، اس سے پہلے ذہن میں کبھی یہ جواب نہیں آیا تھا، اللہ تعالیٰ نے اچانک آبرو رکھ لی اور میرے کشکول میں جواب عطا فرمادیا۔ بات یہ ہے کہ تصویروں میں کچھ فائدے تھے کہ آج صحابہ کی شکلیں سامنے ہوتیں مگر ضرر اتنا زیادہ ہے جس کی کوئی تلافی نہیں، تصویروں سے عظیم نقصان تھا۔ اب اس کی مثال سن لو، آپ کے رنگون کا ایک مسلمان لڑکا لندن جاتا ہے، برطانیہ کی آکسفورڈ یونی ورسٹی میں پڑھتا ہے، جوانی ہے، دیندار بھی نہیں ہے، وہاں ایک انگریز لڑکی سے لپٹ گیا اور لڑکی بھی لپٹ گئی۔ اسی لیے حسن اور عشق میں فاصلہ رکھنا پڑتا ہے کیوں کہ دونوں میں میگنٹ

ہے، نظر کے حرام ہونے کی وجہ یہی ہے کہ عشق میں بھی میگنٹ ہے، مقناطیس ہے اور حسن میں بھی مقناطیس ہے اور جب دو مقناطیس قریب ہو جائیں گے تو چمٹنے کا خطرہ ہو جاتا ہے، اگر نہ بھی چمٹے، فاصلہ رکھا مگر میگنیٹ کے ٹارگٹ پر ہے، جیسے مقناطیس لوہے کی اٹھنّی کے قریب ہے تو جیسے مقناطیس ہلاؤ گے اٹھنی بھی ویسے ہی ناچے گی، حسن کے ہاتھ میں عشق ناچتا ہے، پریشان رہتا ہے۔ حسن عشق کو پریشان رکھتا ہے لیکن اگر اس کے ٹارگٹ سے آگے بڑھ جاؤ تو سکون سے رہو گے لہٰذا جب حسینوں سے کہیں سامنا ہو جائے تو جلدی سے آگے بڑھ جاؤ، ان کے ٹارگٹ پر نہ رہو، حسن اور عشق میں فاصلے رکھو۔

تو میں نے کہا کہ دیکھو، آپ کا لڑکا اور آپ کی لڑکی برطانیہ پڑھنے گئے، آکسفورڈ یونی ورسٹی میں انہوں نے ایم ایس اور بڑی بڑی ڈگریاں لے لیں مگر نماز نہ روزہ، کسی انگریز لڑکی کے ساتھ مسلمان لڑکا لپٹا ہوا ہے اور وہاں کچھ برا نہیں ہے۔ میں نے برطانیہ کی سڑکوں پر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ ایک مرد آرہا ہے اور ایک عورت آرہی ہے، دونوں آمنے سامنے ہوئے، ایک دوسرے کا بوسہ لیا اور پھر گڈ مارننگ کر کے چلے گئے، کوئی احساس ہی نہیں ہے، یہ ان کی سوسائٹی میں داخل ہے، اگر سڑکوں پر زنا ہو رہا ہے اور دونوں راضی ہیں تو پولیس کچھ نہیں کہہ سکتی لیکن اگر سڑکوں پر کوئی پیشاب کر لے تو گرفتار ہو جاتا ہے، پانچ سو پونڈ جرمانہ لگ جاتا ہے۔

اب وہ لڑکا اور لڑکی آپس میں لپٹے ہوئے ہیں کہ رنگون کے دوسرے لڑکے نے اس منظر کو فلم میں لے لیا، تصویر بنالی۔ اس کے بعد وہ لڑکا کسی شیخ سے مرید ہو گیا، اللہ اللہ کیا، تہجد پڑھی گناہ چھوڑے، حج کر آیا، اتنے اونچے درجہ پر پہنچ گیا کہ اپنے شیخ کا خلیفہ ہو گیا، صاحبِ نسبت اور اللہ والا ہو گیا، ایک لاکھ مریدوں کو مراقبہ کرا رہا ہے، اللہ کا نام سکھا رہا ہے، اتنے میں اس کا کلاس فیلو آیا، اس نے اس کی جوانی والی تصویر کو اور بڑے سائز میں کر دیا۔ اب وہ ظالم حسد میں اس کی ماضی کے زمانے کی انگریز لڑکی کے ساتھ نامناسب حرکت والے فوٹو سب کو دکھا رہا ہے۔

بتاؤ! اس سے اللہ کے ولی کی آبرو کو کتنا نقصان پہنچتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنے غلاموں کی آبرو کے تحفظ کے لیے تصویر کو حرام فرما کر ماضی کے گناہوں کی دستاویزات کو ختم

کر دیا۔ اللہ کے اس احسان پر جان بھی قربان کر دیں تو بھی حق ادا نہیں ہو سکتا۔

صحت مند رہنے کے لیے محنت کی اہمیت

اسلام کے حق ہونے کی یہی دلیل ہے کہ اسلام دفعِ ضرر کو مقدم رکھتا ہے۔ اگر کسی کو سنکھیا، ہیروئن یا زہر کھانے کی عادت ہے تو پہلے زہر سے بچایا جاتا ہے، زہر چھوڑ دے گا تو سوکھی روٹی سے بھی تندرست ہو جائے گا بلکہ بریانی کھانے والوں سے زیادہ لال ہو جائے گا، مزدوروں کو دیکھ لو، ٹماٹر کی چٹنی روٹی کھا کر کیسے لال رہتے ہیں اور مال داروں کو دیکھ لو کہ بریانی اور پلاؤ کھا کر بلغم کا مادہ بڑھ جاتا ہے اور کوئی نہ کوئی بیماری رہتی ہے، اللہ تعالیٰ نے ہم کو مشقت میں پیدا فرمایا ہے۔ آج کل جو یہ دل کی بیماریاں زیادہ ہو رہی ہیں، یہ ایئر کنڈیشن اور آرام کی وجہ سے ہو رہی ہیں کیوں کہ محنت ہے نہیں، پیٹ اور زبان وہی ہے، مرغن پلاؤ، بریانی کھانے کی عادت ہے مگر محنت کی عادت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡ کَبَدٍ ہم نے انسان کو مشقت میں پیدا کیا ہے۔[۵]

کَبَدٍ کے معنیٰ ہیں مشقت اور کَبِدٍ کے معنیٰ ہیں جگر، جو مشقت میں رہے گا تو اس کا جگر بھی صحیح رہے گا۔ جو لوگ مشقت زیادہ کرتے ہیں، چلتے پھرتے زیادہ ہیں، دوڑتے زیادہ ہیں وہ مکھن انڈہ بھی کھا لیں تو جل کر خاک ہو جاتا ہے، ان کی مشقت ان کی چربی سے یہ اعلان کرتی ہے۔

جلا کے خاک نہ کر دوں تو داغ نام نہیں

اب بیماریاں اسی لیے بڑھتی جا رہی ہیں کیوں کہ آرام زیادہ ہے اور مشقت کم۔ میں نے ایک عرب کو بتایا کہ اگر تم چاہتے ہو تمہارا کبد صحیح رہے یعنی جگر صحیح کام کرے، خون زیادہ بلغم نہ بنائے، ہر خِلط کو اعتدال کے ساتھ پیدا کرے، صفرا، خون، بلغم اور سودا یہ چاروں اخلاطِ اربع کہلاتے ہیں، اگر ان میں اعتدال چاہتے ہو تو مشقت میں رہو کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے انسان کو مشقت کے ساتھ پیدا فرمایا ہے۔ لہٰذا اتنی مشقت کرو کہ مشقت میں

۵؎ البلد:۴

ڈوب جاؤ، جو کَبَدٍ یعنی مشقت میں رہے گا اس کا کَبِدٍ یعنی جگر صحیح کام کرے گا۔

اللہ تعالیٰ سے خوشیاں طلب کرنے کا انوکھا عنوان

جب اللہ تعالیٰ سے کوئی خوشی کی دعا مانگو تو ایک دعا کا عنوان اختر سکھاتا ہے اور یہ کہاں سے سکھاتا ہے؟ کیوں کہ میں بھی سکھایا گیا ہوں۔ اگر آپ کا دل چاہتا ہے کہ آپ لوگوں کی خوشی کے جتنے مقاصد ہیں وہ پورے ہو جائیں، تو اللہ تعالیٰ سے عرض کرو کہ اے اللہ! ہم اپنی نالائقیوں سے آپ کو خوش نہیں کرسکے، ہم اپنی نالائقیوں سے، نفس کے کمینہ پن سے، اپنی غیر شریفانہ حرکات سے، اپنی بشری کمزوریوں سے آپ کو خوش نہیں کرسکے۔ لیکن اگر ہم آپ کو خوش نہیں کرسکے تو آپ ہماری خوشیوں سے بے نیاز ہیں، آپ اپنے کرم سے ہمیں خوش کرکے خوشیاں دے دیجیے تو آپ کا احسان ہو گا۔ کیوں کہ آپ ہماری طرف سے خوشیوں سے بے نیاز ہیں لیکن ہم آپ کی طرف سے عطائے خوشی کے محتاج ہیں۔ بتائیے! کیسا مضمون ہے کہ ہم اپنی نالائقیوں سے آپ کو خوش نہیں کرسکے لیکن اگر آپ ہمیں خوش نہیں کریں گے تو دنیا میں آپ کے سوا ہمارا کوئی نہیں ہے۔ ہم تو اپنی نالائقیوں کی وجہ سے آپ کو خوش تو نہیں کرسکے لیکن آپ ہماری خوشیوں سے بے نیاز ہیں اور ہم آپ کی طرف سے عطائے خوشی کے محتاج ہیں۔ اس لیے آپ ہمارے اچھے اچھے مقاصد میں کامیاب فرما کر ہم کو خوش کردیجیے کیوں کہ آپ اللہ ہیں اور بہت بڑے مولیٰ ہیں، ہم تصور بھی نہیں کرسکتے کہ آپ ہماری طرف سے خوشیوں کے انتظار میں ہیں، آپ کو ہماری خوشی کی کوئی ضرورت نہیں، اگر ہم آپ کو خوش کرتے تو یہ ہماری شرافت ہوتی، ہم اپنے لائق اعمال سے آپ کے شریف اور لائق بندے ہوتے، مگر ہم سے نالائقیاں ہوگئیں جس کی ہم معافی چاہتے ہیں۔ مگر ایسا نہ ہو کہ ہماری نالائقیوں کی وجہ سے آپ ہماری خوشیوں کی تکمیل نہ فرمائیں۔ اس لیے یہ دعا یاد کرلیں کہ اللہ ہم تو اپنی کمزوریوں اور نالائقیوں کی وجہ سے آپ کو خوش نہیں کرسکے لیکن آپ اپنی رحمت سے ہمارے تمام خوشیوں کے نیک نیک ارادوں میں ہمیں کامیاب فرمادیجیے۔

بس میرا مضمون ختم ہوا۔ یہ اس شخص کی تقریر ہے جس کی طبیعت کی ناسازی کا اعلان کیا گیا تھا مگر اس ناساز کا اپنے دوستوں کے ساتھ ساز باز کیسا رہا؟ میری طبیعت ناساز صحیح

لیکن آپ لوگوں کے ساتھ کچھ ساز باز ہو گیا یا نہیں؟ آج ایسا مضمون بیان ہوا ہے جو بہت ہی اہم ہے کہ اللہ کے حضور گناہوں سے معافی دو طریقوں سے مانگو کہ اے اللہ! آپ کے حق میں ہم سے جو نالائقیاں ہوئیں مثلاً نماز روزہ میں کمی وغیرہ تو آپ تو ہماری عبادتوں سے بے نیاز ہیں، اس کمی پر ہم کو معاف کر دیجیے اور اگر نماز، روزہ، زکوٰۃ وغیرہ وقت پر ادا ہونے سے رہ گئے اس کی قضا ادا کرنے کی ہمت و توفیق دے دیجیے، لیکن آپ کی مخلوق کو جو ہم سے ایذا پہنچی ہے تو ان کو ہمارے تین قل شریف کا ثواب دے کر قیامت کے دن ان سے ہمارا راضی نامہ کرا دیجیے گا، یہ دعا ہمیشہ کرو، جس کی عربی یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلَنَا ذُنُوۡبَنَا وَ تَکَفَّلۡ بِرِضَاءِ خُصُوۡمِنَا اے اللہ! ہمارے گناہوں کو معاف فرما اور ہمارے فریقوں کو جن کا حق ہم سے رہ گیا اور ہم ادا نہیں کر سکے، اب مجبوری ہے، پیسہ ہی نہیں ہے یا ان کا انتقال ہو گیا یا ان سے ملنا مشکل ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی اس مخلوق کو جس پر ہم سے زیادتی ہوئی آپ قیامت کے دن ہمارے تینوں قل کا ثواب دے کر قیامت کے دن ان سب کا راضی نامہ کرا دینے کی کفالت قبول فرمالیجیے۔ اور آپ کے حقوق میں بھی ہم مجرم ہیں، اپنا حق معاف کرنا آپ کے لیے آسان ہے لہٰذا ہمارے ذمے جو نماز روزہ قضا ہے اس کو ادا کرنے کی توفیق و ہمت عطا فرما دیجیے۔

بس اب دعا کر لیجیے اللہ پاک ہم سب کو تقویٰ والی حیات نصیب فرمائے۔ دعاؤں کے اس پرچے میں جو لکھا ہے اور جو ہمارے دلوں میں ہے ہماری تمام جائز حاجتوں کو اپنی رحمت سے بلا استحقاق پوری فرما دے، تمام جائز حاجتوں کو پورا فرما دے اور ہر مشکل کو حل فرما دے، اپنے کرم سے ہماری تمام مشکلات کو حل فرما دیجیے اور تمام نیک ارادوں میں بامراد فرما کر اپنا بنا کر پھر دنیا سے اٹھائیے۔ میرے مالک سر سے پیر تک ہمارا روحانی بیوٹی پارلر کر دیجیے، ہم اس حالت میں آپ کے سامنے حاضر ہوں کہ آپ ہم کو دیکھ کر خوشی سے مسکرائیں اور شاباشی دیں۔ اب ایک دعا اور کر لیں اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الۡحَقَّ حَقًّا وَّارۡزُقۡنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الۡبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارۡزُقۡنَا اجۡتِنَابَہٗ۔

وَاٰخِرُ دَعۡوَانَا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ

اس وعظ سے کامل نفع حاصل کرنے کے لیے یہ دستور العمل کیمیا اثر رکھتا ہے

دستور العمل

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

وہ دستور العمل جو دل پر سے پردے اٹھاتا ہے، جس کے چند اجزاء ہیں، ایک تو کتابیں دیکھنا یا سننا۔ دوسرے مسائل دریافت کرتے رہنا۔ تیسرے اہل اللہ کے پاس آنا جانا اور اگر ان کی خدمت میں آمد ورفت نہ ہو سکے تو بجائے ان کی صحبت کے ایسے بزرگوں کی حکایات وملفوظات ہی کا مطالعہ کرو یا سن لیا کرو اور اگر تھوڑی دیر ذکر اللہ بھی کر لیا کرو تو یہ اصلاحِ قلب میں بہت ہی معین ہے اور اسی ذکر کے وقت میں سے کچھ وقت محاسبہ کے لیے نکال لو جس میں اپنے نفس سے اس طرح باتیں کرو کہ:

> ”اے نفس! ایک دن دنیا سے جانا ہے۔ موت بھی آنے والی ہے۔ اُس وقت یہ سب مال و دولت یہیں رہ جائے گا۔ بیوی بچے سب تجھے چھوڑ دیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ سے واسطہ پڑے گا۔ اگر تیرے پاس نیک اعمال زیادہ ہوئے تو بخشا جائے گا اور گناہ زیادہ ہوئے تو جہنم کا عذاب بھگتنا پڑے گا جو برداشت کے قابل نہیں ہے۔ اس لیے تو اپنے انجام کو سوچ اور آخرت کے لیے کچھ سامان کر۔ عمر بڑی قیمتی دولت ہے۔ اس کو فضول رائیگاں مت برباد کر۔ مرنے کے بعد تو اُس کی تمنا کرے گا کہ کاش! میں کچھ نیک عمل کر لوں جس سے مغفرت ہو جائے۔ مگر اس وقت تجھے یہ حسرت مفید نہ ہو گی۔ پس زندگی کو غنیمت سمجھ کر اس وقت اپنی مغفرت کا سامان کر لے۔“

❁❁❁❁

اصلاح کا آسان نسخہ

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

دو رکعت نفل نماز توبہ کی نیت سے پڑھ کر یہ دعا مانگو:

"اے اللہ! میں آپ کا سخت نافرمان بندہ ہوں۔ میں فرماں برداری کا ارادہ کرتا ہوں مگر میرے ارادے سے کچھ نہیں ہوتا اور آپ کے ارادے سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ میری اصلاح ہو مگر ہمت نہیں ہوتی۔ آپ ہی کے اختیار میں ہے میری اصلاح۔ اے اللہ! میں سخت نالائق ہوں، سخت خبیث ہوں، سخت گناہ گار ہوں، میں تو عاجز ہو رہا ہوں، آپ ہی میری مدد فرمایئے۔ میرا قلب ضعیف ہے۔ گناہوں سے بچنے کی قوت نہیں ہے، آپ ہی قوت دیجیے۔ میرے پاس کوئی سامانِ نجات نہیں، آپ ہی غیب سے میری نجات کا سامان پیدا کر دیجیے۔ اے اللہ! جو گناہ میں نے اب تک کیے ہیں، انہیں آپ اپنی رحمت سے معاف فرمایئے۔ گو میں یہ نہیں کہتا کہ آیندہ ان گناہوں کو نہ کروں گا، میں جانتا ہوں کہ آیندہ پھر کروں گا، لیکن پھر معاف کرا لوں گا۔"

غرض اسی طرح سے روزانہ اپنے گناہوں کی معافی اور عجز کا اقرار، اپنی اصلاح کی دعا اور اپنی نالائقی کو خوب اپنی زبان سے کہہ لیا کرو۔ صرف دس منٹ روزانہ یہ کام کر لیا کرو۔ لو بھائی دوا بھی مت پیو۔ بدپرہیزی بھی مت چھوڑو۔ صرف اس تھوڑے سے نمک کا استعمال سوتے وقت کر لیا کرو۔ آپ دیکھیں گے کہ کچھ دن بعد غیب سے ایسا انتظام ہو جائے گا کہ ہمت بھی قوی ہو جائے گی، شان میں بٹہ بھی نہ لگے گا اور دشواریاں بھی پیش نہ آئیں گی۔ غرض غیب سے ایسا سامان ہو جائے گا کہ جو آپ کے ذہن میں بھی نہیں ہے۔

❁❁❁❁

آج کل ایک مرض بہت عام ہے حالاں کہ اس مرض کے بارے میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: غیبت زنا سے بھی زیادہ شدید گناہ ہے۔ اس کا شمار ان عظیم گناہوں میں ہوتا ہے جن پر آخرت میں جہنم کی وعید ہے۔ قیامت کے دن غیبت کرنے والے کی نیکیاں اس کو دے دی جائیں گی جس کی غیبت کی گئی ہے۔ غیبت کہتے ہیں کسی کی غیر موجودگی میں اس کا سچا عیب بیان کرنے کو اور بہتان کہتے ہیں کسی پر جھوٹا الزام لگا کر اس کی رسوائی اور برائی بیان کرنے کو۔

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وعظ ''علاج الغیبت'' میں غیبت کے گناہ کی حقیقت، اس سے بچنے کی تدابیر اور اس کی معافی وتلافی کے طریقے نہایت موثر اور احسن انداز میں بیان فرمائے ہیں۔ اس وعظ کے مطالعے سے غیبت کے سنگین گناہ کی اہمیت واضح ہوتی ہے اور اللہ کی ناراضگی کا باعث بننے والے اس عملِ بد سے بچنے کے طریقوں کا علم ہوتا ہے۔

ناشر
کتب خانہ مظہری

سعید احمد جلال پوری

الحاد و زندقہ کا نیا انداز!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی!

چند دن قبل روز نامہ امت کراچی کے کالم نگار جناب کاشف حفیظ صاحب ہمارے دوست جناب الحاج خورشید احمد صاحب کی معیت میں دفتر ختم نبوت تشریف لائے، علیک سلیک، تعارف اور ابتدائی بات چیت کے بعد انہوں نے اپنی تخلیقات کا سیٹ عنایت فرمایا، ملکی و بین الاقوامی حالات، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشوں اور سیدھے سادے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوششوں اور خفیہ تدبیروں پر بات چل نکلی تو انہوں نے ایک ویزیٹنگ کارڈ اور مطبوعہ پرچہ بنام ”کَلا مُکَ کما لُکَ“ آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا: کہ میرے بڑے بھائی صاحب ڈاکٹر ہیں، ان کی کلینک پر ایک صاحب آئے اور انہوں نے اپنا تعارفی کارڈ اور یہ پرچہ دے کر کہا کہ میں ڈاکٹر کیپٹن محمد ضیاء اللہ خان ثنا کلینک کے نام سے منیب میڈیکل کمپلکس چیپل گارڈن ابوالحسن اصفہانی روڈ کراچی میں مطب کرتا ہوں، یہ میرا کارڈ ہے، اس کے ساتھ ہی کہا کہ نبیل میرا بیٹا ہے جو پیدائشی طور پر جسمانی معذور اور خود سے چلنے، پھرنے، اور کھانے پینے سے قاصر ہے اور اس پر گاہ بگاہ دورہ کی کیفیت طاری ہوتی ہے، اس پر جب دورہ کیفیت ہوتی ہے تو وہ عجیب وغریب باتیں کرتا ہے، ان میں سے چند ایک اس پرچہ میں درج ہیں۔

جناب کاشف حفیظ صاحب نے بتلایا کہ میرے بھائی صاحب نے پرچہ پڑھا تو پریشان ہوگئے، گھر آکر انہوں نے یہ پرچہ اور ویزیٹنگ کارڈ مجھے تھماتے ہوئے فرمایا کہ دیکھو یہ کون آدمی ہے؟ اس کے کیا عقائد ونظریات ہیں؟ اور یہ کیا کہنا چاہتا ہے؟ جب تک کاشف حفیظ صاحب اس کارڈ اور پرچہ کا پس منظر بتاتے رہے، میں اس پرچہ کو پڑھتا رہا، اُدھر ان کی بات پوری ہوئی اِدھر میں نے وہ پورا پرچہ پڑھ لیا بلکہ اس کی تمام قابل اعتراض باتوں کو انڈر لائن کرتے ہوئے عرض کیا: ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ شخص قادیانی ہے اور قادیانی عقائد ونظریات کا داعی، منادا اور پرچارک ہے۔ البتہ اس نے قادیانی عقائد ونظریات کے زہر کو ہلکا کرنے، ان سے نفرت، بیزاری اور توحش کو کم کرنے، سیدھے سادے مسلمانوں کو دھوکا دینے اور انہیں گمراہ

کرنے کے لئے کسی قدر جدید، انوکھی اور نئی شکل اپنانے کی کوشش ہے۔

راقم نے ابھی تک اس پرچہ پر کچھ لکھنا شروع نہیں کیا تھا کہ دارالافتاء جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کی جانب سے اس پرچہ میں درج کلام اور اس کی ویب سائٹ سے ماخوذ پرنٹ پر مشتمل کئی صفحات کا پلندہ بھیج کر اس کی طرف متوجہ کیا گیا کہ یہ صاحب کون ہیں؟ اور اس کے عقائد ونظریات کیا ہیں؟ چنانچہ اس پلندہ کو دیکھا، تو اس میں، اردو کے علاوہ انگلش میں بھی قادیانی عقائد ونظریات کی تبلیغ پر مشتمل خاصا مواد تھا، اسی طرح اسی ویب سائٹ سے ایک اور مواد بھی ملا جس میں ''مہدی کون؟'' کے عنوان سے منتشر انداز میں وہ سب کچھ درج تھا جو ''کَلا مُکَ کما لُکَ'' کے اندر یکجا اور مرتب انداز میں تھا، خاص طور پر اس میں: ''اگر یہ کلام الٰہی نہیں تو اور کیا ہے؟'' بہت ہی خطرناک اور بدبودار مواد ہے۔

اس پلندہ کی خواندگی ابھی مکمل نہیں کی تھی کہ جامعہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی کے مدیر جناب مولانا لیاقت علی شاہ صاحب تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ میرے پاس ایک صاحب کسی مجہول شخص کی جانب سے ایک پرچہ لائے اور اس میں درج غلیظ کلمات کو دیکھ کر میں نے اس پرچہ میں دی گئی ویب سائٹ پر جاکر اس کے بارہ میں معلومات شروع کیں تو وہ شخص مجھے قادیانی لگا، کیونکہ اس میں مرزا غلام احمد قادیانی کے بدبودار عقائد ونظریات کی بھرمار تھی، چنانچہ میں نے اس کا پرنٹ اور عکس لینا چاہا تو اس پر ایسا کوڈ لگا ہوا تھا کہ اس کو پڑھا تو جاسکتا تھا مگر اس کا فوٹو لینا مشکل تھا، لہٰذا میں نے ایک کمپیوٹر ماہر سے رجوع کرکے اس فائل میں سے چند اقتباسات کے فوٹو لے کر جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی کے دارالافتاء بھجوائے ہیں، یقیناً آپ تک بھی اس کی اطلاع پہنچی ہوگی، میں نے عرض کیا جی ہاں وہ سارا پلندہ مجھ تک پہنچ چکا ہے، اس پر انہوں نے بتلایا کہ جب میں اس ویب سائٹ پر گیا تو اندازہ ہوا کہ یہ شخص سیدھے سادے مسلمانوں اور بھولے بھالے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے لئے ایک معذور بچے کے نام سے دھوکا دے رہا ہے اور قادیانی عقائد و نظریات کو عجیب وغریب انداز سے مسلمانوں کے دل ودماغ میں اتارنے کی ناپاک کوشش کررہا ہے۔

یہ بھی انہوں نے بتلایا کہ کمپیوٹر پر چیٹنگ کرنے والے نوجوان جب اس ویب سائٹ کی ویزٹ کرتے ہیں اور اس ویب سائٹ کو چلانے والے ڈاکٹر کیپٹن ضیا اللہ سے بات چیت کرتے ہیں، تو وہ ان کو معذور بچے کے دورہ کی کیفیت کے نام سے ان عقائد ونظریات کو کراماتی اور معجزاتی انداز میں پیش کرکے ان کو سچا ماننے اور ان پر ایمان لانے کی تلقین کرتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنی ویب سائٹ کی ویزٹ کرنے والوں سے اپنی ویب سائٹ اور ان عقائد ونظریات کے بارہ میں رائے بھی مانگتا ہے، چنانچہ ناواقف ولاعلم نوجوان بعض اوقات سادگی کی بنا پر اس کے بارہ میں اچھے تاثرات کا اظہار کردیتے ہیں تو وہ اس کو اپنی حقانیت وصداقت کی دلیل قرار دیتے ہوئے اسے بھی ویب سائٹ کا حصہ قرار دیتا ہے۔ اس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس پرچہ اور اس کی ویب سائٹ کے فوٹو میں موجود عقائد ونظریات اور اس کے ذمہ دار کے عقائد ونظریات کے بارہ میں کسی قدر تفصیل سے عرض کردیا جائے:

اس سے پہلے کہ اس معذور بچے کی آڑ میں ''روپ محمد'' نامی ویب سائٹ اور ''کـلا مُکَ کـمـا لُکَ'' نامی پرچہ میں درج عقائد ونظریات کا تجزیہ کیا جائے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر ضیاء اللہ نے اپنے معذور بیٹے نبیل اور اپنے تعارف کے بارہ میں جو کچھ لکھا ہے، ذیل میں اس کا خلاصہ انہیں کے الفاظ میں درج کردیا جائے، لیجئے پڑھئے اور سر دھنیئے:

''تعارف:... میں وہ تمام تفصیلات پیش کررہا ہوں کہ کس طرح سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دنیا میں دوبارہ تشریف آوری ممکن ہوئی اور کس طرح اللہ کے پیغامات آنا شروع ہوئے...... میں ان پیغامات میں کسی قسم کی ردوبدل کا اختیار نہیں رکھتا، البتہ مجھے یہ اجازت دی گئی ہے کہ میں وقتی طور پر کوئی بات مخفی رکھ سکتا ہوں...... یہ تمام واقعات میرے بیٹے نبیل کی وجہ سے ہوئے ہیں جو معذور اور بے شک معصوم ہے......سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی دوبارہ اس دنیا میں تشریف آوری کیسے ہوئی یہ ایک لمبی داستان ہے جس کو میں نے مختصراً تحریر کیا ہے اور کلام پاک کو ''کـلامُکَ کـمـا لُکَ'' کا عنوان دیا ہے، کیونکہ اصل کلام پاک میں اعراب اور نقطے نہیں ہوتے، اس لئے اس کو سمجھنے میں بہت مشکل پیش آتی ہے۔

اسباب:... ۱۲/ اگست ۱۹۹۲ء کا دن تھا...... میرے دوسرے بیٹے نے اس دنیا میں اپنا پہلا قدم رکھا اس کا نام نبیل تجویز کیا گیا، سانولی رنگت معمولی شکل وصورت کے حامل اس بچے میں سوائے دو بڑی پُرکشش آنکھوں کے اور کوئی خاص بات نہ تھی...... ہم نے محسوس کیا کہ نبیل کو دودھ پینے اور سانس لینے میں دقت ہوتی ہے...... چیک اپ کرانے پر معلوم ہوا کہ گلے کے غدود بڑھے ہوئے ہیں، آپریشن ضروری تھا جس کے بعد نبیل کو اس مصیبت سے چھٹکارا ملا...... جب نبیل ایک سال کا ہوا تو اس کو کھڑا ہونے میں مشکل پیش آنے لگی، اول تو وہ کھڑا ہونے کی کوشش ہی نہ کرتا اور اگر کرتا تو گر جاتا، جس کی وجہ ٹانگوں کی کمزوری سمجھی گئی اس لئے اسے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے میں کئی سال لگ گئے، اب کھڑا ہونا ممکن ہوا تو توازن برقرار رکھنا ممکن نہ تھا، گرنا اور چوٹ لگنا اب روز کا معمول بن گیا اور ہر وقت کا رونا نبیل کا مقدر...... میں نے اس دور کے مشہور ومعروف بزرگوں کے آستانوں پر حاضری دینا شروع کی...... کسی مہربان نے مجھے شاہ عقیق کے مزار پر جانے کو کہا......عیدالفطر کی چھٹیوں میں ۲۰۰۲ء میں وہاں جانے کا فیصلہ کیا...... ہر ماہ باقاعدگی سے حاضری دینا شروع کی...... البتہ ایک بار انوکھا واقعہ ہمارے ساتھ ضرور پیش آیا، جسے شاید معجزے کے زمرے میں لیا جاسکے......نبیل نے بے خیالی میں اپنے ایک ہاتھ کی انگلی دوسرے ہاتھ کی ہتھیلی پر رگڑی کہ اچانک اس کے کانوں میں حضرت شاہ عقیق کی آواز آئی جو نبیل سے مخاطب تھے، اس نے دوبارہ انگلی رگڑی تو اس بار حضرت شاہ عقیق کے بڑے بھائی حضرت شاہ موسیٰ مخاطب تھے، نبیل نے اپنے چہرے پر حیرت اور خوشی کے ملے جلے

تاثرات کے ساتھ مجھے بتایا کہ میں اپنی انگلی کو ہتھیلی پر رگڑنے سے کسی بھی صوفی بزرگ سے بات کرسکتا ہوں، یہ تو میرا ٹیلی فون ہے وہ خوشی سے چلایا، مجھے تجسس پیدا ہوا میں نے نبیل سے کہا کہ ذرا دوبارہ ویسا کرو، اس نے وہی عمل دہرایا، اس بار حضرت بابا فریدالدین گنج شکر، پھر حضرت خواجہ معین الدین چشتی نے نبیل سے بات کی ...... ہماری خوشی کی انتہا نہ رہی جب سرورکائنات، سرکاردوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نبیل سے بات کی ......آخری چند مہینوں میں میں نے نبیل میں ایک اور بات محسوس کی اور وہ یہ تھی کہ اس نے مجھے بتایا کہ مجھے عجیب آوازیں سنائی دیتی ہیں جس کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، بقول اس کے کوئی میرا نام لے کر مجھے بلاتا ہے...... یہ آوازیں وقتاً فوقتاً آتی رہیں اور آج تک آتی ہیں فرق صرف یہ ہے کہ وقفہ زیادہ ہوگیا ہے لیکن دورانیہ بڑھ گیا ہے، نبیل بھی اس آواز سے مانوس ہو چکا ہے اور یہ آواز اب ہمارے لئے بھی راز نہیں رہی ...... حیرت کی بات یہ تھی کہ نبیل سارا دن بالکل نارمل رہتا......رات کے بارہ بجے نبیل کی طبیعت بگڑنا شروع ہوجاتی، جس کا دورانیہ دو گھنٹہ ہی ہوتا......غوث پاک ہمارے ساتھ تقریباً دو ماہ تک رہے......ہمیں یقین نہ آتا تھا کہ ایک شخص جو انتہائی مہلک بیماری میں مبتلا ہو وہ نہ صرف صحت یاب ہوگا بلکہ اسے خاص مقام بھی حاصل ہوگا ایسا کیسے ممکن ہوسکتا ہے؟......اس کے باوجود مجھے یقین نہ تھا کہ میرا بیٹا اس موذی مرض سے چھٹکارا پالے گا، غوث پاک بھی صرف اردو میں بات کرتے، آپ برابر آتے رہے اور ہم ان سے مختلف موضوعات پر باتیں کرتے ...... سب سے پہلے نبیل کے بدن میں بے چینی شروع ہوتی پھر اس کے بدن کو کوئی ان دیکھی طاقت جھٹکے دیتی اور آخر میں الٹیاں کرائی جاتیں، الٹیوں کی خاص بات یہ تھی کہ جتنی کہی جاتیں اتنی ہی کرائی جاتیں نہ کم نہ زیادہ ......نبیل کو شاید اندرونی و بیرونی طور پر پاک کرنے کا انتظام ہورہا تھا...... ان معاملات میں ایک خوبصورت موڑ اس وقت آیا جب ایک دن غوث پاک نے ہمیں یہ کہہ کر حیرت میں ڈال دیا کہ ابھی کچھ ہی دیر میں سرورکائنات سرکاردوعالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لانے والے ہیں...... آقا دو جہاں محبوب خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، آج وہ اللہ کی محبوب ہستی ہمارے درمیان موجود تھی ...... یہ اللہ کا معجزہ تھا جو ہماری نظروں کے سامنے رونما ہورہا تھا...... ۱۷/ رمضان المبارک غالباً ۱۲/ نومبر ۲۰۰۳ء کی رات تھی ...... اب میں یہ بات فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ مجھ گناہگار کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں سالہا سال رہنے کا شرف حاصل ہوا......حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آج بھی برابر تشریف لا رہے ہیں، آپؐ کے آنے کے بعد ہمارے رہن سہن میں بہت سی تبدیلیاں آگئی ہیں، ہم گھر والوں پر کئی پابندیاں عائد ہو چکی ہیں ......ان ہی دنوں میں نبیل کی عبادات کا آغاز ہوا جس میں روزے، نماز، تلاوت قرآن پاک اور تسبیحات وغیرہ شامل ہیں......نبیل کو قرآن حضور

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا...... بہت سے لوگوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا، سب لوگ بے حد متاثر ہوئے اور اس معاملے کی سچائی کی گواہی دی......علمائے دین سے مشورہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ اس نہایت ہی اہم معاملے کا کوئی حل تلاش کیا جاسکے، چنانچہ میں بالترتیب علامہ حسن حقانی، مفتی منیب الرحمٰن اور مفتی اطہر نعیمی سے ملا...... انہیں اس معاملے سے کوئی دلچسپی تھی اور نہ ہی میری بات سننے کا ان کے پاس وقت تھا، ہم باپ بیٹوں کے ساتھ ان کا رویہ بہت توہین آمیز تھا، اس لئے ان کے کوچے سے ہمیں بے آبرو ہو کر نکلنا پڑا اور ایسے بدمزاج اور بداخلاق علماء سے مل کر میرے اعتماد کو بہت ٹھیس پہنچی جن کی ہم اندھی تقلید کرتے تھے پہلے ان علماء کے متعلق بہت اچھے نظریات رکھتا تھا لیکن ملاقات کے بعد میرا نظریہ یکسر تبدیل ہو چکا تھا...... انہوں نے مجھے موقع ہی نہ دیا کہ میں انہیں بتا تا کہ نبیل کے پاس بہت اہم پیغامات ہیں جو ہمیں کسی بھی قیمت پر لوگوں تک پہنچانے ہیں ......لیکن یہاں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نیا روپ دیکھ رہا تھا اور یہ روپِ محمد ایسا تھا جس میں آپؐ اس دنیا میں دوبارہ تشریف لائے، آپؐ بھی اردو میں گفتگو کرتے ہیں، میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ جو کچھ بھی میرے گھر میں ہو رہا تھا، اس میں میرا یا میرے گھر والوں کا کوئی اختیار نہ تھا...... جو جو واقعات بھی رونما ہو رہے تھے میری معلومات کے مطابق وہ اسلام کے بنیادی عقائد سے بالکل مختلف تھے، جب میں نے اپنے ان خدشات کا اظہار آپؐ کے سامنے کیا تو آپؐ نے مجھ سے چند سوالات پوچھے، جو مندرجہ ذیل ہیں:

۱:......کیا تم اللہ پر یقین رکھتے ہو؟

۲:......کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ کے لئے کچھ ناممکن نہیں؟

۳:......کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ مُردوں کو زندہ کر سکتا ہے؟

۴:......کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ مجھے دوبارہ بھیجنے پر قدرت رکھتا ہے؟

۵:......کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ نبیل کو شفا یاب کر سکتا ہے؟

میں کسی بھی سوال کا انکار کرنے کی جرأت نہ کر سکتا تھا، اس لئے میں نے کہا کہ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے، اب یہی سوال میں لوگوں کے سامنے رکھتا ہوں تاکہ وہ اپنے علم اور عقیدے کے مطابق اس کا جواب دیں......جس دن سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں معجزات اب ایک معمول بن چکے ہیں، جس کی ایک مثال یہ ہے کہ نبیل کا بے جان اور بے حرکت ہاتھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اس طرح خود بخود حرکت میں آتا ہے اور پیغامات لکھے جاتے ہیں......نبیل کی عمر اس وقت ۱۶ سال ہے معذوری انتہا کی ہے، ہر وقت بستر پر رہتا ہے، جسم کی کوئی حرکت ممکن نہیں، خود سے کھا اور پی بھی نہیں سکتا، جسم کے جوڑ مستقل

طور پر مر چکے ہیں کمر ٹیڑھی ہو چکی ہے اور پٹھے بالکل بے جان ہیں، البتہ نبیل ذہنی طور پر بالکل نارمل ہے اور کسی قسم کی دماغی کمزوری نہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ اسے (ڈی ایم ڈی) کی بیماری ہے لیکن پھر بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ نبیل ایک دن شانِ قدرت سے صحت یاب ہو جائے گا......نبیل کی عبادات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیرنگرانی آج کل بھی جاری ہیں، جو کمرہ حضرت غوث پاک نے بطور بیٹھک منتخب کیا تھا وہ اب چلہ رسول پاک میں تبدیل ہو گیا ہے جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ تر اپنی عبادات میں مشغول رہتے ہیں، اس سے ملحقہ کمرے کو مسجد میں تبدیل کرنے کا حکم ہوا، جس کا نام مسجد رسول پاک تجویز کیا گیا، جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام کے ساتھ نمازیں ادا کرتے ہیں، ایک چھوٹی سی جگہ جو چلہ رسول پاک کے داخلی دروازے کے پاس ہے اسے نبیل کی عبادت گاہ یعنی چلہ بنا دیا گیا ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں پر پیغامات لکھے جاتے ہیں، ان مقامات کو مقدس بتایا گیا ہے...... یہ وہ ناقابل یقین حقیقت ہے جسے میں نے پیش کر دیا ہے، میں نے ابھی کچھ راز افشا کئے ہیں جبکہ بہت سے رازوں سے پردہ اٹھانا ابھی باقی ہے جو انشاء اللہ مناسب وقت پر کیا جائے گا جو کچھ میں نے لکھا اس کی مطابقت سے دستاویزی ثبوت پیش خدمت ہیں، جس میں نبیل کی میڈیکل رپورٹس چند پیغامات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے لکھی گئیں کچھ سورۃ اور نبیل کی تصاویر وغیرہ شامل ہیں، پیغامات اپنی ذات میں خود ایک دلیل رکھتے ہیں اس لئے ان کے بارے میں لب کشائی میرے لئے ممکن نہیں...... جو لوگ اسے من گھڑت داستان یا پھر کسی دیوانے کا خواب سمجھتے ہیں انہیں اس بات کا جواب دینا ہوگا کہ اگر یہ کلام الٰہی نہیں تو پھر کیا ہے؟ میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس تمام معاملے میں میری طرف سے نہ کوئی دعویٰ ہے اور نہ ہی آئندہ کبھی ہوگا مجھے امید ہے کہ تمام لوگ میرا نقطہ نظر سمجھتے ہوئے مجھ پر الزام لگانے سے گریز کریں گے، یہ میں بھی جانتا ہوں کہ دین مکمل ہو چکا، اب کوئی نبی نہیں آئے گا، کوئی وحی نہیں آئے گی، کوئی اللہ کا پیغام نہیں آئے گا، لیکن اگر پھر بھی آئے تو کیا کیا جائے؟''

(www.rupemuhammad.zomshare.com/album/Mehdi%20Kaun/images/a6212c8b7ad9db9e0...)

مندرجہ بالا ''تعارف'' و ''اسباب'' اور ان میں اٹھائے گئے نکات، ابحاث، عقائد اور نظریات، کسی دوسرے کے نہیں، چشم بددور اس معذور بچے نبیل کے والد کیپٹن ڈاکٹر ضیاء اللہ خان کی اپنی تحریر کے اقتباسات ہیں، جو خود انہیں کے الفاظ میں ہیں، ہم نے ان میں صرف اتنا سا تصرف کیا ہے کہ موصوف کی تحریر کے غیر ضروری حصے حذف کرتے ہوئے، ضروری اقتباس نقل کر کے متعلقہ اقتباسات کے بیچ میں نقطے لگا دیئے ہیں، نیز ان تمام اقتباسات میں کوئی جملہ اور فقرہ ادھورا یا ناقص نقل نہیں کیا گیا، تاکہ یہ نہ کہا جاسکے کہ نقل میں

خیانت کی گئی ہے، یا کسی جملہ کو سیاق وسباق سے کاٹ کر پیش کیا گیا ہے۔

اس ضروری وضاحت کے بعد قارئین بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ تعارف کا مواد کس قدر خطرناک ہے؟ اوراس کا مرتب ڈاکٹر ضیاء اللہ خان کن غلیظ عقائد ونظریات کا حامل، داعی اور منادہے؟

اس کا بھی قارئین ہی فیصلہ فرمادیں کہ کیا کوئی باغیرت مسلمان اور دین دار انسان ان اقتباسات اور ان میں قرآن وسنت اور دین وشریعت سے متصادم عقائد، نظریات، دل آزار ہفوات اور خاراشگاف مضامین کو پڑھ کر اپنے دینی، ملی اور مذہبی جذبات کو کنٹرول کرسکتا ہے؟ یا وہ عقیدہ ختم نبوت کے خلاف اس بغاوت وعدوان کو برداشت کرسکتا ہے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو کیا کہا جائے کہ اس موذی شخص کے فکری الحاد اور زندقہ کو یوں ہی چھوڑ دیا جائے؟ اوراس کا تعاقب نہ کیا جائے؟ اور سیدھے سادے مسلمانوں کو ان کے زہریلے منصوبہ سے آگاہ نہ کرایا جائے؟

کیا پاکستان میں ایسا کوئی قانون نہیں؟ جس کے ذریعے ایسے بدباطنوں کے منہ میں لگام اور ناک میں نکیل ڈالی جاسکے؟ دیکھا جائے تو یہاں ہر چوڑھے چمار کی عزت وناموس کے تحفظ کا قانون موجود ہے، اس کے برعکس اگر کسی کی عزت وناموس کو تحفظ نہیں تو وہ صرف اور صرف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات عالی ہے، آخر کیوں؟

افسوس، صد افسوس! کہ یہاں ہر آدمی کے دین ومذہب، حتی کہ ہندوؤں، عیسائیوں، یہودیوں اور پارسیوں تک کے دین ودھرم کو تحفظ حاصل ہے چنانچہ کسی کو جرأت نہیں کہ وہ اپنے خودتراشیدہ افکار کو عیسائیت، یہودیت، ہندومت اور پارسیت کا نام دے سکے، آخر اسلام اور پیغمبر اسلام اور مسلمانوں کا دین ومذہب ہی ایسا لاوارث کیوں ہے کہ ہرکس وناکس اس کی اہانت وتوہین کرنے اوراس کو بھنبھوڑنے کے درپے ہے؟

آپ ہی بتلائیں کہ جو شخص اس قسم کے دعوے کرے، کیا وہ مسلمان ہے؟ کیا اس کا قرآن وسنت اور دین وشریعت پر ایمان ہے؟ نہیں، قطعاً نہیں، بہرحال اس شاطر نے اپنی اس تحریر میں جو کچھ کہا اور لکھا ہے اس کے اپنے الفاظ میں اس کا خلاصہ کچھ یوں ہے:

الف:......’’...اور کلام پاک کو’’کَلا مُکَ کما لُکَ‘‘ کا عنوان دیا ہے، کیونکہ اصل کلام پاک میں اعراب اور نقطے نہیں ہوتے، اس لئے اس کو سمجھنے میں بہت مشکل پیش آتی ہے۔‘‘

ب:......’’میرے پاس پیغامات آتے ہیں اور’’میں ان پیغامات میں کسی قسم کی ردوبدل کا اختیار نہیں رکھتا، البتہ مجھے یہ اجازت دی گئی ہے کہ میں وقتی طور پر کوئی بات مخفی رکھ سکتا ہوں۔‘‘

ج:......’’سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی دوبارہ اس دنیا میں تشریف آوری کیسے ہوئی؟ یہ ایک لمبی داستان ہے۔‘‘

د:......’’البتہ ایک بار انوکھا واقعہ ہمارے ساتھ ضرور پیش آیا، جسے شاید معجزے کے

زمرے میں لیا جاسکے۔''

ہ:......''نبیل نے ... مجھے بتایا کہ میں اپنی انگلی کو ہتھیلی پر رگڑنے سے کسی بھی صوفی بزرگ سے بات کرسکتا ہوں ...۔''

و:......''سب سے پہلے نبیل کے بدن میں بے چینی شروع ہوتی پھراس کے بدن کو کوئی ان دیکھی طاقت جھٹکے دیتی اور آخر میں الٹیاں کرائی جاتیں، الٹیوں کی خاص بات یہ تھی کہ جتنی کہی جاتیں اتنی ہی کرائی جاتیں، نہ کم نہ زیادہ... نبیل کو شاید اندرونی و بیرونی طور پر پاک کرنے کا انتظام ہورہا تھا۔''

ز:......''اب میں یہ بات فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ مجھ گناہ گار کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں سالہا سال رہنے کا شرف حاصل ہوا۔''

ح:......''حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آج بھی برابر تشریف لارہے ہیں، آپ کے آنے کے بعد ہمارے رہن سہن میں بہت سی تبدیلیاں آگئی ہیں۔''

ط:......''نبیل کو قرآن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا۔''

ی:......''بہت سے لوگوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا، سب لوگ بے حد متاثر ہوئے اور اس معاملہ کی سچائی کی گواہی دی۔''

ک:......''میں انہیں بتاتا کہ نبیل کے پاس بہت اہم پیغامات ہیں جو ہمیں کسی قیمت پر لوگوں تک پہنچانے ہیں۔''

ل:......''لیکن یہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نیا روپ دیکھ رہا تھا اور یہ روپِ محمد ایسا تھا جس میں آپؐ اس دنیا میں دوبارہ تشریف لائے، آپ بھی اردو میں گفتگو کرتے ہیں۔''

م:......''جو جو واقعات بھی رونما ہورہے تھے، میری معلومات کے مطابق وہ اسلام کے بنیادی عقائد سے بالکل مختلف تھے، جب میں نے اپنے ان خدشات کا اظہار آپؐ کے سامنے کیا تو آپؐ نے مجھ سے چند سوالات پوچھے جو مندرجہ ذیل ہیں: کیا تم اللہ پر یقین رکھتے ہو؟، کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے لئے کچھ ناممکن نہیں؟، کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ مُردوں کو زندہ کرسکتا ہے؟، کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ مجھے دوبارہ بھیجنے پر قدرت رکھتا ہے؟، کیا تم یقین رکھتے ہو کہ اللہ نبیل کو شفایاب کرسکتا ہے؟، میں کسی بھی سوال کا انکار کرنے کی جرأت نہ کرسکتا تھا، اس لئے میں نے کہا بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے، اب یہی سوال میں لوگوں کے سامنے رکھتا ہوں۔''

ن:......''جو کمرہ حضرت غوث پاک نے بطور بیٹھک منتخب کیا تھا، وہ اب چلہ رسول پاک میں تبدیل ہوگیا ہے، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ تر اپنی عبادات میں مشغول رہتے ہیں۔''

س:......''اس سے ملحقہ کمرے کو مسجد میں تبدیل کرنے کا حکم ہوا، جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرامؓ کے ساتھ نمازیں ادا کرتے ہیں۔''

ع:......''ایک چھوٹی سی جگہ جو چلہ رسول پاک کے داخلی دروازے کے پاس ہے، اسے نبیل کی عبادت گاہ یعنی چلہ بنادیا گیا ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں پر پیغامات لکھے جاتے ہیں، ان مقامات کو مقدس بتایا گیا۔''

ف:......''یہ وہ ناقابل یقین حقیقت ہے، جسے میں نے پیش کردیا ہے، میں نے ابھی کچھ راز افشا کئے ہیں، جب کہ بہت سے رازوں سے پردہ اٹھانا ابھی باقی ہے، جو انشاء اللہ مناسب وقت پر کیا جائے گا۔''

ص:......''جو لوگ اسے من گھڑت داستان یا پھر کسی دیوانے کا خواب سمجھتے ہیں انہیں اس بات کا جواب دینا ہوگا کہ اگر یہ کلام الٰہی نہیں تو پھر اور کیا ہے؟''

ق:......''میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس تمام معاملے میں میری طرف سے کوئی دعویٰ ہے اور نہ ہی آئندہ کبھی ہوگا، مجھے امید ہے کہ تمام لوگ میرا نقطہ نظر سمجھتے ہوئے مجھ پر الزام لگانے سے گریز کریں گے۔''

ر:......''یہ میں بھی جانتا ہوں کہ دین مکمل ہو چکا، اب کوئی نبی نہیں آئے گا، کوئی وحی نہیں آئے گی، کوئی اللہ کا پیغام نہیں آئے گا، لیکن اگر پھر بھی آئے تو کیا کیا جائے؟۔''

ان تفصیلات کے بعد کیا کوئی معمولی عقل وفہم کا انسان یہ باور کرسکتا ہے کہ ان غلیظ دعاوی اور نظریات کا حامل شخص تکمیل دین، انقطاع وحی اور ختم نبوت کا قائل ہے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر اس موذی کی اس ہرزہ سرائی کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے کہ:''میری طرف سے نہ کوئی دعویٰ ہے اور نہ ہی آئندہ کبھی ہوگا۔'' کیا ہم ان سے پوچھ سکتے ہیں کہ اگر یہ دعویٰ نہیں تو دعویٰ اور کس چیز کا نام ہے؟

دیکھا جائے تو اس ملعون نے پورے دین، مذہب، اسلام، اسلامی عقائد، نظریات اور ایمانیات پر اپنے الحاد وزندقہ کا تیشہ چلا کر اس کا صفایا کردیا ہے، کسی قدر غور کیا جائے تو اس بدنہاد نے جس واضح انداز میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ثانیہ اور ظل وبروز کے قادیانی عقیدہ کو بیان کیا ہے، شاید کوئی قادیانی بھی اس طرح نہ کرسکتا۔

اس کے ساتھ ہی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ! کیپٹن ڈاکٹر محمد ضیاء اللہ خان کے تعارف کے مندرجہ بالا نکات کا ترتیب وار تنقیدی جائزہ پیش کردیا جائے:

ا:......کیا ہم ڈاکٹر ضیاء اللہ خان سے پوچھ سکتے ہیں کہ جس نام نہاد کلام میں نکتے اور اعراب نہیں تھے اور آپ کے لئے اس کا سمجھنا مشکل تھا، وہ کلام آپ کی سمجھ میں کیسے آ گیا؟ چلئے آپ نے جیسے تیسے کرکے اسے سمجھ لیا یا اپنی ناقص و ناتمام عقل وفہم کی مدد سے اسے الٹا سیدھا مرتب کرلیا تو اسے کلام الٰہی کا نام کس بنیاد پر

دیا گیا؟ کیا آپ کے پاس ایسا کوئی معیار یا پیمانہ ہے، جس کے ذریعے اس کا پتہ لگایا جاسکے کہ کون سا کلام، کلامِ الٰہی ہے اور کون سا کلام، کلامِ الٰہی نہیں؟

اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو بتلایا جائے کہ ایسی مہمل و بے کار اور غیر مربوط آوازوں کو کلام الٰہی کا نام دینا افترا علی اللہ نہیں؟ کیا کوئی عقل مند انسان ایسی بے کار و مہمل آوازوں کو جو کسی معذور و مجنون کے کانوں میں آئیں، کلام الٰہی کا نام دے سکتا ہے؟ اس سب سے ہٹ کر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ جب قرآن و حدیث اور اجماع امت کی روشنی میں نبوت و رسالت کا دروازہ بند ہو چکا اور وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا، تو اب کسی انسان کے کلام کو وحی الٰہی یا کلام الٰہی کا نام دینا اجرائے وحی اور اجرائے نبوت کے مترادف نہیں؟ اور جو اجرائے نبوت اور اجرائے وحی کا قائل ہو، اس کا اسلام اور پیغمبر اسلام سے کوئی تعلق ہے؟

۲:...... آپ کے بقول اس کلام کا سمجھنا آپ کے لئے مشکل تھا، مگر بایں ہمہ آپ نے اس کو مرتب کر کے تحریری شکل دے دی، تو یقیناً اس کی سمجھ اور ترتیب میں آپ نے فاش غلطیاں کی ہوں گی، یا پھر آپ نے اس کلام کو ترتیب دینے میں اٹکل پچو سے کام لیا ہوگا، لہٰذا نہیں معلوم کہ آپ نے اس کلام کے سمجھنے اور اُسے کلام الٰہی باور کرانے میں کتنی ٹھوکریں کھائی ہوں گی؟ اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ یہ نام نہاد کلام تحریف اور تبدیل کے کن کن مراحل سے گزر کر اس شکل میں آیا ہوگا؟ لہٰذا آپ کا یہ کہنا کہ: ''میں ان پیغامات میں کسی قسم کے ردو بدل کا اختیار نہیں رکھتا'' اس کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟

۳:...... اس سب سے ہٹ کر اگر وہ کلام الٰہی ہے تو اس کو وقتی طور پر مخفی رکھنے کا حکم کیوں دیا گیا؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتے ہیں کہ جو کچھ آپ تک پہنچا ہے اس کو دوسروں تک پہنچایئے!

۴:...... آپ کا یہ کہنا کہ: ''ایک بار انوکھا واقعہ ہمارے ساتھ ضرور پیش آیا، جسے شاید معجزہ کے زمرہ میں لیا جاسکے۔'' چشم بد دور آپ کا یہ دعویٰ کہیں دعویٰ نبوت کے زمرے میں تو نہیں آتا؟ کیونکہ کسی خرق عادت پر معجزہ کا اطلاق اسی وقت ہوتا ہے جب وہ کسی نبی سے صادر ہو، اور اگر کسی ولی سے خرق عادت صادر ہو تو اس کو معجزہ نہیں، کرامت کہا جاتا ہے۔ نیز یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ایک طرف تو آپ اس کو معجزے کے زمرے میں شمار کرتے ہیں اور دوسری طرف اس کے لئے ''شاید'' کا لفظ بھی استعمال فرماتے ہیں، آخر ایسا کیوں؟ شاید اس لئے کہ کہیں آپ کے خلاف ملکی قانون کی دفعہ ۲۹۵سی حرکت میں نہ آجائے؟

۵:...... آپ نے نبیل کے اپنی انگلی رگڑنے پر کسی فوت شدہ بزرگ سے بات چیت یا ہم کلام ہونے کو معجزہ کا نام دیا ہے، آپ کے اس کلام کا کیا مقصد ہے؟ آخر نبیل میں ایسی کون سی معجزاتی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟

اللہ تعالیٰ بدگمانی سے بچائے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آپ نے نبیل کی اپنی انگلی دوسرے ہاتھ سے رگڑنے کی صورت میں کسی فوت شدہ بزرگ سے بات چیت کرنے کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزہ ید بیضا کی طرح معجزہ تو قرار نہیں دیا؟ دوسرے الفاظ میں کہیں آپ یہ تو باور نہیں کرانا چاہتے کہ اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ کی بغل میں لیجائیں، وہ ہاتھ سفید ہو جائے اور وہ معجزہ کہلائے تو نبیل کی

انگلی اور دوسرے ہاتھ کی رگڑ سے کسی مرحوم بزرگ سے بات چیت، کیونکر معجزہ نہیں کہلا سکتا؟

۶:...... نبیل کی قے، کی خاص مقدار کو ان کی اندرونی پاکی سے تعبیر کرنا، نعوذ باللہ! کہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے شق صدر کے ہم پلا قرار دینے کی ناپاک سعی وکوشش تو نہیں؟ ورنہ قے آنے کو اندر کی پاکی سے تعبیر کرنا چہ معنی دارد؟

۷:...... آپ کا یہ کہنا بھی بہت ہی خطرناک ہے کہ: ''اب میں یہ بات فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ مجھ گناہ گار کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں سالہا سال رہنے کا شرف حاصل ہوا۔'' اس لئے کہ اس بات کا شدید اندیشہ ہے کہ آپ اگلے مرحلہ میں یہ دعویٰ نہ کردیں کہ چونکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں رہا ہوں، لہٰذا میں اب صحابی بن گیا ہوں اور بالفرض اگر آپ ایسا دعویٰ کر بھی دیں تو آپ کو کون روک سکتا ہے؟

۸:...... آپ کا کہنا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سالہا سال سے آپ کے گھر میں آرہے ہیں، سوال یہ ہے کہ آپ سے پہلے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے گھر آئے ہیں؟ یا یہ اعزاز آپ سے پہلے بھی کسی کو نصیب ہوا ہے؟ اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو سوال یہ ہے کہ حضرات صحابہ کرامؓ، حضرات ازواج مطہراتؓ اور حضرات بنات مقدسہؓ اور چودہ صدیوں کے اکابرؒ، اولیاء اللہؒ، ابدالؒ، اقطابؒ، زہادؒ اور عبادؒ اس سے کیوں محروم رہے؟ کیا آپ کا یہ دعویٰ عقل وشعور اور فہم وادراک سے میل کھاتا ہے؟ کیا آپ کی یہ لاف نعوذ باللہ! اپنے آپ کو پوری جماعت صحابہؓ، اہل بیتؓ، بلکہ پوری امت کے مجددین وصلحا سے افضل و اقدس باور نہیں کراتی؟

۹:...... آپ کا یہ کہنا کہ: ''نبیل کو قرآن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا'' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر افترا اور نبیل کے قد بڑھانے کے مترادف نہیں؟ اگر جواب نفی میں ہے تو بتلایا جائے کہ آپ کے بیٹے نبیل کے علاوہ آج تک کسی اور کو بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پڑھایا؟ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رحلت کے بعد کسی دوسرے کے گھر بھی قرآن پڑھانے گئے ہیں؟ کیا قرآن، سنت، اجماع امت اور تاریخ وسیر میں اس طرح کی کوئی مثال ملتی ہے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو اس گپ کا کیا معنی ہے؟

۱۰:...... آپ کا یہ کہنا کہ: ''بہت سے لوگوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا'' سوال یہ ہے کہ آپ سے یا ان بہت سے لوگوں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کی کیا صورت تھی؟ براہ راست اپنے جسد عنصری میں ملاقات کا شرف بخشا، یا پردہ کے پیچھے، جسم مثالی سے؟ جاگتے ہوئے یا نیند میں؟ کہیں یہ سب کچھ آپ کی شعبدہ بازی تو نہیں؟ ورنہ آج تک امت میں کسی عقل مند نے ایسا دعویٰ نہیں کیا۔

۱۱:...... آپ کا یہ کہنا کہ: ''لیکن یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نیا روپ دیکھ رہا تھا اور یہ روپِ محمد ایسا تھا، جس میں آپ اس دنیا میں دوبارہ تشریف لائے، آپ اردو میں گفتگو کرتے ہیں۔''

سوال یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نئے روپ سے کیا مراد ہے؟ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جسد عنصری کے ساتھ دوبارہ تشریف لائے ہیں یا کسی دوسرے جسم کے ساتھ؟ اگر بالفرض آپ صلی اللہ

علیہ وسلم اپنے دنیاوی جسد عنصری کے ساتھ تشریف لائے ہیں تو آپ کی زبان عربی سے اردو میں کیسے تبدیل ہوگئی؟ اور اگر کسی دوسرے جسم، اور روپ میں آئے ہیں تو اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوبارہ دنیا میں تشریف لانے کا نام دینا کیونکر جائز ہوگا؟ کیا یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بے ادبی، گستاخی اور بے جا جرأت نہیں کہلائے گی؟ اگر جواب اثبات میں ہے اور یقیناً اثبات میں ہے تو کیا گزشتہ چودہ سوسال سے آپ کے علاوہ کسی اور نے بھی ایسی گستاخی کی ہے؟

۱۲:......آپ کا یہ کہنا کہ: ''جو جو واقعات بھی رونما ہو رہے تھے، میری معلومات کے مطابق وہ اسلام کے بنیادی عقائد سے بالکل مختلف تھے۔'' سوال یہ ہے کہ جب آپ سمجھتے ہیں کہ یہ سب کچھ اسلام کے بنیادی عقائد کے خلاف ہے تو آپ کو ان شیطانی وساوس کو آگے پھیلانے اور اس پر اصرار کی جرأت کیونکر ہوئی؟

آپ کا یہ کہنا کہ: ''میں نے ان خدشات کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اظہار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو یہ کہہ کر خاموش کرادیا کہ: ''اللہ کے لئے سب کچھ ممکن ہے، اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کر سکتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ مجھے دوبارہ بھیجنے پر قدرت رکھتا ہے'' بے شک اللہ تعالیٰ کے لئے سب کچھ ممکن ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کے لئے کچھ اصول اور ضابطے مقرر فرمائے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اپنے ضابطوں کی مخالفت نہیں کرتا، کیونکہ قرآن کریم میں ہے۔ ''**ولن تجد لسنة اللّٰه تبديلاً**''...آپ اللہ تعالیٰ کی سنت اور طریقوں میں کوئی تبدیلی نہ پائیں گے...سوال یہ ہے کہ صرف اور صرف آپ ہی کے لئے اپنے ضابطے اور قانون کو کیوں توڑا؟ آپ کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرامؓ اور پوری امت سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ایسا کون سا اختصاص یا تقرب ہے؟ جس کی خاطر اللہ تعالیٰ نے اپنے قانون اور ضابطے کو توڑ کر آپ کے لئے اور آپ کے بیٹے کے لئے اور آپ کے گھرانے کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دوبارہ زندہ فرما کر آپ کے گھر بھیج دیا؟ نعوذ باللہ من ذلک، ہذا الہذیان۔

۱۳:......کیا اس سے بڑا کوئی الحاد وزندقہ بھی ہوگا کہ یہ کہا جائے کہ میرے گھر کے ایک کمرہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرامؓ کے ساتھ نمازیں ادا کرتے ہیں، کیا یہ ہندوؤں کے عقیدہ اواگان کی ترویج نہیں؟

۱۴:......آپ کا اپنے گھر کے ایک کمرہ کو مسجد رسول، چلہ رسول اور مقدس مقامات سے تعبیر کرنا، نعوذ باللہ اپنے گھر کے ان کمروں کو بیت اللہ، مسجد حرام اور مسجد نبوی کے ہم سنگ قرار دینے کے مترادف نہیں؟ کیا اس سے مسلمانوں کو حرمین اور مقامات مقدسہ سے ہٹا کر اپنے گھر کی طرف متوجہ کرنے کی ناپاک سازش نہیں؟

۱۵:......اسی طرح آپ کا یہ کہنا کہ: ''ابھی بہت سے رازوں سے پردہ اٹھانا باقی ہے'' کہیں دعویٰ نبوت کے انتظار کی دعوت تو نہیں؟

۱۶:...... جب آپ جانتے ہیں کہ دین مکمل ہو چکا ہے اور اب کوئی نبی یا کسی قسم کی کوئی وحی نہیں آئے گی تو پھر اس ڈھونگ کا کیا معنی؟ کہ: ''اگر پھر بھی آجائے تو کیا کیا جائے'' کیا یہ اس بات کی عکاسی نہیں کرتا کہ آپ ختم نبوت اور انقطاع وحی کے قائل نہیں ہیں؟ اور جو شخص اجرائے نبوت اور اجرائے وحی کا قائل ہو،

وہ قرآن وسنت اوراجماع امت کی رو سے مرتد، زندیق اورملحد ہے۔

الغرض یہ ملعون اپنے مزموم عزائم وارادوں اورعقائد ونظریات کوالحادوزندقہ کےسوسو پردوں میں لپیٹ کرکیوں نہ پیش کرے، مسلمانوں کے تعاقب اورغیظ وغضب سے کسی صورت نہیں بچ سکے گا۔

یہ اپنی جگہ حقیقت ہے کہ ڈاکٹر ضیاء اللہ کے مطبوعہ ہینڈ بل کو پڑھنے کے بعد ایک معمولی عقل وفہم کا انسان بھی بآسانی اندازہ لگاسکتا ہے کہ اس شخص نے ایک پیدائشی معذور بچے کی بیماری کے دورہ کا سہارا لے کراس مطبوعہ پرچہ میں ان تمام قادیانی عقائد ونظریات کو درج کر دیا ہے، جن کی مرزا غلام احمد قادیانی زندگی بھرتبلیغ کرتا رہا، اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قارئین کی اطلاع اورسیدھے سادے مسلمانوں کو اس دجل وفریب سے بچانے کے لئے اس پرچہ کو ذیل میں بعینہٖ نقل کر دیا جائے، لیجئے! ملاحظہ فرمائیے:

’’اے محمد! کہہ دو کہ اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں، نہ وہ کسی کا باپ نہ وہ کسی کا بیٹا اس کا کوئی ہمسر نہیں، کہو کہ اللہ نے تمہیں عزت دی، کہو کہ اللہ نے تمہیں پسند کیا، کہو کہ میں نے تمہیں سب سے افضل کیا، کہو کہ اللہ نے تم سے وعدہ کیا، کہو کہ اللہ نے اسے پورا کیا، کہو کہ اللہ نے تمہیں رحمت بنا کر بھیجا، کہو کہ اللہ نے تمہیں وہ مقام دیا جو کسی کو نہ دیا، تمہیں سب سے افضل کیا جو کسی کو نہ کیا، کہو کہ اس نے تمہیں شہنشاہ بنایا جو کسی کو نہ بنایا، کہو کہ اللہ نے تمہاری مدد کی جو کسی کی نہ کی، کہو کہ میں تمہارا رب ہوں، کہو کہ میں اس کا بندہ ہوں، کہو کہ اس نے محمد کو دوبارہ بھیجا، کہو کہ اس نے مجھے وہ مقام دیا جو تمہیں نہیں دیا، کہو کہ اس نے تمہیں صرف اپنا محتاج بنایا، کہو میں تمہارے پاس وہی دین لایا لیکن صحیح لایا، کہو کہ اس نے تمہیں اپنا پسندیدہ بندہ بنایا، کہو وہ پیدا کرنے والا ہے وہ مارنے والا ہے، وہ صبر سے کام کرنے والا ہے، وہ صبر کرنے والوں میں سے ہے، وہ محمد کو دوبارہ بھیجنے والا ہے، وہ اپنے حبیب کو دوبارہ بھیجنے والا ہے، وہ دن وہ لانے والا ہے، وہ دن اب آنے والا ہے، وہی ہے جو تمہیں منوا سکتا ہے، کہو کہ وہ تمہارا رب ہے، اور بیشک وہ ہر چیز پر قادر ہے، اے محمد! بتاؤ اور سکھاؤ، سکھاؤ کہ کیا صحیح ہے کیا غلط، سکھاؤ کہ اصل دین کیا ہے؟ اے محمد! بتاؤ کہ تمہارا رب تم سے کیا کہتا ہے؟ بتاؤ کہ تمہارا رب... کیا لکھتا ہے؟ بتاؤ کہ تمہارا رب کیسے ایک بے جان ہاتھ سے لکھتا ہے، بتاؤ کہ تمہارا رب کیسے ایک معذور کو معذوری سے ہٹا سکتا ہے، بتاؤ کہ تمہارا رب کیسے مردوں کو زندہ کرتا ہے، بتاؤ کہ تمہارا رب اپنے وعدے کیسے پورے کرتا ہے، بتاؤ کہ تمہارا رب کیسے ایک ناممکن چیز کوممکن بنا سکتا ہے، بتاؤ کہ تمہارے رب کے پاس وہ طریقے ہیں جو تمہارے پاس نہیں۔

اے محمد! اور بیشک ہم نے تمہیں دوبارہ اس دنیا میں بھیجا، اس نام سے جس کے لئے تمہاری امت انتظار کر رہی ہے، اور بیشک ہم نے تم کو بھیجا عیسیٰ ابن مریم کو لانے، دجال کو قتل کرنے۔

اے محبوب! اور بیشک جو لوگ تمہیں جھٹلاتے ہیں ان کے لئے یہ رات نہیں، اور ان کے

لئے نہیں جن کی زبان پر محمد کا نام نہ ہو، لیتے ہیں لوگ محمد کا نام لیکن سمجھتے نہیں، سمجھتے ہیں لوگ محمد کو لیکن پہچانتے نہیں، رات ان لوگوں کے لئے ہے، جو محمد کو مانتے ہیں، پہچانتے ہیں، سمجھتے ہیں، اس رات میں بہت برکت ہے، بیشک اللہ ہر چیز سننے والا ہے، اس رات قبول کرتا ہے تو اپنے محبوب کے کہنے کے بعد۔

قسم ہے اس کلامِ پاک کی اور اس رات کی اور اس رات کی جب یہ (کتاب) لکھی گئی اور جو کوئی یہ کہتا ہے کہ یہ کوئی نئی چیز پیدا ہوگئی تو کہہ دو۔ ان سے، کیا اس کلام نے جھٹلا دیا قرآن کو؟ کیا جھٹلا ڈالا اس کلام نے پیغمبروں کو؟ اور جو کہا کہ محمد وہی ہیں جن کے لئے امت انتظار کر رہی ہے، اور کہا یہ تمہاری کتابوں سے پر تم نہیں جانتے۔

بیشک اگر پیغمبر ہو اور اسے دوبارہ بھیجا جائے تو بیشک اس پر وحی آ سکتی ہے، اب کوئی ہدایت نہیں آئے گی، بیشک اب کوئی نئی ہدایت نہیں آئے گی، ہے وہی، پر لوگ اس پر غلط ہیں۔

تم وہی دین لائے جو کہ پہلے تھا، تم وہی دین لائے لیکن صحیح لائے، اور بیشک دین ویسا نہیں جیسا ہو گیا ہے اور بھیجا گیا تم کو اس واسطے کہ تم صحیح کر دو دین، بیشک لوگ دین کے معاملے میں غلطی پر ہیں۔

تو کیا جھٹلا ڈالا اس کلام نے آخری نبی کو؟ کیا بڑھا ڈالے پیغمبر؟ بیشک نبی وہی پھر دوبارہ بھیجا جاتا ہے، اور ہے یہ تمہاری کتابوں میں تم نہیں جانتے تو پھر تم کن کو جھٹلاتے ہو؟ تو اب اگر تم ان کو بھی جھٹلا دو تو تم سے بڑھ کر ظالم کون؟

قسم ہے اس کلام پاک کی اور اس روشن کتاب کی اور اس رات (شبِ قدر) کی، پھر اس رات کی، اور ہے یہ کتاب عقل والوں کے لئے اور آسان کیا رب نے اس کتاب کو اور نہیں لکھا اس کو عربی زبان میں بلکہ لکھا تمہاری زبان میں تاکہ تم سمجھ سکو، اور پڑھو اس کتاب کو وضو سے جیسا کہ پڑھتے ہو قرآن، بیشک قرآن حق ہے، اور بیشک یہ کتاب بھی حق ہے اور آئی ہے یہ کتاب صحیح بات بتانے کے لئے، دین کو بچانے کے لئے، اصل دین بتانے کے لئے، باطل کو مٹانے کے لئے، حق کو لانے کے لئے، کفر کو مٹانے کے لئے، اور ہے یہ رات بڑی برکت والی عقل والوں کے لئے، اور اللہ بڑی عزت والا، بڑی حکمت والا ہے، تو پھر کیا تم عقل نہیں رکھتے۔

اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا، پھر کیا خوب وہ وعدہ ہے، جو وعدہ ہے ساری کائنات کے مالک کا، جس کے حکم کے بغیر کچھ نہیں ہوتا اور اس کا حکم سب سے بہتر ہے، اور اللہ عنقریب تم کو ضرور صحت دے گا، بس تم صبر کرو اور یقین رکھو اس پر جو ہے مالک سارے جہان کا، اور جو جھٹلاتے ہیں اس کو، تو کہہ دو کہ اللہ چاہے تو سب کچھ کر سکتا ہے۔

یہ بات حق ہے کہ جو حق کو نہ مانے وہ عذاب کا حق دار ہے، اور اللہ نہیں مانگتا تم سے کچھ،

کہ یہ امتحان ہے تمہارے لئے کہ اس محمد کے ساتھ کیا کرتے ہیں جس کے عاشق ہونے کا یہ کہتے تھے، یہ بات حق ہے کہ یہ معاملہ ہے محمد، عیسیٰ اور دجال کا اور اللہ منوائے گا تمہیں اور اللہ ہر بات کا جاننے والا ہے۔''

(www.rupemuhammad.blog.com www.rupemuhammad.zoomshare.com)

جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ کیپٹن ڈاکٹر ضیاء اللہ خان نے اپنے بیٹے نبیل کی بیماری، معذوری اور ہذیان آمیز دوروں کو بنیاد بنا کر، اس کے نام کی ایک ویب سائٹ بنائی اور اس کا نام رکھا: ''روپِ محمد'' اس ''روپِ محمد'' نامی ویب سائٹ میں جہاں اس نے اپنے بیٹے کے ''غیر معمولی'' اقوال، طلسماتی کرشمے درج کئے ہیں، وہاں اس نے اس کے کراماتی کلام کو نمایاں کرنے کے لئے :''**کَلامُکَ کَمالُکَ**'' کے عنوان سے مندرجہ بالا ایک صفحے کا ہینڈ بل بھی تقسیم کرنا شروع کر رکھا ہے۔

اب آئیے اس کا جائزہ لیتے ہیں کہ اس پرچہ میں درج ''ملفوظات'' اور ''کراماتی کلام'' میں کس قدر قادیانی الحاد و زندقہ کی ترجمانی کی گئی ہے؟

ا:...... اس پرچہ کے پہلے پیراگراف میں چار جگہ اس کا اظہار و اعلان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ''محمد'' کو دوبارہ بھیجا ہے، مثلاً:

الف:...... ''کہو! کہ اس نے محمد کو دوبارہ بھیجا۔''

ب:...... ''وہ محمد کو دوبارہ بھیجنے والا ہے۔''

ج:...... ''وہ اپنے حبیب کو دوبارہ بھیجنے والا ہے۔''

د:...... ''اے محمد! اور بے شک ہم نے تمہیں دوبارہ اس دنیا میں بھیجا، اس نام سے جس کے لئے تمہاری امت انتظار کر رہی ہے۔''

دریافت طلب امر یہ ہے کہ موصوف نے ایک پیراگراف میں چار مرتبہ جس محمد کو دوبارہ بھیجے جانے کا اعلان کیا ہے، اس سے ان کی کیا مراد ہے؟ آیا اس سے وہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں جو حضرت عبداللہ اور حضرت آمنہ کے بیٹے، جناب عبدالمطلب کے پوتے، نبی، امی اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم ہیں؟ جو مکہ مکرمہ میں سیّد الاولین والآخرین بنا کر بھیجے گئے تھے یا کوئی اور؟

اگر خدانخواستہ اس سے نبی امی اور سیّد الاولین والآخرین مراد نہیں، تو خاکم بدھن یہ عقیدہ ختم نبوت اور منصب نبوت پر ڈاکا نہیں؟ کیا یہ قرآن، حدیث، اجماع امت سے بغاوت نہیں؟ کیونکہ ایک سو آیات، دوسو سے زائد احادیث اور اجماع امت کی روشنی میں صراحتاً اور بداہتاً یہ بات واضح اور محقق ہو چکی ہے کہ آقائے دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین اور اللہ تعالیٰ کے آخری نبی و رسول ہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اب قیامت تک کسی کو نبوت و رسالت کے اعزاز سے سرفراز نہیں کیا جائے گا۔ اگر خدانخواستہ کوئی بدطینت اور بدنہاد اس کے باوجود دعویٰ نبوت کی جرأت کرے گا تو

وہ کذاب ودجال کہلائے گا۔

اوراگر اس سے مراد وہی نبی امی مراد ہیں، جو مکہ مکرمہ میں حضرت عبداللہ اورحضرت آمنہ کے ہاں پیدا ہوئے، غارِحراُ میں عبادت کرتے رہے، اورحراُ ہی میں ان پر پہلی وحی نازل ہوئی، معراج کی سعادت سے سرفراز ہوئے، قرآن کریم ان کا معجزہ اور کتاب ہدایت قرار پائی۔ ہجرت سے قبل ۱۳ سال مکہ مکرمہ میں اور ہجرت کے بعد ۱۰ سال مدینہ منورہ میں قیام فرمارہے اوراب گنبد خضرأ میں مکین ہیں، تو سوال یہ ہے کہ ان کو کب اور کہاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ: ''اے محمد! اور بے شک ہم نے تمہیں دوبارہ اس دنیا میں بھیجا، اس نام سے جس کے لئے تمہاری امت انتظار کررہی ہے؟۔''

کیا ان صاحب سے کوئی پوچھ سکتا ہے کہ قرآن کریم کی کس آیت یا کس حدیث میں اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرماکر دوبارہ دنیا میں بھیجنے کا اعلان کیا تھا؟ اگر وہ اس کی نشاندہی کردیتے تو بہت ہی عنایت ہوتی؟ اگرنہیں اوریقیناً نہیں تو نہ صرف یہ افترأ علی اللہ ہے، بلکہ درحقیقت یہ مرزا غلام احمد قادیانی کے اس عقیدہ کا اظہار وبیان ہے جس کا اس ملعون نے اپنی متعدد کتابوں میں اعلان کیا ہے، مثلاً کتاب تحفہ گولڑویہ، ص:۱۶۳ میں اس نے ان الفاظ میں اس کا اعلان کیا ہے کہ:

الف:...... ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بعثت ہیں یا بہ تبدیل الفاظ یوں کہہ سکتے ہیں کہ ایک بروزی رنگ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دوبارہ آنا دنیا میں وعدہ دیا گیا تھا، جو مسیح موعود اورمہدی معہود (مرزا قادیانی) کے ظہور سے پورا ہوا۔''

(روحانی خزائن، ص:۲۴۹، ج:۱۷)

ب:...... ''اورجان کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جیسا کہ پانچویں ہزار میں مبعوث ہوئے (یعنی چھٹی صدی مسیحی میں) ایسا ہی مسیح موعود (مرزا غلام احمد قادیانی) کی بروزی صورت اختیار کرکے چھٹے ہزار (یعنی تیرھویں صدی ہجری) کے آخر میں مبعوث ہوئے...'' (روحانی خزائن، ص:۲۷، ج:۱۶)

ج:...... ''**محمد رسول اللّٰہ والذین معه اشداء علی الکفار رحماء بینهم**'' اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اوررسول بھی۔''

د:...... مرزا غلام احمد قادیانی کے مرید قاضی ظہور الدین اکمل نے بھی مرزا غلام احمد قادیانی کو نعوذ باللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ثانیہ کا مظہر قرار دیتے ہوئے لکھا:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں ۔۔۔ اورآگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شاں میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل ۔۔۔ غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

(اخبار بدر قادیان، ۲۵/اکتوبر ۱۹۰۶ء بحوالہ قادیانی مذہب، ص:۳۳۶)

۲: ......''کلا مُکَ کما لُکَ ''میں اجرائے نبوت اور اجرائے وحی کے قادیانی عقیدہ کو بیان کرتے ہوئے مزید لکھا گیا ہے کہ:

الف: ......''بے شک اگر پیغمبر ہو اور اسے دوبارہ بھیجا جائے تو بے شک اس پر وحی آ سکتی ہے۔''

ب: ......''تو کیا جھٹلا ڈالا اس کلام نے آخری نبی کو؟ کیا بڑھا ڈالے پیغمبر؟ بیشک نبی وہی، پر دوبارہ بھیجا جاتا ہے، اور ہے یہ تمہاری کتابوں میں، پر تم نہیں جانتے، تو پھر تم کن کو جھٹلاتے ہو؟ تو اب اگر تم ان کو بھی جھٹلا دو تو تم سے بڑھ کر ظالم کون؟۔''

قارئین کرام! آپ نے دیکھا ''کلا مُکَ کما لُکَ'' کا مرتب ملعون اپنی اس عبارت میں مرزا غلام احمد قادیانی کے عقیدہ اجرائے نبوت، اجرائے وحی کے علاوہ بعثت وظہور ثانی کی تکذیب کرنے والوں کو ظالم قرار دیتا ہے، جبکہ مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کی قادیانی امت بھی ٹھیک یہی عقیدہ رکھتی ہے، چنانچہ ملاحظہ ہو:

الف: ......''صدی چودھویں کا ہوا سر مبارک — کہ جس پر وہ بدر الدجیٰ بن کے آیا
محمد پئے چارہ سازی امت — ہے اب احمد مجتبیٰ بن کے آیا
حقیقت کھلی بعثت ثانی کی ہم پر — کہ جب مصطفیٰ میرزا بن کے آیا''

(اخبار الفضل قادیان، ۲۸/مئی ۱۹۲۸ء)

ب: ......''اے میرے پیارے مری جان رسول قدنی — تیرے صدقے تیرے قربان رسول قدنی
پہلی بعثت میں محمد ہے تو اب احمد ہے — تجھ پہ پھر اترا ہے قرآن رسول قدنی''

(اخبار الفضل قادیان، ۱۶/ اکتوبر ۱۹۲۲ء)

ج: ......''یہ کس قدر لغو اور باطل عقیدہ ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وحی الٰہی کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند ہو گیا اور آئندہ کو قیامت تک اس کی کوئی بھی امید نہیں...''

(ضمیمہ براہین احمدیہ، حصہ پنجم، ص:۱۸۳، روحانی خزائن، ص:۳۵۴، ج:۲۱)

د: ......''ہر ایک ایسا شخص جو موسیٰ کو تو مانتا ہے مگر عیسیٰ کو نہیں مانتا، یا عیسیٰ کو مانتا ہے مگر محمدؐ کو نہیں مانتا اور یا محمد کو مانتا ہے پر مسیح موعود کو نہیں مانتا، وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔''

(کلمۃ الفصل، ص:۱۱۰، مرزا بشیر احمد ایم اے)

ہ: ......''چونکہ میری تعلیم میں امر بھی ہے اور نہی بھی اور شریعت کے ضروری

احکام کی تجدید ہے، اس لئے خدا تعالیٰ نے میری تعلیم اور اس وحی کو جو میرے اوپر ہوتی ہے، فُلک یعنی کشتی کے نام سے موسوم کیا۔۔۔۔“

(اربعین نمبر۴،ص:۷، روحانی خزائن ص:۴۳۵، حاشیہ ج:۱۷)

الغرض جس طرح مرزا غلام احمد قادیانی اجرائے نبوت، اجرائے وحی، بعثت ثانی، ظل اور بروز کا قائل تھا، اسی طرح یہ شخص بھی اس کا قائل ہے، چنانچہ وہ اس عبارت: ”اگر پیغمبر ہو، اور اسے دوبارہ بھیجا جائے، تو بے شک اس پر وحی آ سکتی ہے۔“ کے ذریعے اپنے عقیدہ اجرائے نبوت، اجرائے وحی اور ظل و بروز کا اظہار و اعلان کرتا ہے۔

پھر جس طرح مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کی ذریت ظلی و بروزی نبوت کی آڑ میں مرزا غلام احمد قادیانی کے دعویٰ نبوت، رسالت، اجرائے وحی اور مرزا کی وحی کے مجموعہ ”تذکرہ“ کو ہضم کرنے کی دعوت دیتی ہے، ٹھیک اسی طرح یہ شخص بھی اپنی مذکورہ بالا غلیظ اور بدبودار تحریر و عبارت میں اس کی دعوت دیتا ہے، چنانچہ یہ شخص اپنی اس شیطانی عبارت: ”کیا جھٹلا ڈالا اس کلام نے آخری نبی کو؟ کیا بڑھا ڈالے پیغمبر؟ بے شک وہی نبی دوبارہ بھیجا جاتا ہے۔“ کے ذریعے ان تمام قادیانی عقائد کی تبلیغ و ترویج کی ناپاک اور بھونڈی سعی و کوشش پر مصر نظر آتا ہے۔

۳:......جس طرح مرزا غلام احمد قادیانی اپنی وحی کو قرآن کا درجہ دیتا ہے اور اس کے انکار کو کفر قرار دیتا ہے، ٹھیک اسی طرح یہ ملحد بھی اپنے لٹریچر ”کلا مُکَ کما لُکَ“ میں نام لئے بغیر مرزا غلام احمد قادیانی کی وحی کے اردو مجموعہ ”تذکرہ“ کو قرآن کا درجہ دیتے ہوئے لکھتا ہے:

”قسم ہے اس کلام پاک کی اور اس روشن کتاب کی اور اس رات (شبِ قدر) کی، پھر اس رات کی، اور ہے یہ کتاب عقل والوں کے لئے اور آسان کیا رب نے اس کتاب کو، اور نہیں لکھا اس کو عربی زبان میں، بلکہ لکھا تمہاری زبان میں تاکہ تم سمجھ سکو، اور پڑھو اس کتاب کو وضو سے جیسا کہ پڑھتے ہو قرآن، بے شک قرآن حق ہے، اور بے شک یہ کتاب بھی حق ہے، اور آئی ہے یہ کتاب صحیح بات بتانے کے لئے، دین کو بچانے کے لئے، اصل دین بتانے کے لئے، باطل کو مٹانے کے لئے، حق کو لانے کے لئے، کفر کو مٹانے کے لئے۔“

موصوف کی اس عبارت پر غور کیا جائے تو دو اور دو چار کی طرح واضح ہو جاتا ہے کہ جس کلام اور کتاب کی اہمیت و عظمت کو قسم کھا کر واضح کیا جا رہا ہے، یا اس کے نزول کو شبِ قدر کی بابرکت اور مقدس ساعتوں کے ساتھ منسلک کیا جا رہا ہے، وہ یقیناً قرآن کریم کے علاوہ کوئی دوسری کتاب ہے، اس لئے کہ موصوف لکھتے ہیں کہ:

الف:......”اور نہیں لکھا اس کو عربی زبان میں، بلکہ لکھا تمہاری زبان میں تاکہ تم سمجھ سکو۔“

ب:......”اور پڑھو اس کتاب کو وضو سے جیسے پڑھتے ہو قرآن۔“

ج: ......''بے شک قرآن حق ہے اور بے شک یہ کتاب بھی حق ہے۔''

ان تین فقروں سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ موصوف کی مجوزہ ''عظیم کتاب'' قرآن کریم کے علاوہ کوئی دوسری کتاب ہے جس کو قرآن کریم کے مدِ مقابل ذکر کیا گیا ہے۔ اگر اس کتاب کا مصداق قرآن کریم ہوتا تو یہ کیوں لکھا جاتا کہ یہ کتاب عربی میں نہیں تمہاری زبان میں لکھی گئی ہے؟ اسی طرح اگر اس کا مصداق قرآن کریم ہوتا تو یہ کیوں کہا جاتا کہ اس کو بھی ویسے ہی وضو سے پڑھو جس طرح قرآن کو وضو سے پڑھتے ہو، ایسے ہی اگر یہ کتاب قرآن کریم کے علاوہ کوئی دوسری نہ ہوتی تو یہ کیوں لکھا جاتا کہ یہ بھی ایسے ہی حق ہے جس طرح قرآن حق ہے۔

الغرض یہی کہا جاسکتا ہے کہ موصوف کی وہ کتاب جو عربی میں نہیں ہے اور وضو سے پڑھنے کی مستحق ہے اور وہ بھی قرآن کریم کی طرح حق ہے، اس کا مصداق مرزا غلام احمد قادیانی کی وحی کا مجموعہ تذکرہ ہے، ورنہ وہ خود بتلائیں کہ اس کا مصداق اس کے علاوہ کون سی کتاب ہے؟

الغرض یہ شخص نہایت عیاری اور مکاری سے قادیانی عقائد کا داعی اور منادہے۔ البتہ اس نے انداز بدل کر مسلمانوں کو مرزائی فتنہ کے قریب کرنے کی تحریک چلا رکھی ہے، لہٰذا مسلمانوں کو اس ملعون کے گمراہ کن انداز سے ہوشیار رہتے ہوئے دوسرے مسلمانوں کو بھی اس کے فتنہ سے آگاہ کرنے کی سعی وکوشش کرنی چاہئے، اور اس کے فریب ودھوکا سے بچنا چاہئے۔

اہلِ عقل وفہم اس ویب سائٹ اور اس کی دعوت کو اس زاویہ نگاہ سے بھی دیکھیں کہ کیا کبھی کسی معذور اور مجنون بچے کے ماں باپ اس قسم کے بچوں کے ہذیانات کے لئے ویب سائٹ بنایا کرتے ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو بتلایا جائے کہ یہ ویب سائٹ کیوں بنائی گئی؟ اور اس پر زرکثیر صرف کرکے ایک معذور و مجنون بچے کے ''ارشادات'' ''ملفوظات'' کو کیونکر عام کیا گیا؟ کیا کبھی کسے بچے اور وہ بھی معذور، کی کوئی بات قابل سند اور لائق اعتماد ہوتی ہے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس کے پیچھے کوئی گھناؤنے اور خطرناک مقاصد وعزائم کارفرما ہیں، اس کے لئے یہ سارا کھیل کھیلا جارہا ہے اور وہ ہے مسلمانوں کو گمراہ کرنا اور مرزائی وقادیانی عقائد کی اشاعت وترویج کرنا۔

یقین کی حد تک ہمارا وجدان کہتا ہے اور ''کَلا مُکَ کَما لُکَ'' کی عبارت بھی اس کی تائید وتصدیق کرتی ہے کہ یہ شخص زندیق وملحد ہے، اور قادیانی الحادوزندقہ کا پرچارک ہے۔ تاہم اگر وہ کہتا ہے کہ میں قادیانی نہیں ہوں اور میرا مرزا غلام احمد قادیانی کے عقائد ونظریات سے کوئی تعلق نہیں ہے، ... جیسا کہ اس نے نبیل کے تعارف میں اپنے آپ کو ختم نبوت کا قائل باور کرانے کی کوشش کی ہے... تب بھی وہ اپنے الحادوندقہ اور قرآن وسنت کی توہین وتنقیص، نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے انکار اور ظل و بروز یا بعثت ثانیہ وغیرہ عقائد ونظریات کی وجہ سے عقیدہ ختم نبوت سے باغی ہے، لہٰذا وہ بھی اُسی سلوک کا مستحق ہے، جس کا مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کی امت ہے، کیونکہ اس صورت میں گویا یہ ملعون اپنے کلام کو قرآن کا،

اپنے آپ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اپنے شیطانی خیالات کو وحی والہام کا درجہ دے کر بدترین گستاخی کا مرتکب ہوا ہے۔ لہٰذا جس طرح مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے ماننے والے ملحد و زندیق اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گستاخ و باغی ہیں، ٹھیک اسی طرح یہ بھی ملحد و زندیق اور نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم کا گستاخ و باغی ہے، جس طرح غلام احمد قادیانی کے فتنہ سے امت کو بچانا فرض ہے، ٹھیک اسی طرح اس کا تعاقب کرنا بھی فرض ہے، الاَّ یہ کہ توبہ کر کے دوبارہ تجدید ایمان کرلے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیّدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

إلهام الباري

فى

تسهيل القطبي

هذا تسهيل ضامن للنجاح فى الاختبار، منواله بديع
وترتيبه أنيق، جامع لمحتويات الفن على نهج السؤال والجواب.

للشيخ

فيض الرحمن الحقاني

مشرف قسم التخصص فى المعقولات بالجامعة الحقانية

مؤتمر المصنفين
حقانية

إلهام الباري

في

تسهيل القطبي

هذا تسهيل ضامن للنجاح في الاختبار، منواله بديع، وترتيبه أنيق، جامع لمحتويات الفن على نهج السوال والجواب۔

للشيخ

فيض الرحمن الحقاني

مشرف قسم التخصص في المعقولات بالجامعة الحقانية

مؤتمر المصنفين حقانيه

إلهام الباري في تسهيل القطبي

فيض الرحمن الحقاني

مشرف قسم التخصص في المعقولات بالجامعة

الحقانية أكورة ختك

الطبعة الثانية ١٤٣١هـ

العدد ١١٠٠

يطلب من: جميع المكتبات المشهورة في باكستان

اکوڑہ خٹک

مکتبہ سید احمد شہید۔ فاروقی کتب خانہ۔ مکتبہ علمیہ

مکتبہ رحیمیہ۔ مکتبہ اسلامیہ۔ مکتبہ رشیدیہ

کراچی

اسلامی کتب خانہ۔ مکتبہ عمر فاروق شاہ فیصل کالونی۔ مکتبہ الحمد

ادارۃ الانور

راولپنڈی/اسلام آباد

مکتبہ صفدریہ۔ مکتبہ رشیدیہ راجہ بازار۔ مکتبہ فریدیہ

پشاور

وحیدی کتب خانہ۔ دار الاخلاص۔ مکتبہ رحمانیہ۔

کوئٹہ

مکتبہ رشیدیہ۔ مکتبہ حقانیہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تأثراتِ منظوم

اردو از حافظ محمد ابراہیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

شرحِ قطبی اک کتابِ مستطاب — بے نظیر و بے مثال و لاجواب
ہدیۂ حق بہرِ طلابِ علوم — اس کی ہر تحقیق گویا انتخاب
مشتمل ہے بر گہر ہائے نفیس — ہر طرف پھیلی ہے اس کی آب و تاب
وا ہیں اس میں وہ نکاتِ دل نشیں — جو کہ تھے بس درحجاب اندر حجاب
منطق و حکمت کے مغلق قاعدے — باوضاحت اس میں ہیں عالیجناب
واہ فانی ایک دُرِّ ناپدید — فیضِ رب سے ہوگیا ہے بے نقاب

☆☆☆☆☆

بسم اللّه الرحمن الرحيم

تقديم

بقلم : سجاد الحجابى

خادم العلوم والفنون بمدينة مردان

الحمد للّه الذى خصّ الإنسان بالمنطق المفصح عمّا فى ضميره من المكنونات ، وأمطر على رياض عقله غيث سحاب التّصورات والتّصديقات ،والصّلاة والسّلام على سيّدنا محمد المؤيّد بالبرهان الواضح ، والقول الشّارح ، وعلى آله وأصحابه الحريصين على اقتفاء آثاره فى الجزئيات والكليات.

أمّا بعد : فقد كثر الكلام على المنطق ، ووجّهت إليه بعض الانتقادات ظلماً حتى عدّه بعضهم مقدمة للكفر ، وما كان كذلك فهو حرام ، وبعضهم رموه بأنّه لا فائدة فى تعلّمه والواقع أنّ كلّ ذلك لا يخلوا عن طرفى الاقتصاد الإفراط والتّفريط ، ولعدم مدارسة هذا العلم فى الجامعات والكليات بدأ يظهر سوء أثر ذلك فى كياننا ، فقد خرجت عن جيلنا الجديد الشيم التى تحلّى بها علمائنا القدماء من التّعمق والتّحقيق والتّدقيق فى جميع العلوم الإسلامية على مختلف المستويات ، ولا تمش بعيداً بل لو نظرت بنظر الإنصاف دون الاعتساف قبل نصف قرن أوربعه لتجد أهمية هذا العلم عند علمائنا الأكابر ، ويعجبنى كلمة حجة الإسلام الإمام محمد قاسم النانوتوى قائلاً "إنّ أساس الإسلام وبنيانه قائم على المعقول " أى المنطق ولا يخفى على العاقل مكانة هذه الكلمة عن هذا الإمام العبقرى

المنطق هو من العلوم الآلية التي تعينك فى جميع العلوم الشّرعية حتى أنّ الإمام الغزالى لمّا صنّف كتابه فى قواعد المنطق سمّاه "معيار العلم "يعنى أنّه معيار كلّ علم وأوضح هذا المقصد فى بداية كتابه الآخر "المستصفى فى أصول الفقه " .

وأنا أدرج لك حول خطورة هذا العلم ما قاله الإمام اللكنوى أكثر اتضاحاً من هذا وهو أنّ المنطق علم آلى وإنّما سمّى المنطق بالميزان ؛ لأنه آلة لتحصيل جميع العلوم فشابه الميزان ولنعم تسمية من سمّى كتابه بسلّم العلوم وما أغفل من تصدّى لشرح ذلك الكتاب وهو حنيف عن الصّواب ؛ حيث قيّد العلوم بالعلوم المنطقية ولم يعلم أنّ العلوم الدينية أيضاً تحتاج احتياجا مّا إلى تحصيل علم الميزان ومن ههنا يعلم أنّه لا وجه للقول بحرمة هذا المنطق بل سمّاه الغزالى معيار العلوم وقد ألّف فيه علماء الإسلام كابن الهمام وغيره .

انظر يا أخى الكريم إلى مكانة هذا العلم عند هذا الجهبذ العارف بخباياه وزواياه ، وقد أشار فى كلامه أنّ المنطق الذى لا يجوز تعلّمه هو الممزوج مع الفلسفة الضّالة وصرح بذلك غير واحد من العلماء .

قال العلاّمة ابن الحجر : "ومن آلات الشّرع من تفسير وحديث وفقه " المنطق الذى بأيدى النّاس اليوم" ، فإنّه علم مفيد لا محذور فيه ، إنّما المحذور فى المنطق المخلوط بالفلسفة المنابذة للشّريعة " .

ثم قال :" وقول ابن الصلاح وغيره بتحريمه محمول على المنطق المخلوط بالفلسفة المنابذة للشريعة " . بل العالم الصحيح الاعتقاد لو اشتغل فى تحصيل العلوم الفلسفية وأتقن حيث أخذ ما صفا ودِعَ ما كدر – لحاز قصبات السبق ونال القدح المعلى – ؛ فإنّ الحكمة ضالة المؤمن ، ولا يتمكّن رد ضلالات الفلاسفة إلاّ من فاق فى علومها ، وفى ذلك يتحدث العلاّمة عبد العزيز الفرهارى فى نبراسه بعد أن ذكر أقسام الفلسفة "ومما يجب أن يعلم أنّ علوم الفلسفة من العلمية والعملية نيف وسبعون علماً ، جمعناها فى كتاب الياقوت " ثم استطرد "وإذا جردت علوم الفلاسفة عن زلاتهم كان فى ما بقى فوائد عظيمة لم يستنكف المحققون من علماء السنّة عن استنباطها ، فخذ ما صفا ودع ما كدر ، ومن أعرض عن الفلسفة رأساً لم يستطع التكلّم فى دقائق العلوم إلا أصحاب القوة القدسيّة وقليل مّا هم ، فعليك بالاعتدال والإنصاف ، وبالجملة إنّ المنطق الذى بين أيدينا لا بد من تعلّمه ، والبراعة فيه وذا يعينك فى الشّرعيات كلّها وأسلفت أنّ البعض يخالفون المنطق فنرى أن العلم لا يختلط بدمهم ولحمهم وقد سلّم الفحول أنّ المنطق يقوى كيان العالم فى العلوم كافة ، ويشحّذ ذهنه ويفتح قريحته .

يقول العلامة السنجارى المعروف بابن الأكفانى (المتوفى ٧٤٩) فى كتابه النفيس " ارشاد القاصد إلى أسنى المقاصد ص ٣٣ حول علوّ مكانة المنطق " والمنطق مفتاح العلوم العقلية وسُلّمها وميزان المعانى ؛ لأنّ نسبته إلى المعانى نسبة النّحو إلى اللّفظ والعروض إلى القريض ، وبه يتبين حال كل علم فى وثاقته وضعفه وحال

كل عالم وباحث" .

ثـم قـال بـعـد سـطور : " وبالجملة فهو حلية الجنان كما أنّ الأدب حلية اللّسان والبيان ، وقد رفض هذا العلم وجحد منفعته من لم يعلمه ولا اطّلع عليه " وسقنا هذه العبارة بطولها لاشتمالها على درر الفوائد .

وقال شيخ الإسلام الإمام تقى الدين السبكى : " المنطق من أحسن العلوم وأنفعها فى كل بحث وفصل القول أنّه كالسيف يجاهد به شخص فى سبيل الله ويقطع به آخر الطريق " .

وقال الإمام أبو حيان الأندلسى فى تفسيره " البحر المحيط " :" إنّ المنطق أصل كلّ علم وتقويم كل ذهن " وقال العلامة الدمنهورى فى " إيضاح المبهم لمعانى السّلم " لا يبعد أن يكون الاشتغال به فرض كفاية ؛ لتوقف معرفة دفع الشّبه عليه ، ومن المعلوم أن القيام فرض كفاية فهذه نصوص واضحة فى كثرة كاثرة بل غيض من فيض وزهرة من روضة تعلن أنّ المنطق هو العلم الذى يجعلك معداً لدراسة العلوم الأخر ، ومن لا يعبأ به كما هو الدأب في هذا العصر فلا يتمكن على الاستفادة من تراث سلفنا وهل يستطيع أحد بدون المنطق أن يقرء كتاب سيبويه في النّحو فضلا عن كتب الإمام الرازى وممن نقد المنطق العلامة ابن تيمية فى كتابَيه نقض المنطق ، والرّد على المنطقيين " وقد رد عليه ردا نفيساً الشيخ العلامة سعيد عبد اللطيف فوده فى كتابه "تدعيم المنطق " وقد كسر فيه جميع أدلة ابن تيمية ويجب للطالب المنصف اقتناء هذا الكتاب وبعد فلعلماء الهند والباكية مساع مشكورة في نشر هذا العلم .

ومن هؤلاء العلماء فضيلة الشيخ فيض الرحمن الحقانى أستاذا لمنقولات والمعقولات بالجامعة الحقانية العالمية ومن كبار علماء ها الذى صنّف كتابه " إلهام البارى فى تسهيل القطبى " فى شكل سوال وجواب وهو من أنفع المناهج فسرحت فيه نظرى وقد وجدت فيه تقريرات تنفتح لورودها أصداف الآذان وتحقيقات تهتزّ لإدراكها أعطاف الأذهان وتسهيلات ينشط لاستماعها الكسلان وأخيرا أنصح الطلبة الكرام أن يقرؤا هذا السفر الجليل ويستفيدوا منه فى سفر وحضر .

وجزا اللّه المؤلّف خير الجزاء وأكرمنا وإيّاه بعفوه ورحمته ورضوانه وصلى اللّه على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم والحمد للّه ربّ العالمين .

كتبه سجّاد الحجابى خادم العلوم والفنون بمدينة مردان

كلمة سماحة الشيخ الكبير المفتى الأعظم العارف باللّه محمد فريد – حفظه اللّه–

باسمه تعالى

الحمد لله شكراً على نواله ، والصّلاة والسّلام على محمد وآله وأصحابه .

وبعد : فقد فزت بمطالعة بعض مواضع تسهيل القطبى المسمّى بإلهام البارى ، فوجدت ترتيبه بديعاً ونمطه أنيقاً ، ولقد أتى المؤلف بنهج هوأبو عذره ، وزين التسهيل بالجداول وأسأل الله من أعماق قلبى أن ينفع به المعلّمين والمتعلمين آمين يا رب العالمين .

كتبه محمد فريد عفى عنه

☆☆☆☆☆

كلمة سماحة الشيخ الدكتور شير على شاه المدنى الدكتوراه (بمرتبة الشرف الأولى) من الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة ومبعوثها ، استاد الحديث بجامعة دارالعلوم الحقانية أكورة ختك.

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله وكفى وسلام على عباده الذين اصطفى .

أما بعد : فقد طالعت بعض الصفحات "لإلهام البارى فى تسهيل القطبى" الذى ألّفه أخونا الفاضل الشيخ فيض الرحمن الحقانى المحترم المدرس بجامعة دارالعلوم الحقانية – حفظه اللّه ورعاه– فوجدته كتابا نافعاً حاوياً على مسائل الفن وموضّحاً للقوانين المنطقية أيّما توضيح ومزيّناً بالجداول الأنيقة ، وقد توّج كتابه هذا بمقدمة ذهبيّة تُنير للسّارين على دروب المنطق أهمية هذا العلم الرّصين بأقوال المحقّقين الجهابذة ، وتقلع شبهات الطاعنين المعاندين لهذا الفن بالبراهين القيّمة وأسأل اللّه تعالى أن يتقبّل هٰذه الجهود المبذولة فى سبيل تسهيل كتاب القطبى لروّاد المنطق ويجعلها فى ميزان حسناته يوم لا ينفع مال ولا بنون إلا من أتى اللّه بقلب سليم ، وصلّى اللّه تعالى على أشرف رسله وخاتم أنبيائه وعلى آله وأصحابه أجمعين .

كتبه شير على شاه كان اللّه له خادم أهل
العلم بجامعة دارالعلوم الحقانية أكورة ختك

١١/١١/١٤٣٠هـ

☆☆☆☆☆

كلمة سماحة الشيخ المحدث سميع الحق –حفظه الله –مدير الجامعة الحقانية أكورة ختك

بسم الله الرحمن الرحيم

أحلى منطق أفصح به لسان الفصحاء ، وأولى مدرَك ارتسم فى أذهان الأذكياء ، حمدإله يُصدّق بكبريائه وشكر منعم لا يُتصوّر عد آلائه ، نحمده حمدا لا يُحدّ ولا يُرسم ، ونشكره شكراً لا يُقاس ولا يُوسم ، ونصلى على من أرسله حجة وبرهاناً ، وجعله هدى وتبياناً ، أوضح سبيل العقل والتفكر ، وأقام الحجة على اعوجاج الجهل والتحيّر ، وعلى آله و أصحابه المستقرئين لسننه و آثاره ،والمتمثلين بسننه وأنواره.

وبعد : فقد تولّى العالم الجليل ، والأديب النبيل تلميذى الوفى فيض الرّحمن الحقانى مشرف قسم التخصص فى المعقولات بالجامعة الحقانية الشهيرة بـ" ديوبند باكستان" تسهيل القطبى بنمط مبتكر ، ومنوال بديع . ولقد أتى بتحقيق كل مبحث ما يشفى العليل ويروى الغليل .

ونسأل الله عز وجل أن يعم فيوضه إلى أنحاء العالم ، وأن يفجر ينابيع العلم والعرفان من ذويه إلى يوم لاينفع فيه مال ولا بنون إلا من أتى الله بقلب سليم .

كتبه سميع الحق خادم العلماء والطلباء بالجامعة الحقانية

☆☆☆☆☆

كلمة سماحة الشيخ المحدث الحافظ أنوار الحق –حفظه الله– نائب رئيس الجامعة الحقانية

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله ، محق الحق ، ومبدع الكل ، والصلاة والسلام على محمد خيرا لرّسل ، وعلى آله أصحابه الداعين إلى أرشد السبل .

وبعد : فقد تصفّحت إلهام البارى فى تسهيل القطبى لأخص تلاميذى الفاضل العبقرى فيض الرّحمن الحقانى ، فوجدته شيئا عالياً وغالياً فى حق المدرسين والطلاب والعاملين فى مجال المعقولات شرقا وغرباً ، وشمالا وجنوباً والله أسئل أن يتقبل هذا التسهيل بقبول حسن ، ويزيد الشارح علما وفضلا. آمين يا أرحم الراحمين .

كتبه أنوار الحق عفى عنه

☆☆☆☆☆

كلمة سماحة الشيخ المفتي سيف الله الحقاني –حفظه الله – رئيس دار الإفتاء بالجامعة الحقانية

باسمه تعالى

الحمد لله ذى الرّحمة والغفران لأهل الذنوب والعصيان ، والصّلاة والسّلام على رسوله الفارق بين الحق والبطلان ، وعلى آله وأصحابه الذين سبقوا بالإيمان .

وبعد : فقد طالعت تسهيل القطبى المسمى بإلهام البارى لفضيلة الشيخ فيض الرحمن الحقانى فوجدته نافعاً لمن أراد أن يفهم اصطلاحات الميزان ، والمؤلف قرء كتب المنطق عندى وكان بارعاً فائقاً على الأقران .

وأسأل الله جل شأنه أن يجعل تأليفه نافعاً وسعيه مشكوراً ، وصلى الله تعالى على خير خلقه محمد وآله وأصحابه أجمعين

كتبه سيف الله الحقانى

☆☆☆☆☆

كلمة سماحة الشيخ الكبير العارف بالله عبد الحليم – حفظه الله – الشهير بـ "دير بابا"

باسمه تعالى

الحمد لله الذى خلق الإنسان ، ومكّنه على إظهار ما فى الجنان ، وإثبات ما ادعاه بالقياس والبرهان ، والصّلاة والسّلام على من بعث إلى الإنس والجان ، متمّما لمكارم الأخلاق ، ومنّوراً للعالَم بنور التّوحيد والإيمان ، وعلى آله وأصحابه وأتباعه الذين آثروا الدين على البلاد والأوطان .

أما بعد : فقد سرحت النّظر على إلهام البارى فى تسهيل القطبى لتلميذى الوفى فيض الرّحمن الحقانى –حفظه الله ورعاه– فوجدته تأليفا منيفاً وكتابا مستطاباً مشتملاً على فوائد جمّة ، ومسائل مهمّة ، بترتيب أنيق ، وأسلوب جديد ، وعبارة سهلة ، ما رأيت أسهل منه فى كتب المنطق ، قد بذل فيه المؤلف الوقور جهوداً مشكورة وسهّل على طلبة المنطق فهم المسائل المنطقية مع بعض المسائل الحكمية فأسأل الله أن ينفع به وبكتابه العباد والبلاد . آمين .

كتبه عبد الحليم الديروى خادم الحديث بالجامعة الحقانية أكورة ختك

☆☆☆☆☆

كلمة سماحة الشيخ المحدث مغفور اللّٰه -حفظه الله- بالجامعة الحقانية

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله القديم الذى نوّر قلوبنا بمعرفة الكليات والجزئيات، والصّلاة والسّلام على محمد سيّد كافة الموجودات، المبعوث بالحجج والبينات، وعلى آله وأصحابه الذين هم للدين مقدمات.

وبعد: فإن الأخ الفاضل المحقّق الشيخ فيض الرّحمن الحقانى جمع الأبحاث العقلية نفعا للمعلّمين والمتعلّمين، وبذل الجهد فى جمعها وتأليفها، وأبدع طريقاً ما رأيت أحسن منه وقد زاد بعد كل مبحث جدولًا منطوياً على مشمولات البحث، وهذا من مزايا هذا الكتاب وذلك فضل اللّٰه يؤتيه من يشاء بغير حساب.

كتبه العبد الأحقر مغفور اللّٰه عفا اللّٰه عنه

☆☆☆☆☆

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الّذى ميّز نوعَ الإنسان بنعمة العلم ، والمنطق، والبيان ـ وجعل التّصديق بوحدانيّته أفضل الذّكر وخير الكلام . والصّلاة والسّلام على أفضل الأنام الّذى بُعث بالحجّة والبُرهان ، وعلى آله وأصحابه الّذين بلّغوا إلى كلّ جهة نورَ شمس النّبوة والعرفان ، وعلى الأئمة المجتهدين الّذين فازوا بفضيلة مرتبة الاجتهاد ، والقياس ،والفيضان ،وعلى المجاهدين المخلصين الّذين عدلوا اليهودَ والنّصارى عن السّلطة والغلبة على الإسلام ، وجعلوا أنفسهم وأموالهم وأولادهم سدّاً ليأجوج الطّغيان .

أمـا بعد : فيقول العبد الفقير إلى الله الغنى فيض الرّحمن الحقّانى ، هذا تسهيل مفيد –إن شاء الله تعالى– لجميع طلبة هذا الفن ، لا سيّما للطّلبة الّذين يقرءون شرح الرّسالة الشّمسية المعروف بـ "القطبى"ففيها تسهيل مباحث القطبى بطرز بديع وترتيب أنيق ، لم يكتحل بنظيره عينُ الزّمان إلى الآن ،وسمّيته بإلهام البارى فى تسهيل القطبى ، والباعث على تاليفه أنّى لمّا رأيت هِمم المتعلّمين قاصرة عن إدراك مسائل فنّ المنطق والميزان واصطلاحاته ، مع شدّة الاحتياج إلى ضبطها وحفظها ؛لأنّ كتب العلماء المتقدّمين الرّاسخين فى العلم مشحونة باصطلاحات المناطقة ،وكنتُ كتبتُ بعض مسائل هذا الفن على نهج السّوال والجواب ،فالتمس خلاّنى وخلّص إخوانى فضيلة الشّيخ السّيد شجاعت على شاه والشّيخ طيّب الرّحمن والشّيخ هاشم الله الحقّانى أن أتمّ جميع مباحث هذا الفن ومُحتوياته على هذا النّمط، فشمّرت عن ساق الجدّ وشرحت جميع مباحث التّصورات والتّصديقات على النّهج المذكور ، ووضعت بعد كلّ مبحث جدولاً مشتملا على خلاصته تسهيلا .

فياأيها الإخوان بُشرى لكم اليوم بفوزكم بالمنفعة الّتى لم ينلها القوم وإن كانوا فى طلبها والهين،وفى دركها متحيّرين .

اللّهم اجعلنا موصوفين بصفات المتّقين بحرمة سيّد المرسلين صلّى الله تعالى عليه وعلى آله وأصحابه أجمعين .

السوال : حرّروا مقالةً وجيزةً مشتملة على معنى المنطق لغة واصطلاحا، وتعريفه وموضوعه، وغرضه، ووجه تسميته بالمنطق والميزان، وتاريخ تدوينه، واعتراضاتِ المعاندين عليه ثُمّ الأجوبة عنها وأهميةِ المنطق وضرورته؟

الجواب : لابُدّ للشّارع فى فن المنطق من معرفة أمور على سبيل التمهيد وهى :

معنى المنطق لغةً : المنطق إمّا مصدر ميمىّ بمعنى النُطق، وأطلق على هذا العلم مبالغة فى مدخليّته فى تكميل النطق كأنّه هو هو، وإمّا إسم مكان كأنّ هذا العلم محل النطق ومَظْهَرُه .

تعريفه : آلة قانونية تَعْصِمُ مراعاتُها الذهنَ عن الخطأ فى الفكر .

موضوعه : المعلوماتُ التّصورية والتّصديقية لكن لا مطلقا بل من حيث أنها موصلة إلى المجهول التّصورى والتّصديقى .

غرضه : صيانة الذهن عن الخطأ فى الفكر.

وجه تسميته: أمّا تسميته بالمنطق ؛ فلتأثيره فى النُطق الظاهرى (أعنى التكلم) ؛ إذاالعارفُ به يَقْوى على التكلّم بما لا يَقْوى عليه الجاهلُ، وكذا فى النُّطق الباطنى (أعنى الإدراك) ؛ لأنّ المنطقيَّ يَعرف حقائقَ الأشياء، ويَعلم أجناسَها وفصولَها وأنواعَها ولوازمَها وخواصَّها، بخلاف الغافل عن هذا العلم الشريف، وأمّا تسميتُه بالميزان ؛ فلأنّه قِسْطاس للعقل يُوزَن به الأفكارُ الصحيحةُ ويُعرف به نقصانُ ما فى الأفكارِ الفاسدة، واخْتِلالُ ما فى الأنظارِ الكاسدة، ومن ثَمّ يُقال له العلمُ الآلى ؛ لكونه آلة لجميع العلوم، لا سيّما للعلوم الحِكْمِيَّةِ .

تدوينه : (اعلم) أنّ أرسطاطاليس الحكيم دوَّن هذاالعلم بأمر الإسْكَنْدَرِ الرُّومى ولهذا يُلقّب بالمُعلّم الأوّل، والفارابى هذب هذاالفن بأمر المنصور السامانى زمن هارون الرشيد وهوالمعلم الثّانى، وبعد إضاعة كتب الفارابى فَصَّله الشيخُ أبو على بن سينا بأمر السُّلطان مسعود ويُسمّى بالمُعلّم الثّالث.

☆ اعتراضات المعاندين ☆

١ – قال بعضُ العلماء : إنّ المنطقَ مُفسِدُ الأذهانِ، ومُخَرِّبُ العَقائد كما قال الشاعر :

دَعْ مَنْطِقا فيه الفلاسفةُ الأُولى ضَلّتْ عُقُوْلُهُمْ بِبَحْرٍ مُغْرِق
واجنح إلى نَحوِ البَلاغةِ واعْتَبِر إنّ البَلاءَ مُوَكَّل بالمَنطق

٢- قال الحافظ ابن قیمّ :

واعـجباً لـمنطق الیونان — كَمْ فیه من إفك ومن بُهتان
مُخْبِط لجیّد الأذهان — ومُفسِد لِفِطْرَةِ الإنسان
مُضطرَبُ الأصولِ والمَبانی — علی شَفَا هارٍ بناهُ البانی
مُتَصِلُ العِثَاروالتّوانی — كأنّهُ السّرابُ بالقِیْعَان
بَدَا لعَیْن الظمئ الحیران — فأمّه بالظَّنِ والحِسبَان
یَرجُو شِفاءَ غَلَّةِ الظمأن — فلم یَجِدْ ثَمّ سِوَی الحِرْمان
فعادَ بالخیبة والخُسران — یَقرع سن نادم حیران
قد ضَاع منهُ العمر فی الأمان — وعاین الخِفّة فی المیزان

٣- وفی جامع الرُّموز :" یجوز الاستنجاء بأوراق المنطق ".

٤- وقال البعض : "من تمنطق فقد تزندق".

٥- وقال الشیخ ابن تیمیة :(فی الرّد علی المنطقیین) "إنّی كنت دائما أعلم أنّ منطقَ الیونان لا یَحتاج إلیه الذكیُّ ولا یَنتفع به البلید"

٦- وقال بعضُ العلماء :" الحكمة بیت الكفر، والمنطق دِهْلیزُها "

٧- وقال بعضُ الشعراء :

علم منقولات علم انبیاء — علم معقولات علم اشقیاء
صد كتاب وصدورق درناركن — سینه را در عشق او گلزار كن
چند خواہی حكمت یونانیاں — حكمت ایمانیاں را ہم بخواں

٨- وقال البعض :" اَلاشتغال به حرام "

٩- وقال بعضُ العلماءِ : "لو كان علما نافعا لاشتغل به الأئمةُ المجتهدون ، والحال أنهم لم یشتغلوا به "

١٠- وسمعت اعتراضا من بعض النّاس علی المناطقة بأنهم لم یَصنعوا قدحاً ، ولا إبرة إلی الآن.

☆ الأجوبة ☆

الجوابُ الإجمالی : أكثر هذه الأقوال محمول علی الاشتغال الشدید فیه بحیث یُجعل الوسیلةُ مقصودةً بالذّات ، ولا شك أنّ جعل الوسیلة مقصودة بالذّات جهلٌ عظیمٌ وضلالٌ مبینٌ .

☆ الأجوبة التفصيلية ☆

أمّاقولهم :يجوز الاستنجاء بأوراق المنطق "فغلط فاحش ، لأنّ الاستنجاء لا يجوز على الكاغذ الخالى عن حروف الهِجَاءِ فما ظَنُّكَ بالكاغذِ المكتوب عليه حروف الهجاء التى تَتَرَكَّب عنها لفظُ اللّه ، ومحمد صلى اللّه عليه وسلم .

وأمّا قولهم:الحِكمةُ بيت الكفر والمنطق دهليزها " فالمراد من الكفر معناه اللّغوى وهى الاستتار ولا شك أنّ الحكمةَ بيتُ الاستتارِ عن الجهل والمنطق دِهليزُها.

وأمّا قولهم:"لو كان علما نافعا لاشتغل به الأئمة المجتهدون والحال أنهم لم يشتغلوا به" فأقول :إنّ عدمَ اشتغال الأئمة به لِذَكَاوَةِ أذهَانِهم وسَلامةِ عُقولهم .

وأمّا قولهم:" بأنهم لم يَصنَعُوا قدحا ولا إبرة إلى الآن "

فأقول: إنّ المعترض ما فهم غرضَ المنطق؛لأنّ غرض المنطق صيانةُ الذهن عن الخطاء فى الفكر لا صناعة الأشياء . والشيء إنّما يُعَدُّ عبثا إذا لم يُؤدِّالغرض كالساعة صُنِعَتْ لتعيين الأوقات فإذا لَمْ تُفِدْ تعيينَ الوقت تُعد ضائعة وعبثا والمنطق صُنِعَ لصيانة الذهن وهذا الغرض يحصُل به الآن كما يحصُل به سابقا فلا يُعَدُّ عَبَثاً .

☆ أقوال العلماء فى أهميّة المنطق وضرورته ☆

قال أبو نصر الفارابى:"المنطق رئيس العلوم؛لأنّه حاكم على جميع العلوم فى الصِحّة ،والسّقم ،والقُوّةِ، والضُّعف " .

وقال ابن سينا :" هوخادم العلوم ؛لأنّه آلة فى تحصيل العلوم الكسبية النّظرية، والعملية لا مقصود بالذّات " وأيضاً قال :"المنطق نِعْمَ العَوْنُ على إدراك العلوم كُلِّها ، وقد رفضَ هذا العلمَ وجَحدَ منفعتَه من لَمْ يَفهمه،،.

وقال الإمام الغزالى :" من لم يَعْرِفِ المنطقَ فلا ثِقة له فى العُلوم أصلا ، حتى قال البعضُ إنّه فرض كفاية ، وقيل: فرض عين ، وأيضاًقال(فى بيان فائدة المنطق):هو القانون الذى به يُميّزصحيح الحد والقياس من فاسدهما فيتميّز العلم اليقينى عما ليس يقينيا، وكأنّه الميزان والمعيار للعلوم كُلِّها،وكلّ ما لم يُوزن بالميزان لم يتميّز فيه الرجحان عن النقصان ولا الرّبح عن الخُسران .

وقال الإمام الطحطاوى :" من لَمْ يَعْرِفِ المنطقَ فلا يُوثَقُ بعلمه ولا بفتواه ".

وقال بعضُ الشُّعراء:

عَابَ المنطِقَ قومٌلا عَقولَ لَهم ... وليسَ له إذا عابُوهُ من ضَرَر

ماضَرّشَمْسَ الضّحى والشّمسُ طالعة ... أنْ لا يرى ضَوءَ هامَنْ ليسِ ذا بصر

وقال العارف الرومی :

منطق وحکمت زبہر اصطلاح　　　　گر بخوانی اند کے باشد مباح

وقال القاضي ثناء الله پانی پتیؒ: ''خواندن حکمت فلاسفہ لاشیء محض است، کمال دراں مثل کمال مطربان است درعلم موسیقی، کہ موسیقی ہم فنے است ازفنون حکمت ریاضی، مگر منطق کہ خادم ہمہ علوم است خواندن آن البتہ مفید است۔

وقال البعض :(فی مدح النحووالمنطق)

إنْ رُمتَ إدراكَ العُلوم بِسُرعةٍ　　　　فعليكَ بالنَّحوِ القَويم ومَنْطِق

هذا لميزانِ العُقولِ مُرجِّح　　　　والنَّحو إصلاحُ اللِّسانِ بمَنطِق

وقال العلّامة التهانویؒ :

''ہم تو جیسے بخاری کے مطالعے میں اجر سمجھتے ہیں ۔میرزاہد،امور عامہ کے مطالعہ میں بھی اجر سمجھتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ نیت صحیح ہو''.

وقال شيخُ المعقولِ والمنقول محمد إبراهيم البلياویؒ :"المنطق للعُلوم والفُنونِ كمثل السَماد للحُقول ".

قال سيّدی ومُرشدی واستادی العَلّامة الفهّامة محمد فريد المُحدِّث بالجامعة الحقانية : "إنَّ مثلَ المنطق للعلوم كمثل السُّلَّم للسقوف،أو كضَرورةِ دَورة المِيَاهِ للمكان الجيّد ".

تنبيه : فی فهم السوال الثّانی والثّالث الآتيين دِقَّة فعليكم بالمُراجعة إلى المعلِّم الماهر لِيُوصِلَكم إلى حقيقة المسئلة .

السوال : حرّروا ميزانَ العالم والمعلوم يعنی من يَصلح أنْ يتصف بالعالمية ،وأیّ شیء يصلح للمعلومية،ثمّ أوضحوا كيفيةَ حصولِ علمنا بالأشياء يعنی كيف نَعلمُ الأشياءَ ؟

الجواب : واعلم أنّ هذا السوال والجواب لمزيد الإيضاح والفائدة،وتوطية وتمهيد لربط باقی الكلام،وإلّا ففی فهم المقام دقّة .

ميزان العالم : كون الشیء قائما بالذّات لا بالمحل بعد تجرده فی ذاته لا بعمل عامل عن المادة وغواشيها المنغمسة فی الجهات الظلمانية (أعنی العدم والقوّة المانعة عن الظهور والتعقل).

حاصل العبارة : أنّ شرائط العالميّة أربعة :

١– كون الشّیء قائماً بالذّات وبه احترز عن العرض ؛ فإنّه لا يقوم بذاته بل بغيره .

٢– ومجرّداً عن المادة وبه احترز عن الأجسام الماديّة ؛ فإنّها لا تصلح لأنْ تكون عالمة بل علمها لأجل العقل والنّفس .

٣– وكون تجرّده بنفسه لا بعمل عامل واحترز به عن صور ذهنيّة للأشياء الخارجيّة ؛ فإنّها و إن كانت من حيث هي هي مجرّدة عن المادّة لكن تجرّدها بعمل الذّهن لا بنفسها .وهذه الصّور جواهر لأنّ تعريف الجوهر يصدُق عليها وهو ماهيّة إذا وجدت في الخارج كانت لا في موضوع وأمّا التّقييد بـ "من حيث هي هي "؛ فلأنّها عرض بأعتبار قيامها بالذّهن وجوهريتها باعتبار الذّات .

٤– التّجرد عن غواشي المادّة : غواشي جمع غاشية وهي الحجاب والمراد منها ههنا العدم وقوّة العدم ، وبه احترز عن ذات المادّة (أي الهيولى) فإنّها وإن كانت مجرّدة عن المادة لأنّها لو اشتملت على مادة أخرى لكانت لتلك المادّة مادة أخرى وهي أيضاً مشتملة على الأخرى فيلزم التّسلسل ، لكنّها متّصفة بصفات المادّة وهي العدم وقوّة العدم ، يعني لو كانت غير موجودة ففيها العدم ، ولو كانت موجودة ففيها قوّة العدم وهومانع عن العالميّة .

ميزان المعلوم : أنْ يكون الشّيء موجوداًبالفعل لذات مجردة،بعد بيان ميزان العالم والمعلوم نقول:شرائط العالمية متحقّقة في ذات الواجب، والعقول العالية وهي الملائكة بلسان أهل الشّرع وسُرادقات نوريّة بعرف الصّوفية ، وعرّفوها بأنّهم جواهر مجرّدة عن المادة غير متعلّقة بالأجسام تعلّق التّدبير والتّصرف ، في قوله "غير متعلّق بالأجسام " احتراز عن النّفس النّاطقة ، والنّفوس الفلكيّة هي في زعمهم نفوس مجرّدة عن المادة متعلّقة

....

عالم کون بن سکتا ہے؟ عالم بننے کے لئے چارشرائط ہیں :

ا۔ عالم بننے کے لئے وجود بالفعل اور قیام بالذات ضروری ہے ،یعنی عالم موجود بالفعل ہومعدوم صرف اور موجود بالقوہ عالم نہیں بن سکتا کیونکہ جو شے خود موجود نہیں تو دوسری شے اس کے ہاں کیسے موجود اور حاضر ہوسکتی ہے۔ عالم قائم بالذات ہوگا لہذا اعراض عالم نہیں بن سکتے ؛ کیونکہ وہ محتاج الی المحل ہوتے ہیں تو جو شے بظاہر اس کے ہاں موجود ہوگی وہ درحقیقت اس کے ہاں موجود نہیں ہے بلکہ اس کے محل کے ہاں موجود ہے؛ کیونکہ جب وہ خود موجود لمحلہ ہے تو وہ شی معلوم بھی موجود لمحلہ ہوگی۔

۲۔ عالم مجرد عن المادہ ہوگا لہذا اجسام مادیہ جو اپنے اندر مادہ رکھتے ہیں عالم نہیں ہوسکتے ، بلکہ ان کا علم عقل اور نفس کی وجہ سے ہوتا ہے۔

۳۔ تجرد عن المادہ ذاتی ہوگا کسی عامل سے نہ ہوگا، جیسے :معلوم ذہنی جو کہ جوہر ہے حصول الاشیاء بانفسہا کی وجہ سے ذہن میں موجود بنفسہ اور من حیث ہی ہی کے درجہ میں جوہر ہے اور مجرد عن المادہ بھی ہے ؛ لیکن ذہن نے اپنے عمل کے ساتھ مجرد عن المادہ کیا ہے ذاتا مادہ سے مجرد نہیں ہے۔ لہذا صور ذہنیہ عالم نہیں ہوسکتے ہیں۔

۴۔ عالم مادہ کے غواشی سے بھی مجرد ہوگا (غواشی) غاشیہ کی جمع ہے بمعنی حجاب یہاں العدم والقوہ مراد ہے اس شرط کی روشنی میں معلوم ہوا کہ خود مادہ عالم وعاقل ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے؛ اس لئے کہ غواشی مادہ سے منزہ نہیں ؛ کیونکہ اگر مادہ غیر موجود ہو تو اس میں عدم متحقق ہے، اگر موجود ہو تو اس میں قوۃ العدم ہے۔ اور دونوں عالم بننے سے مانع ہیں۔ اب شرائط مذکورہ کی روشنی میں عالم بننے کی صلاحیت ذات واجب تعالی، عقول عالیہ، نفوس فلکیہ، اور نفوس ناطقہ میں موجود ہے۔

بجرم الفلك (أی بجسمه) تعلّق التّدبير والتّصرف حسب تعلّق النّفس النّاطقة ببدن الإنسان ، والنّفوس النّاطقة، فالنّفس النّاطقة تصلح للعالمية ، وبعد بيان ميزان المعلوم عُلم أنّ المعلوم ماهو موجود وحاضر عند النّفس النّاطقة .

كيف يحصُل لنا العلم بالأشياء :

اعلم :أنّ النّفس النّاطقة عالمة على الأوصاف القائمة بها ،لأنّ شرائط العالمية موجودة فی النّفس النّاطقة ، وشرائط المعلومية موجودة فی الأوصاف القائمة بها ؛ لأنّها حاضرة وموجودة عند العالم ، وكلّ ماهو حاضر وموجود عند العالم فهو معلوم ، فالأوصاف القائمة بها معلومةٌ ، والنّفس النّاطقة عالمة بها ولا خفاء فيه بل الخفاء فی علم النّفس النّاطقة على الأمور الغير الحاضرة عندها ، فالظّاهر – فی حصول علمها على الأمور الغير الحاضرة عندها –طريقتان ،وكلتاهما باطلتان :

أمّاالأولى : فأنْ يخرُجَ النّفسُ النّاطقةُ من البدن ، وتتّصل مع الأشياء ، فيكون النّفس النّاطقة عالمة والأشياء معلومة لها ، وبُطلان هذه الطريقة أظهر من الشّمس ،لأنّ النّفس النّاطقة متى تخرج من البدن تذهب بسرعة إمّا إلى السِّجّين ، وإمّا إلى عِلِيّين .– اللّهم اجعل نفوسَنا ذاهبةً إلى عِليين ولا تمكث ولا تتعلق بشیء آخر .

وأمّا الثّانية :فأنْ يدخلَ الأشياءُ فی البدن ، وتتعلّق النّفسُ النّاطقةُ بها ، وهذه الطريقة باطلة ، وبُطلانها أظهر من الشّمس فی نصف النّهار ؛ لأنّ الأشياء الكبيرة،(كالجبال وغيرها) كيف تدخل فی بدن الإنسان بل الصغيرة أيضاً.

وهناك طريقة أخرى سالمة عن الخدشات والأنظار ، ولكنّها دقيقة فعليك بالتّأمل الصّادق فيها ؛ لتُخرجك عن وَرطة الضّلال إلى ذُروة الكمال .

ولا بدّ من تمهيد مقدمة قبل الشّروع فی المقصود وهوما قال الأطِبَّاء المتقدّمون: إنّ فی الجسم قوی ثلاثاً : قوّة طبعية وهی فی الصدر ،وقوّة حيوانية وهی فی القلب، وقوّة نفسانية وهی فی الدِماغ ، ومدار الحسّ والحركة لِسَائِرِ الأعضاء هی هذه القوّة .

ثُمّ القوّة النّفسانية على قسمين : قوّة محركة ، وقوّة مدركة ثُمّ المحرّكة على قسمين :قوّة باعثة،وقوّة فاعلة والقوّة المدركة على قسمين:قوّة مدركة ظاهرة ،و قوّة مدركة باطنة .

....

معلوم ہونے کی صلاحیت کون رکھتا ہے؟ معلوم ہونے کی شرط یہ ہے کہ شی معلوم موجود بالفعل ہو (یہ شرط عند الحکما ہے ورنہ متکلمین تعلق علم بالمعدوم جائز قرار دیتے ہیں)اورذات مجردہ (یعنی عالم) کے ہاں حاضر ہو کیونکہ جب تک معلوم عالم کے سامنے نہ ہوتو وہ تحت العلم نہیں آ سکتا۔

والآن نبدأ في المقصود الأصلي ، وهو بيان كيفيّة حُصول علمِنا بالأشياءِ الغيرِ الموجودة عندَ النَّفس النّاطقة ،فأقول: إنّ اللّه سبحانه وتعالى خلقَ الدماغ ذابطن مُنقسم إلى ثلثة تجاويف: أوسعها التجويف المقدّم الذى يَلِي الناصية ، ثمّ التجويف المؤخر الذى يلى القفاء ، وأضيقُها التجويف الأوسط ، وقد خُلق فى هذه التَجاويف خمس حواسّ :

١ – الحس المشترك : في مُقدّم التجويف الأوّل يُرتسم فيه جميعُ مدركات الحواس الظاهرة ما دام المدرَكات حاضرة عندها ، فصورة القمر عند رويته منقوشة فى الحسّ المشترك ، وكذا الصّوت عند سمعه فهو كحَوْضٍ يقع فيه خمسةُ أنهار .

....

آمدم برسرمطلب: سابقہ بحث سے ثابت ہوا کہ نفس ناطقہ انسانی عالم ہوسکتی ہے، اب بات یہ ہے کہ نفس ناطقہ کا علم اشیاء پر کس طرح آتا ہے، تو ہم کہتے ہیں کہ نفس ناطقہ کا علم اپنے نفس اور صفات پر علم حضوری ہے؛ کیونکہ خود اس کا نفس اور صفات اس کے ہاں حاضر ہے اور جو چیز حاضر عند العالم ہوتو اس پر عالم کا علم ہوگا۔ البتہ جو اشیا نفس ناطقہ کے ہاں موجود نہیں، ان پر نفس ناطقہ کا علم کس طرح حاصل ہوگا۔ اب اس کا ایک طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ نفس ناطقہ جسم سے نکل جائے اور اس شے کے ساتھ جس پر وہ علم لانا چاہتی ہے متصل اور چمٹ جائے تاکہ وہ شے اس کے ہاں حاضر ہو کر معلوم ہو جائے۔ لیکن یہ درست نہیں ہے اس وجہ سے کہ نفس ناطقہ جب بھی بدن سے نکلتی ہے تو وہ یا علیین جاتی ہے یا سجین۔ دوسرا طریقہ یہ ہے: کہ شے معلوم جسم کے اندر داخل ہو جائے اور نفس ناطقہ کے ہاں حاضر ہو کر معلوم ہو جائے لیکن اس طریقے کا بطلان تو اظہر من الشمس ہے کیونکہ بڑے اشیا پہاڑ زمین وغیرہ بلکہ چھوٹے اشیا بھی جسم میں داخل نہیں ہوسکتے، ورنہ جسم انسانی پھٹ کر خراب ہو جائے گا۔

اب صحیح اور درست طریقہ کیا ہے تو آئیے اور اس کے بیان کرنے سے پہلے ایک تمہید سنیئے تاکہ آپ علی وجہ البصیرہ یہ جان سکیں کہ ہمارا علم اشیا پر کس طرح حاصل ہوتا ہے۔

تمہید: متقدمین اطباء یونان جسم میں تین قوتیں مانتے ہیں ا۔ قوت طبعی جو جگر میں ہوتی ہے ۲۔ قوت حیوانی جو دل میں ہوتی ہے ۳۔ قوت نفسانی جو دماغ میں ہوتی ہے۔ قوت نفسانی وہ قوت ہے جس سے جسم کے تمام اعضا میں حس وحرکت پیدا ہوتی ہے، اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ قوت محرکہ ۲۔ قوت مدرکہ۔ قوت محرکہ کی پھر دو قسمیں ہیں (۱) باعثہ (۲) قوت فاعلہ، اور قوت مدرکہ کی بھی دو قسمیں ہیں: (۱) قوت مدرکہ ظاہرہ اور قوت مدرکہ باطنہ۔ قوت مدرکہ ظاہرہ کی پانچ قسمیں ہیں جن کو حواس خمسہ ظاہرہ کہتے ہیں۔ قوت مدرکہ باطنہ کی بھی پانچ قسمیں ہیں: جن کو حواس باطنہ کہتے ہیں جیسا کہ نقشہ میں مذکور ہیں۔

اس تمہید کے ذھن نشین کرنے کے بعد یہ جان لیں کہ حواس خمسہ ظاہرہ تمام بیرونی محسوسات کو حواس خمسہ باطنہ تک پہنچاتے ہیں۔ چنانچہ حواس خمسہ ظاہرہ کی تمام محسوسات کو پہلے حس مشترک ادراک کرتی ہے اور پھر وہ ان کو اپنے خزانہ (خیال) کے سپرد کر دیتی ہے جو ان کو محفوظ رکھتا ہے تاکہ وقت ضرورت یاد آسکیں۔ چنانچہ اسی وقت خیال سے وہ باتیں یاد آتی ہیں جن کا تعلق حواس ظاہرہ سے ہوتا ہے جن کو اصطلاح میں صور کہتے ہیں پھر قوت واہمہ ان صور محسوسہ سے معانی جزئیہ کا ادراک کرتی ہے۔ مثلاً کسی کو دوست اور کسی کو دشمن سمجھنا اسی قوت کا کام ہے، پھر قوت واہمہ کے ادراک کردہ معانی کو قوت حافظہ محفوظ کرتی ہے اور اس طریقہ سے ہم کو علم حاصل ہوتا ہے۔

٢ – الخيال: فی مؤخر التجويف الأوّل يحفَظُ مدركاتِ الحِسّ المُشترك فهو كالخِزَانَة لها ، فإنك إذا أبصرت زيدا فمادام زيدٌ حاضراً عندك فصورته مرتسمة فی الحس المشترك ، وإذا غاب تمثل فی الخيال ، وبهذه الحاسة يُعرف زيدٌ إذا عَاد بعدغَيبُوبته .

٣– الوهم: فی مؤخّر التجويف الأوسط يُدرَكُ بها المعانی الجزئية ، والمعانی: ما لا يُدرك بالحواس الظاهرة مع وُجودها فی المحسوسات كإدراكناشَجاعة زيد ، وبخل عمرو ، وقال بعضُ المحققين: هذه القوّة غالبة علی القُوی بل علی العقل أيضاً ، ولذا يَتَوَحّشُ أحدُناعن الميّتِ، وإنْ حكم العقل بأنّه لَا مخافة عنه "

٤– الحافظة:فی التجويف المؤخر تحفَظُ المعانی الجزئية الّتی تُدرِكها الوهمُ، فهی خِزانَة الوهم.

٥– المتصرفة : فیْ مقدّم التجويف الأوسط ، ومن شانها تركيب الصُّوَرِ والمعانی، وفصلِ بعضِها عن بعض . فالحاصلُ أنّا نعلمُ الأشياءَ الغير الحاضرة عند النّفس النّاطقة بالحواسِ الباطنة باستعانةِ الحواس الظاهرة كما عرفت .

السوال : حرّروا نِزَاعَ المتكلّمين والحكماء فی إثبات الحواس الباطنة وَنَفْيِهَا ، وأیّ شیء سبب نزاعهم ، ثمّ أوضحوا الحواس الظاهرة بطريق الاختصار ؟

الجواب : اعلم: أنّ هذا السوال والجواب مثل السابق غير مقصود فی هذا المقام ، لكن أذكره لكشف المقام ولاضطراب الذهن من التّحقيق السابق فأقول : بعد اتفاق أهلِ العقل والنقل علی الحواس الظاهرة اختلفوا فی الباطنة ، فالحكماء يُثبتونها، ولكن لمّا كان إثباتها موقوفاً علی القواعد الغير الإسلامية أنكرها المتكلمون واكتفوا بالظاهرة ، وذهب المتأخرون من المتكلّمين إلی إثباتها ، ولكن لم يُلاحظوا فی إثباتها القواعد المخالفة لأصول الإسلام .

....

حواس کی تھوڑی سی وضاحت: حواس دوقسم پر ہے ظاہرہ اور باطنہ ۔حواس ظاہرہ کے اثبات پر متکلمین اور حکماء متفق ہیں البتہ حواس باطنہ حکماء ثابت کرتے ہیں لیکن متکلمین اس کا انکار کرتے ہیں اس وجہ سے کہ جن دلائل سے فلاسفہ انکا اثبات کرتے ہیں وہ دلائل اسلامی اصول وقواعد سے ٹکراتے ہیں۔ مگر محققین متکلمین حواس باطنہ مانتے ہیں البتہ حکماء کے ان دلائل کو جو اسلامی اصول وقواعد کے موافق نہیں، رد کرتے ہیں۔

حواس باطنہ: تفصیل مقام یہ ہے کہ اولاً دماغ کے تین خانے ہیں ایک دماغ کے مقدم میں ہے جو بشکل مثلث ہے اور تینوں میں سب سے بڑا ہے اور دوسرا دماغ کے وسط میں ہے جو بشکل دائرہ ہے اور تینوں میں سب سے چھوٹا ہے اور تیسرا دماغ کے پچھلے حصہ میں ہے جو بشکل مربع ہے اول سے چھوٹا اور ثانی سے بڑا ہے۔ پھر یہ تینوں خانے دو دو حصوں میں تقسیم ہیں۔

حس مشترک: دماغ کے اگلے خانے کے اگلے حصے میں حس مشترک ہے۔ یہ قوت ان تمام صورتوں کو قبول کر لیتی ہے۔ جو حواس خمسہ ظاہرہ میں مرتسم ہوتی ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب دماغ کا اگلا حصہ موؤف ہوتا ہے تو حس مشترک کے فعل میں تغیر ہو جاتا ہے۔

☆ ملخص كلام الحكماء فى إثباتها ☆

إنّا قد نُدرك بعضَ الجزئيات لا بالحواس الظاهرة ، وقد تقرر أنّ الجزئى لا يُدرك إلّا بحاسة جِسْمانية ، فعُلِمَ أنّ مُدرِكَاتها حواس جسمانية باطنة ، وليس يُدركها النّفس لأنّها مجردة غير جسمانية .

أمّا ثبوت الحس المشترك ، فلأنّ النائم وصاحبَ السّرسام(وَرَمٌ فى حجاب الدّماغ ، تَحدُث عنه حُمّىً دائمة وتتبعها أعراض رَديئة كالسّهر واختلاط الذّهن) يَبصرُ ويَسمع ما لا وجود له فى الخارج .

وأمّا الخيال : فلأنّ الحسَّ المشترك يقبَلُ الصُورَ ، والحِفظ غير القبول ، فالحافظة حاسة أخرى هى الخيال ؛ لأنّ الواحد لا يصدر عنه إلّا الواحد بزعمهم الباطل .

وأمّا الوهم : فللقطع بأنّ شجاعة زيدمعنى شخصى غير محسوس بالحواس الظاهرة بل المحسوس آثارها ، ولا بالحِس المشترك والخيال ؛ لأنّهما لا يُحسان إلّا ما بَلَغهما من الحواس الظاهرة ، فَمُدرِكُها حَاسَّةٌ أخرى .

وأمّا الحفظ : فلأنّ الوهم قابل للمعانى فلا بُدّ لحفظها من حاسة أخرى ، إذا الحفظ غير القبول.

وأمّا المُفكّرة : فلأنّا نتصوّر إنسانا ذارَأْسَيْن وإنسانا بلا رأس وليس هذا فى الحس المشترك والخيال ؛ لأنّه ليس من المحسوسات بالحواس الظاهرة ، ولا فى الوهم والحفظ ؛ لأنّه ليس من المعانى الموجودة فى المحسوسات الظاهرة فهو موجود فى حاسة أخرى .

أمّا دليل تعيين مواضعها فَلِاخْتِلَال إدراك الحاسة بآفة موضعهامن الدماغ كما عُلم من الطّب هذا ملخّص مَقالِتهم وللتّفصيل كتبُ الحكمة والطّب .

....

خیال: حواس خمسہ باطنہ میں سے دوسرا حاسہ خیال ہے،قوت خیال حس مشترک کا خزانہ ہے کیونکہ حس مشترک میں محسوسات کی صورتیں عرصہ تک باقی نہیں رہ سکتی ؛لہذا ان کے باقی اور محفوظ رکھنے کے لئے قوت خیال پیدا کی گئی ہے۔

وہم: اس قوت کو کہتے ہیں جو دماغ کے بطن اوسط کے آخری حصہ میں پیدا کی گئی ہے جومحسوسات کے معانی جزئیہ کا ادراک کرتی ہے اور اپنے ادراک کے مطابق حکم لگاتی ہے اور تمام قوی جسمانیہ پر مسلط ہے۔ بلکہ کبھی عقل کو بھی مغلوب ومجبور کر کے غیر محسوس پر محسوس کا حکم لگاتی ہے۔

حافظہ: ایسی قوت ہے جو دماغ کے بطن اخیر میں پیدا کی گئی ہے، جوان معانی کی محافظ ہے جن کو قوت وہمیہ ادراک کرتی ہے یا جن کا حکم کرتی ہے ۔ قوت حافظہ وہمیہ کا خزانہ ہے جس طرح خیال حس مشترک کا خزانہ ہے۔

متصرفہ: ایسی قوت ہے جو دماغ کے بطن اوسط میں پیدا کی گئی ہے جو خیال اور حافظہ کی صور اور معانی میں سے بعض کو بعض کے ساتھ جوڑتی ہے اور بعض کو بعض سے جدا کرتی ہے یعنی خزانہ خیال سے کبھی دوصورتوں کو لے کر جوڑتی ہے مثلاً انسان کی صورت کے ساتھ جناح کی صورت لیکر پردار انسان بناتی ہے اور کبھی انسان کی صورت سے سر کی صورت علیحدہ کر کے سر کٹا انسان بناتی ہے اسی طرح حافظہ سے دومعانی جزئیہ کو لے کر جوڑتی ہے مثلاً عداوت اورنفرت

☆ وضاحة الحواس الظّاهرة بطريق الاختصار ☆

السَّمْعُ : قوّة مُودَعَةٌ فی العصَبِ المفروش فی مُقَعَّرِ الصِّماخ تُدرَك بها الأصواتُ بطريق وُصول الهواءِ المتكيف بكيفيّةِ الصَّوت إلى الصِّماخ .

البَصَرُ : هی القوّة المودَعة فی العصبَتَيْنِ اللتين تَتَلاقيان ثمّ تفترقان فَتأدّيان إلى العينين ، يُدرك بها الأضواءُ ، والألوانُ ، والأشكالُ ، والمقاديرُ ، والحركاتُ .

الشَّمُ : وهی قوّةُ مودَعة فی الزّائدتين النّابتتين فی مُقدّم الدّماغ الشّبيهتين بِحُلْمتي الثّدْی ، يُدرَك بها الرّوائِحُ بطريق وُصول الهواء المتكيّف بكيفيّةِ ذی الرائحة إلى الخَيْشُوم .

الذَّوْقُ : وهو قوّة مُنبثّة فی العصَب المفروش على جِرْمِ اللّسان .

اللَّمْسُ : وهی قوّة منبثّة فی جميع الْبدن ، تُدرك بها الحرارةُ والبرودةُ ونحو ذلك (والتفصيل فی شرح العقائد وشروحه)

....

کوایک ساتھ جوڑتی ہے اور کبھی ان میں سے ایک کو دوسرے سے علیحدہ کرتی ہے اور کبھی خزانہ خیال سے بعض صور کو حافظہ کی بعض معانی کے ساتھ جوڑتی ہے مثلاً زید کے ساتھ صداقت جوڑتی ہے اور کبھی بعض صور سے بعض معانی کو جدا کرتی ہے مثلاً زید کو بلا عداوت کے تصور کرتی ہے قوت متصرفہ کے اسی قسم کے افعال ہیں اور اسی مصلحت کی وجہ سے خزانہ خیال اور قوت حافظہ کے وسط میں ودیعت کی گئی ہے تا کہ خزانہ خیال سے صور محسوسہ اور حافظہ سے معانی متوہمہ کو حاصل کر سکے۔


حواس ظاہرہ: سمع: ایک ایسی قوت ہے جو کان کے سوراخ کے باطن میں بچھے ہوئے پٹھوں میں (من جانب اللہ) رکھی ہوتی ہے اس کے ذریعہ کان کے سوراخ میں اس ہوا کے پہونچنے کے واسطے سے جو اواز کی کیفیت کے ساتھ متصف ہوتی ہے، اوازوں کا ادراک کیا جاتا ہے بایں معنی کہ اللہ تعالی اس وقت نفس میں ادراک پیدا فرما دیتے ہیں۔

بصر: ایک ایسی قوت ہے جو ان کھوکھلے پٹھوں میں رکھی ہوتی ہے جو باہم دماغ میں ملے ہوتے ہیں پھر ایک دوسرے سے جدا ہو کر دونوں آنکھوں میں پہنچتے ہیں۔ اس قوت کے ذریعہ روشنیوں، رنگوں، شکلوں، مقداروں، حرکتوں، خوبصورتی اور بدصورتی وغیرہ ایسی چیزوں کا ادراک ہوتا ہے۔

شم: ایک ایسی قوت ہے جو مقدم دماغ میں پستان کی گھنڈیوں کے مشابہ پیدا ہونے والے گوشت کے دو ٹکڑوں میں ودیعت کی ہوئی ہے جس کے ذریعہ بودار چیز کی کیفیت (بو) کے ساتھ متصف ہونے والی ہوا کے ناک کے بانسہ تک پہنچنے کے واسطے سے ہر قسم کی بو کا ادراک ہوتا ہے۔

ذوق: ایک ایسی قوت جو زبان کے اوپر بچھے ہوئے پٹھے میں ودیعت کی ہوئی ہے اس کے ذریعے کھائی جانے والی یا ذائقہ والی چیز کے ساتھ منہ کے اندر کی لعابی رطوبت کے اختلاط کرنے اور اس رطوبت کے مذکورہ پٹھے تک پہنچنے کے واسطے سے ہر قسم کے ذائقوں کا ادراک ہوتا ہے۔

لمس: ایک ایسی قوت ہے جو تمام بدن میں پھیلی ہوتی ہے اس کے ذریعہ بدن کے ساتھ مس اور اتصال کرنے کے وقت حرارت، برودت، رطوبت اور یبوست وغیرہ کا ادراک ہوتا ہے۔


جسم
قوة نفسانية
قوة طبعية
قوة حيوانية
قوة محركة
قوة مدركة
قوة باعثة
قوة فاعلة
قوة مدركة ظاهرة
قوة مدركة باطنة
سامعة
باصرة
شامة
ذائقة
لامسة
حس مشترك
حافظة
خيل
واهمة
متصرفة

السوال : لِمَ يذكر المناطقةُ فى فواتحِ كُتُبهم تحت عنوان المقدّمة تَعريفَ العلم وتقسيمَه مع أنّ هذا اشتغال بما لا يعنى ، وأيضا يلزم الخلافُ بين العنوان والمعنونِ ؛ إذا العُنوان "مقدّمة" والمُعَنْوَن للمقدّمة بيانُ الأمور الثّلاثة لا تعريفُ العلم وتقسيمُه ؟

